کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | پیر 17 شوال 1447ھ 06 اپریل 2026ء صفحات 08 | شمارہ 271

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

افغانستان سے دراندازی کی کوشش ناکام، 40 دہشتگرد ہلاک

آپریشن غضب للحق میں ہلاکتوں کی تعداد 796 ہوگئی

286 چوکیاں تباہ

2 اور 3 اپریل کی رات غلام خان سیکٹر میں سرحدی چوکی پر افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کی جانب سے حملے کی کوشش کو ناکام بنادیا گیا، 80 سے زائد دہشتگرد زخمی ہوئے، عطا تارڑ

آپریشن غضب للحق میں 81 دہشتگرد ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا، 44 افغان چوکیوں پر قبضہ کر لیا گیا، متعدد ٹینک، بکتر بند گاڑیاں، توپیں اور ڈرون تباہ کیے گئے، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے افغان طالبان رجیم کی 286 چوکیوں کو تباہ اور 44 پر قبضہ کر لیا، متعدد ٹینک، بکتر بند گاڑیاں، توپیں اور ڈرون تباہ کیے گئے ہیں وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے آپریشن غضب للحق کی تازہ ترین تفصیلات جاری کر دیں۔ وفاقی وزیر کے مطابق آپریشن غضب للحق میں اب تک 796 فتنہ الخوارج اور افغان طالبان مارے گئے اور 1043 زخمی ہوئے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان نے افغان ...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

آذربائیجان نے ایران کیلئے 200 ٹن امداد روانہ کردی

امدادی کھیپ آذربائیجان کے صدر الہام علیوف کی ہدایت پر بھیجی گئی

باکو (م ڈ) آذربائیجان نے ایران پر مسلط کردہ جنگ کے درمیان ایران کے لیے انسانی امداد کی ایک اور کھیپ روانہ کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 200 ٹن امدادی پیکج میں 190 ٹن غذائی مصنوعات ...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

عراق میں مزاحمتی گروپ کے امریکی اڈوں پر حملے

گزشتہ 24 گھنٹوں میں درجنوں ڈرونز اور راکٹوں کا استعمال کیا گیا

بغداد (م ڈ) عراق میں مزاحمتی گروپ نے دعویٰ کیا ہے انہوں نے ملک میں 24 گھنٹوں کے دوران امریکی اڈوں کے خلاف اب تک 19 آپریشن کیے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عراق میں ...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ نے ایران کا شاہکار اسپورٹس اسٹیڈیم بھی تباہ کر دیا

اسٹیڈیم کئی لحاظ سے ایرانی عوام کے لیے تاریخی اور ثقافتی حیثیت رکھتا تھا

واشنگٹن (م ڈ) امریکا اور اسرائیل نے ایران میں شہری انفراسٹرکچر کو تباہ کرکے ایران کے شاہکار اسپورٹس مراکز کو بھی نقصان پہنچانا شروع کر دیا ہے۔ روسی میڈیا کے مطابق امریکا نے ...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

پٹرولیم مصنوعات کے بعد گھی کی قیمت میں مسلسل اضافہ ریکارڈ

مختلف برانڈز کے گھی کنستر کے نرخ 7600 روپے تک پہنچ گئے

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) مارکیٹ میں مختلف برانڈز کے گھی کنستر کے نرخ 7600 روپے تک پہنچ گئے عالمی مارکیٹ کی صورت حال کے پیش نظر پٹرولیم مصنوعات کے بعد مقامی منڈی میں گھی بھی مسلسل مہنگا ہونے لگا۔ مقامی مارکیٹ میں سو کلو گھی کنستر نرخ میں 250 روپے تک مزید ...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کی جانب سے تباہ کیا گیا امریکی ہیلی کاپٹر

مارکیٹیں اور شاپنگ سینٹرز رات 8، شادی ہالز و ریسٹورنٹ 10 بجے بند کرنیکا نوٹیفکیشن جاری

دواخانے، تندور پابندی سے مستثنیٰ، شادی ہالز اور ہوٹلوں میں تقاریب رات 10 بجے ختم کرنے کی سخت ہدایت

بلوچستان میں گرانفروشی کیخلاف خصوصی اقدامات کا آغاز، شکایات کے اندراج کیلئے ہیلپ لائن 1129 قائم

ٹارگیٹڈ سبسڈی پروگرام کا آغاز کر دیا، پیٹرول کی فروخت میں ناجائز منافع خوری کیخلاف کارروائی ہوگی، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان نے توانائی کے تحفظ اور عوام کو مہنگائی کے اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے اہم اقدامات پر عمل درآمد کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت گزشتہ روز ہونے والے اجلاس کے فیصلوں کی ...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف سیکورٹی فورسز کارروائی میں مصروف ہیں

ایندھن کے مناسب ذخائر موجود، عوامی ریلیف کے اقدامات کر رہے ہیں، وزیراعظم

مسافر بسوں کیلئے ایک لاکھ روپے ماہانہ سبسڈی فراہم کی جارہی، رقوم ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے فراہم کر رہے ہیں، شہباز شریف

اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں اضافہ روکنے کے لیے ٹرکوں کو 70 ہزار روپے ماہانہ سبسڈی دی جا رہی ہے، اجلاس میں بریفنگ

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ ملکی ضروریات پوری کرنے کے لیے ایندھن کے مناسب ذخائر موجود ہیں اور حکومت عوامی ریلیف کے اقدامات کر رہی ہے۔ وزیراعظم کی زیرصدارت پیٹرولیم مصنوعات پر سبسڈی کے نفاذ پر پیشرفت کا جائزہ اجلاس ہوا جس میں وفاقی وزراء اور متعلقہ حکام شریک ہوئے۔ اسمبلی جنٹس بیورو نے حکومتی کفایت شعاری اور سادگی اقدامات کے نفاذ پر ...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی صدر کا تہران پر حملے میں متعدد ایرانی فوجی کمانڈرز کی ہلاکت کا دعویٰ، ویڈیو شیئر کر دی، اسلامی جمہوری ایران کو شکست دینے کا وہم پہلے ہی دلدل میں تبدیل کیا جا چکا، پورا خطہ امریکہ کیلئے دوزخ بنا دیں گے، پاسداران انقلاب

متحدہ عرب امارات، ایران جنگ میں شامل، امریکی آپریشن میں 4 جہاز اور ایک ہیلی کاپٹر تباہ، پائلٹ کو بچا لیا

منگل سے ایران کی سول و فوجی تنصیبات تباہ کرنے کی ٹرمپ کی آخری وارننگ

امریکی فوج نے تاریخ کے سب سے بڑے سرچ اینڈ ریسکیو آپریشنز میں سے ایک انجام دیتے ہوئے ایک بہادر آفیسر کو بازیاب کرایا، ہم کبھی کسی امریکی سپاہی کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے، امریکی صدر

دونوں آپریشنز بغیر کسی امریکی کی ہلاکت یا زخمی ہوئے بغیر مکمل کیے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم نے ایرانی فضاؤں پر مکمل فضائی برتری حاصل کر لی ہے، ٹرمپ کا سوشل میڈیا پر بیان

کویت پر حملوں سے بجلی اور پانی کے دو بڑے پلانٹس متاثر، امریکی اور اسرائیلی حملوں میں ماہشہر پیٹروکیمیکل زون میں 5 افراد جاں بحق، ایران نے امریکہ کی ڈیڈ لائن مسترد کر دی

ایران اور اتحادیوں کے میزائل حملے جاری، تل ابیب اور دیگر علاقوں میں متعدد افراد زخمی، ایران کی آبنائے ہرمز کے بعد آبنائے باب المندب میں جہازوں کی آمدورفت بند کرنے کی دھمکی

تہران، واشنگٹن، تل ابیب (م ڈ) امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر جاری حملوں کے 37 ویں روز صورتحال مزید پیچیدہ اور کشیدہ ہوگئی ہے، جبکہ مختلف محاذوں پر اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی صدر ٹرمپ ...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل کی ایران میں توانائی تنصیبات پر حملے کی تیاری

تل ابیب (م ڈ) اسرائیل نے ایران میں توانائی تنصیبات پر حملے کی تیاری مکمل کر لی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کا بتانا ہے کہ اسرائیلی سیکیورٹی ذرائع کے مطابق اسرائیل امریکا سے حتمی منظوری کا انتظار کر رہا ہے اور توانائی تنصیبات پر حملہ اگلے ہفتے کے اوائل میں کرنے کا منصوبہ ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی فوج نے لبنان اور شام کے درمیان سرحدی گزرگاہ پر حملے ...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز گورایا اور حمزہ شفقات پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ایران نے عراقی جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت دیدی

تہران (م ڈ) ایران نے اعلان کیا ہے کہ عراقی جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی مکمل اجازت ہوگی اور ایران کو کسی قسم کی پابندی عائد نہیں کی جائے گی، جبکہ دیگر ممالک کے لیے کنٹرول برقرار رہے گا۔ ایرانی ...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل میں سیکڑوں افراد ایران جنگ کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے

نیتن یاہو کے خلاف نعرے لگاتے مظاہرین تل ابیب کے مرکزی چوک پر جمع ہوگئے

تل ابیب (م ڈ) تل ابیب میں سیکڑوں افراد ایران جنگ کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے۔ خبر ایجنسی کے مطابق عوامی اجتماع پر پابندی کے باوجود سیکڑوں افراد ریلی میں شریک ہوئے۔ خبر ایجنسی کا کہنا ہے کہ نیتن یاہو کے خلاف نعرے لگاتے مظاہرین ...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں ہونیوالی دہشتگردی میں افغانستان ملوث ہے، میر ضیاء لانگو

دہشت گردی میں ملوث افغان طالبان جنگجو حبیب اللہ کو اس کے 2 ساتھیوں سمیت گرفتار کیا ہے، صوبائی وزیر داخلہ

افغان حکومت سے کہتے ہیں ہم جنگ نہیں چاہتے، جو پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھے گا اسے بھرپور جواب دیا جائے گا

افغان مہاجرین کو اپنے ملک جانا ہوگا جو واپس نہیں جائے گا اسے زبردستی واپس بھیجیں گے، اعلیٰ حکام کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ وقبائلی امور حمزہ شفقات، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز احمد گورایہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردی میں افغانستان ملوث ہے اور دہشت گردی میں ملوث افغان طالبان جنگجو حبیب اللہ کو اس کے 2 ساتھیوں سمیت گرفتار کیا ہے امن کی بحالی کو یقینی بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے کاشت کی گئی پوست کی فصل کو تلف کیا گیا ہے اور افغان مہاجرین کو اپنے ملک جانا ہوگا جو واپس نہیں جائے گا اسے زبردستی واپس بھیجیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سنڈے آڈیٹوریم سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو ...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

بہت بڑا سرمایہ پاکستان واپس آنے والا ہے، قیصر شیخ

جنگ ختم ہوتے ہی عالمی حالات اور معیشت تیزی سے بہتری کی طرف گامزن ہوں گے

ترقیاتی پروگرام کے فنڈز میں سے 100 ارب روپے مجبوراً کم کرنا پڑے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ نے دعویٰ کیا ہے کہ آئندہ 15 دنوں میں بہت بڑا سرمایہ پاکستان واپس آنے والا ہے، جس سے ملکی معیشت کو استحکام ملے گا۔ ایک انٹرویو میں قیصر احمد شیخ نے کہا کہ دنیا اس وقت شدید بحران کی زد میں ہے اور جاری جنگ اب اپنے آخری مرحلے میں داخل ہو چکی ہے۔ انہوں ...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی کمپنی نے سیٹلائٹ تصاویر پر مکمل پابندی لگادی

فیصلہ امریکی حکومت کی درخواست پر کیا گیا، کمپنی کی صارفین کو ای میل

واشنگٹن (م ڈ) امریکی سیٹلائٹ امیجری فراہم کرنے والی کمپنی پلانٹ لیبز نے ایران سے متعلق جنگی تصاویر جاری کرنے پر غیر معینہ مدت کے لیے پابندی لگانے کا اعلان کر دیا ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسیوں کے مطابق کمپنی نے اپنے صارفین کو بھیجے گئے ایک ...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

حمیدہ سلیمانی کی کمانڈر قاسم سلیمانی کی بھانجی ہونے کی تردید

ایک روز پہلے گرین کارڈ منسوخ کر کے گرفتار کر لیا گیا تھا، حکام وزارت خارجہ

تہران (م ڈ) ایران نے امریکا میں گرفتار حمیدہ سلیمانی کی شہید کمانڈر قاسم سلیمانی کی بھانجی ہونے کی تردید کی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی ...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کو مثالی صوبہ بنانے کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لا رہے ہیں، جعفر مندوخیل

افواج پاکستان اور وفاقی حکومت کی مشترکہ حکمت عملی سے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، گورنر بلوچستان

تعلیم صحت پینے کے صاف پانی رابطہ سڑکوں جیسے منصوبوں کی تکمیل آخری مراحل میں ہے، بات چیت

سبی (آئی این پی) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کی ترجمانی کرتے ہوئے بلوچستان کو مثالی و ماڈل صوبہ بنانے کے لئے تمام وسائل کو بروئے کار لا رہے ہیں افواج پاکستان، وفاقی حکومت کی مشترکہ حکمت عملی سے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے جس کے ثمرات سے عوام کا معیار زندگی بہتر ہوگا تعلیم صحت پینے کے صاف پانی رابطہ سڑکوں جیسے منصوبوں عوام کا دیرینہ مطالبہ تکمیل کے آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے مسلم لیگ ن کا مقصد عوام کی خدمت ہے سابق روایات ...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کی دمشق میں یو اے ای کے سفارتخانے پر حملے کی مذمت

ایسے واقعات ویانا کنونشن کے اصولوں کو نقصان پہنچاتے ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے کہا ہے کہ دمشق میں یو اے ای سفارتخانے میں توڑ پھوڑ قابل مذمت ہے، ایسی کارروائیاں سفارتی مشن کے تقدس اور سلامتی کی خلاف ورزی ہیں۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ سفارتی مشنز کو بین الاقوامی قوانین کے تحت تحفظ حاصل ہوتا ہے، ایسے واقعات ریاستوں کے تعلقات اور ویانا کنونشن کے اصولوں کو نقصان پہنچاتے ہیں، پاکستان بین الاقوامی قوانین اور سفارتی اصولوں کے ساتھ اپنے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔ پاکستان ...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی، میر ظہور بلیدی اور حمل کلمتی ظہرانے میں شرکت کیلئے آرہے ہیں

آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کا وزیراعظم سے ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کا مطالبہ

صرف کرایوں میں اضافہ ہی کافی نہیں، ڈیزل کی قیمتوں میں بھی کمی کی جائے، خان محمود

لاہور (بیورو رپورٹ) آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن نے وزیراعظم شہباز شریف سے ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کا مطالبہ کر دیا۔ سینئر وائس چیئرمین خان زادہ خان محمود نے کہا کہ اولرانے آئل ٹینکرز کے کرایوں میں 28 فیصد اضافہ کیا ہے، صرف کرایوں میں اضافہ ہی کافی ...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ملتان، رکشے میں ایل پی جی سلنڈر پھٹنے سے 3 افراد جاں بحق

ملتان (این این آئی) ملتان میں مظفر گڑھ روڈ پر مسافر رکشے میں ایل پی جی سلنڈر پھٹنے سے آگ لگ گئی۔ ریسکیو ترجمان کے مطابق رکشے میں سوار 3 افراد جاں بحق اور 14 زخمی ہوگئے۔ ترجمان نے بتایا کہ زخمیوں کو فوری طور پر اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، لاشوں کی شناخت کا عمل جاری ہے۔ حکام کے مطابق رکشے میں سوار تمام افراد کا تعلق ایک ہی خاندان سے تھا ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: جماعت اسلامی کے زیراہتمام پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

کراچی: پولیس اہلکار احتجاج میں شامل پی ٹی آئی کارکن کو گرفتار کر کے لے جارہے ہیں

مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال، پاکستان سے مزید 39 پروازیں منسوخ

کراچی (بیورو رپورٹ) مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال کے باعث پاکستان سے اتوار کو بھی 39 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ گزشتہ 5 ہفتوں میں منسوخ پروازوں کی تعداد 3000 تک پہنچ گئی۔ کراچی سے جدہ، نجف، ابوظہبی، بحرین، شارجہ اور دبئی کی 14 پروازیں منسوخ ہوئیں۔ اسلام آباد سے مسقط، الطین، ابوظہبی، دمام اور فجیرہ کی 7 پروازیں منسوخ ...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی میں شدید بارشیں، جاں بحق افراد کی تعداد 45 ہوگئی

مجموعی طور پر 442 گھروں کو نقصان پہنچا، 382 گھر منہدم ہوئے

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبرپختونخوا میں ہونے والی بارشوں کے باعث گھروں کی چھتیں اور دیواریں گرنے سے اب تک 45 افراد جاں بحق اور 105 افراد زخمی ...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، پی ٹی آئی کارکنوں کا پٹرول کی قیمتوں پر احتجاج، کئی گرفتار

پولیس نے پریس کلب جانے والے راستوں کو کنٹینرز لگا کر سیل کر دیا

کراچی (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کے کارکن پٹرول کی قیمتوں پر احتجاج کرنے کے لئے سڑک پر آ گئے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر احتجاج کیا، کئی گرفتار ہو گئے۔ پی ٹی آئی کے کارکنوں کے پٹرول، ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے پر احتجاج کا واقعہ ...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ واندرون صوبہ بارشیں، کاریز خراسان میں چھت گرنے سے 3 بچے جاں بحق

ژوب کے نواحی علاقوں میں تیز بارش سے چھت گر گئی، 11 سالہ لڑکا 10 سالہ لڑکی اور ایک کمسن بچی زندگی کی بازی ہار گئے

کوئٹہ و بلوچستان کے مختلف علاقوں پشین، قلعہ سیف اللہ، زیارت میں وقفے وقفے سے بارشیں، آج سے شدید بارشوں کا الرٹ جاری

ژوب (آن لائن) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں تیز بارشوں اور طوفانی ہواؤں کے چلنے کا سلسلہ جاری، صوبے کے مختلف علاقوں میں چھوٹے بڑے ڈیمز میں پانی سطح بلند ہونے کی اطلاعات ہیں دوسری جانب ژوب کے علاقے کاریز خراسان میں تیز بارش اور طوفانی ہواؤں کے باعث کمرے کی چھت گرنے سے 3 بچے جاں بحق کاریز خراسان ...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

مہنگا جیٹ فیول، پی آئی اے نے تمام رعایتیں ختم کر دیں

اسٹوڈنٹس، صحافیوں، سینئر سٹیزنز سمیت مختلف شعبوں کو ملنے والے ڈسکاؤنٹس عارضی طور پر واپس

مہنگے جیٹ فیول کی وجہ سے پی آئی اے کے اخراجات میں شدید اضافہ ہوا ہے، انتظامیہ

لاہور (بیورو رپورٹ) جیٹ فیول کی قیمتوں میں اضافے کے باعث پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز نے اہم فیصلہ کرتے ہوئے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو دی جانے والی رعایتیں ختم کر دی ہیں۔ ذرائع کے مطابق پی آئی اے نے اسٹوڈنٹس، ...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافہ حکومتی پالیسی کا نتیجہ نہیں، احسن اقبال

وزیراعظم کو قیمتوں میں اضافے سے عوام کی مشکلات کا ادراک ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں یہ اضافہ کسی حکومتی پالیسی کا نتیجہ نہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کو پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے سے ...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

جب تیل کی قیمتیں کم ہوں گی عوام کو ریلیف دیا جائے گا، عطا تارڑ

دنیا میں تیل کی قیمتیں اوپر جا رہی ہیں، اس میں پاکستان کا کوئی کردار نہیں، مسیحی برادری کیلئے جو کچھ ہو سکا وہ کروں گا

پاکستان میں رہنے والے مسیحی ملک کو عظیم بنانے کے لیے خدمات انجام دے رہے ہیں، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ جب جب تیل کی قیمتیں کم ہوں گی، عوام کو ریلیف دیا جائے گا، مسیحی برادری کیلئے جو کچھ ہو سکا وہ کروں گا، ہمیشہ ہر فورم پر آواز اٹھائی کہ ہم مسیحی برادری کے حقوق کے محافظ ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے ایسٹر کے موقع پر مسیحی برادری کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی بہتری کیلئے اقدامات کے ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

حج 2026، عازمین کی پہلی پرواز 18 اپریل کو روانہ ہوگی

حاجیوں کی رہائش، کھانے پینے اور سفری سہولیات کو بہتر بنایا گیا ہے، وفاقی وزیر

پاکستانی عازمین کو ریلوے کے ذریعے تیز رفتار سفری سہولت فراہم کی جائے گی

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے ریاض پہنچ کر حج 2026 کے انتظامات سے متعلق اہم اعلان کر دیا ہے، جس کے مطابق پاکستان سے عازمین حج کی پہلی پرواز 18 اپریل کو سعودی عرب روانہ ہو کر وہاں پہنچے گی۔ ریاض آمد ...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ایسٹر کے موقع پر مسیحی برادری کی خواتین ایک دوسرے کو مبارکباد دے رہی ہیں

کوئٹہ میں منی پٹرول پمپس کیخلاف کریک ڈاؤن، 8 سیل، 10 افراد گرفتار

زائد نرخوں پر پٹرول فروخت کرنے اور شہریوں کے استحصال کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی

ضلعی افسران کا شہر کے مختلف علاقوں میں منی پمپس کا معائنہ، خلاف ورزی پر سخت کارروائی جاری رہے گی، انتظامیہ

کوئٹہ (آن لائن) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے منی پٹرول پمپس کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی محمد امیر حمزہ بلوچ نے اسپیشل مجسٹریٹ اعجاز حسین کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کیں۔ کارروائی کے دوران زائد نرخوں پر پٹرول فروخت کرنے والے 10 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کر دیا گیا، جبکہ 8 منی پٹرول پمپس کو سیل کر دیا گیا۔ ...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کے پی سے قومی امن جرگہ کے قائدین سے ملاقات

امن سب سے پہلے، اس کے بغیر ترقی و خوشحالی ممکن نہیں، سہیل آفریدی

سب ایک پیج پر ہیں اور کوشش ہے کہ ماضی جیسے حالات دوبارہ پیدا نہ ہوں

باجوڑ (م ڈ) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی نے قومی امن جرگہ کے قائدین سے ملاقات کی، جس میں ضلعے کی امن و امان کی صورتحال اور دیرپا استحکام پر تبادلہ ...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف جماعت اسلامی کا احتجاج

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر کے عوام پر مہنگائی کا بم گرا دیا، عبدالنعیم رند

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جماعت اسلامی ضلع کوئٹہ کے امیر عبدالنعیم رند کی قیادت میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف گزشتہ روز کوئٹہ پریس کلب کے سامنے ...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

ماہرین فلکیات نے عیدالاضحیٰ سے متعلق پیشگوئی کر دی

ابوظہبی (م ڈ) ماہرین فلکیات نے پیشگوئی کی ہے کہ عیدالاضحیٰ 27 مئی بروز بدھ کو ہونے کا امکان ہے۔ اماراتی میڈیا کے مطابق امارات فلکیاتی سوسائٹی کے چیئرمین ابراہیم الجروان کا کہنا ہے کہ 18 مئی کو ذوالحجہ کا پہلا دن متوقع ہے، جبکہ یوم عرفہ 26 مئی کو ہونے کا امکان ہے۔ ماہرین فلکیات کا کہنا ہے کہ ذوالحجہ کا چاند 17 مئی کو پیدا ہوگا، اور غروب ...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

ہیوسٹن میں ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے جواں سال بھتیجے کو قتل کر دیا گیا

قریبی سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے مشتبہ افراد کی شناخت کر لی گئی، حکام

ہیوسٹن (م ڈ) ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے 18 سالہ بھتیجے محمد صدیقی کو ہیوسٹن میں فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا جس نے امریکا میں پاکستانی کمیونٹی کو گہرے صدمے میں ...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

لسبیلہ، پسنی اور جھل مگسی سے 3 لاشیں برآمد، ایک کی شناخت ہوگئی

پسنی سے ملنے والی نعش کی شناخت شے حق سکنہ بلیدہ کے نام سے ہوئی جسے گولیاں مار کر قتل کیا گیا تھا

لسبیلہ سے ملنے والی گولیوں سے چھلنی نعش شناخت کیلئے ہسپتال منتقل، جھل مگسی سے بھی نعش برآمد ہوئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے مختلف علاقوں جھل مگسی، لسبیلہ اور پسنی سے 3 نامعلوم افراد کی گولیوں سے چھلنی نعشیں برآمد نعشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بلوچستان کے علاقے جھل مگسی کوزہ کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو فائرنگ کر کے قتل کیا گیا تھا اسی طرح لسبیلہ کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی گولیوں سے چھلنی نعش برآمد ہوئی جبکہ ...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

افغان شہری کی پاکستانی عسکری وسیاسی قیادت سے مدد کی اپیل

شہری نے ویڈیو پیغام میں افغانستان کے صوبہ پکتیکا کی حالت زار دکھا دی

بھوک افلاس اور غربت کے باعث ہماری زندگی بہت مشکل سے گزر رہی ہے، شہری

کوئٹہ (این این آئی) افغانستان میں طالبان کے زیر تسلط انسانی و معاشی بحران سنگین صورت اختیار کر گیا، افغان شہری نے ویڈیو پیغام میں افغانستان کے صوبہ پکتیکا کی حالت زار دکھا کر پاکستانی سیاسی اور عسکری قیادت سے مدد کی اپیل کر دی افغان شہری کے مطابق طالبان رجیم کے زیر اقتدار بھوک اور غربت کے باعث ہماری زندگی بہت مشکل ...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کا سینیٹ کے ضمنی الیکشن کے لیے 9 رکنی پارلیمانی بورڈ تشکیل

وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل آفریدی پارلیمانی بورڈ کے چیئرمین ہوں گے

بابر سلیم سواتی، اکبر ایوب خان، پارٹی چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان بورڈ میں شامل

پشاور (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف نے سینیٹ کے ضمنی الیکشن کے لیے 9 رکنی پارلیمانی بورڈ تشکیل دے دیا۔ اعلامیے کے مطابق وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا ...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

خانوزئی: موٹروے پولیس کے کیمپ پر دہشتگردوں کا حملہ ناکام

اہلکاروں کی بروقت جوابی کارروائی، دہشت گرد فرار، کوئی نقصان نہیں ہوا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) خانوزئی کے علاقے میں موٹروے پولیس کے کیمپ پر نامعلوم دہشت گردوں کے حملے کو ڈیوٹی پر موجود اہلکاروں نے بروقت جوابی کارروائی کرتے ...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی جانیں دے رہے، آپ سے مہنگا پٹرول برداشت نہیں ہو رہا، حنیف عباسی

پاکستانی آرمی چیف براہ راست امریکی صدر سے بات کرتا ہے، کیا کسی اور ملک کو یہ اعزاز حاصل ہے

4 ہفتوں میں حکومت نے عوام کو 130 ارب کی سبسڈی دی، پبلک ٹرانسپورٹ فری کر دی اور کیا کرے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ ایران کے لوگ جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں اور آپ لوگوں سے مہنگا پٹرول برداشت نہیں ہو رہا۔ 4 ہفتوں میں حکومت نے عوام کو 130 ارب روپے سبسڈی دی، پبلک ٹرانسپورٹ ...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

میرے والد کا بیرون ملک کوئی بینک اکاؤنٹ نہیں، بختاور بھٹو

ان کی ساری دولت اور اثاثے اپنے وطن میں موجود ہیں، صاحبزادی صدر مملکت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری کی بیٹی بختاور بھٹو زرداری نے اپنے والد کی کوئی بھی دولت یا اثاثے بیرون ملک ہونے کی تردید کر دی ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

پشتون قومی جرگے کا وفد 7 اپریل کو کلی کربلا پشین جائے گا

نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کی سربراہی میں قبائلی رنجش کا تصفیہ کیا جائے گا

پشتون قومی جرگہ، پشتون وطن کے طول و عرض میں قیام امن کیلئے کوشاں ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتون قومی جرگے کے کنوینر چیف آف پشتون اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز جوگیزئی کی سربراہی میں دو فریقین کے مابین تصفیے کے لیے جرگہ 7 اپریل کو کلی کربلا پشین جائے گا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ آغا سید لیاقت علی اور سید عبدالرب آغا کے بیٹوں کے درمیان جو رنجش چل رہی تھی نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کی سربراہی میں جرگہ کمیٹی جس میں سردار امجد خان ترین، سردار سید بشیر احمد شاہ، عبدالرحیم زیارتوال، عبدالقہار خان ودان سردار جیلانی خان شیرزئی، سید عبدالصمد عرف طورآغا، ڈاکٹر کوہر اعجاز خان کاکڑ، سید صلاح الدین آغا گلستان، سید علاؤالدین آغا حرم زئی، ملک نصیب اللہ ترین، عبدالحق ابدال، ملک منظور احمد اچکزئی، سید عبدالباقی آغا یارو، سید کلیم اللہ کربلا، سید حمید اللہ آغا کربلا اور کلی کیچی سید عبدالرب آغا کے گھر گئے اور ان کے بیٹوں کے ساتھ ملاقات کی اور اس ملاقات میں یہ طے پایا کہ 7 اپریل بروز منگل بوقت سہ پہر 3 بجے نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کی سربراہی میں مذکورہ رنجش کو حل کرنے کے لیے مرکزی جرگہ سید عبدالرب آغا کے گھر کلی کربلا پشین جائے گا۔

کوئٹہ کے شہری سکول داخلہ مہم کامیاب بنائیں، ڈی ای او

علاقائی معتبرین، والدین، سیاسی و سماجی شخصیات محکمہ تعلیم کا ساتھ دیں

داخلہ مہم کی کامیابی سے علاقے کی مجموعی ترقی میں مدد ملے گی، عوامی پیغام

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کوئٹہ ڈاکٹر نصیر علی شاہ نے نئے تعلیمی سال کے حوالے سے داخلے کے لیے خصوصی مہم جاری ہے جس کا مقصد ہر بچے کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنا ہے۔ انہوں ...

کوئٹہ: بلوچستان گورنر کے نرس ایسوسی ایشن آف بلوچستان کے زیر اہتمام اجلاس

کوئٹہ شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا ہے، ڈاکٹر حلیم صادق

عالیہ بارشوں نے صفائی کے دعووں کا پول کھول دیا ہے

ہمیں اپنی زندگیاں انبیاء کرام کے درس کے مطابق بسر کرنی چاہیے

نااہل حکمران ملک کو بحرانوں کی طرف لے جا رہے ہیں، اے کیو ایم

ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے عمران خان کی قیادت ناگزیر ہے

قیام امن کیلئے حاجی لشکری رئیسانی کی خدمات قابل تحسین ہیں، نواب مینگل

تاجر اتحاد بلوچستان (رجسٹرڈ) کا اعلامیہ

ایسٹر خوشی، امید اور نئی زندگی کی علامت ہے، پرنس مری

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست دہندگان کو ب فارم جاری کر دیے گئے

بی این پی کے رہنماؤں کا عبدالعزیز شاہوانی کے انتقال پر اظہار تعزیت

بلوچستان کے ملازمین کو ڈی آر اے سے محروم رکھنا امتیازی سلوک ہے

مشتاق قبیلے کے افراد کا سردار سردار تاج محمد مشتاق، چیف میونسپل کے حمایت کا اعلان

محمد عثمان فیاض پاکستان سینٹرل چیمبر ٹریڈ فیڈریشن بلوچستان چیپٹر کے نائب صدر منتخب

کوئٹہ: آل پاکستان ریلوے ایمپلائز ... حاجی عبدالرحمان ... و دیگر بات چیت کر رہے ہیں

قبائلی مشران نوجوانوں کو حصول علم کی جانب راغب کریں

قبائلی تنازعات کے حل کیلئے مشران کو خلوص نیت سے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

بلوچستان امن جرگہ تنازعات کے خاتمے کیلئے کوشاں ہے، لالہ یوسف خلجی

بھٹو شہید نے پاکستان کیلئے جام شہادت نوش کیا، حیات اللہ کاکڑ

انکی قربانی رائیگاں نہیں گئی، انکا نظریہ پارٹی کارکنوں کے دلوں میں زندہ ہے

بھٹو کے افکار و نظریات کو آگے بڑھانے کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے

مائن ورکرز کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں، پی ایس ایم ایل ایف

میرا بیٹا شاہ خالد گزشتہ 4 ماہ سے گھر نہیں آیا، فیض اللہ

کوئٹہ کے عوام کو بنیادی سہولیات زندگی سے محروم رکھا گیا ہے، سید شرف آغا

فارم 47 کے مسلط کردہ حکمرانوں کی بدترین کرپشن اور نااہلی عوام دشمنی کے مترادف ہے

ڈاکٹر نوراللہ موسیٰ خیل کیخلاف تادیبی کارروائی، انتقامی ہے، اے این پی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں محکمہ صحت انتظامی آفیسر ڈاکٹر نوراللہ موسیٰ خیل کے خلاف پیڈا ایکٹ کے تحت کی جانے والی کارروائی کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے اسے کھلی انتقامی کارروائی قرار دیا ہے ڈاکٹر نوراللہ موسیٰ خیل جیسے قابل، دیانت دار اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے مالک انتظامی آفیسر پورے صوبے میں نہایت کم پائے جاتے ہیں اور ان کی خدمات ہمیشہ قابل تقلید اور لائق تحسین رہی ہیں بیان میں اس امر کو اجاگر کیا کہ کورونا وبا جیسے مشکل اور نازک دور میں فاطمہ جناح چیسٹ ہسپتال میں بطور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) ڈاکٹر نوراللہ موسیٰ خیل نے انتہائی ذمہ داری، جرات اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ خدمات سرانجام دیں، ویکسینیشن مہم کے دوران ان کی کارکردگی نہ صرف مثالی رہی بلکہ انہوں نے محدود وسائل کے باوجود عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کیا بیان میں مزید کہا گیا کہ محکمہ صحت کے ایسے باصلاحیت اور ایماندار آفیسر کے خلاف اس قسم کی کارروائی نہ صرف ناانصافی ہے بلکہ یہ پورے طبی شعبے کے لیے حوصلہ شکن اقدام ہے اس سے صوبے کے دیگر ڈاکٹروں میں بے چینی اور عدم تحفظ کا احساس پیدا ہو رہا ہے جو کہ صحت کے نظام پر منفی اثر ڈال سکتا ہے عوامی نیشنل پارٹی اس اقدام کو میرٹ، دیانت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے خلاف قرار دیتے ہوئے مطالبہ کرتی ہے کہ ڈاکٹر نوراللہ موسیٰ خیل کے خلاف کی گئی اس انتقامی کارروائی کو فوری طور پر واپس لیا جائے ...

محکمہ اطلاعات بلوچستان میں تقرر و تبادلے

بلوچستان کو اس وقت بدترین طرز حکمرانی کا سامنا ہے، جاوید بلوچ

پشتونخوا وطن کی سیاسی قوتوں کا اتحاد وقت کی ضرورت ہے، بی این پی

حاجی عبدالغفور سومرو انتقال کر گئے



کوئٹہ شہر کیلئے جامع ٹریفک پلان ترتیب دے دیا، ایس ایس پی

نئے تعلیمی سیشن کے آغاز پر ٹریفک کو رواں رکھنے کیلئے تیاریاں مکمل کر لی ہیں

تمام غیر قانونی پارکنگ کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ٹریفک پولیس نے نئے تعلیمی سیشن کے آغاز کے موقع پر جامع ٹریفک پلان ترتیب دے دیا۔ ایس ایس پی کی ہدایت پر ایس پی صدر سرکل سید عاصم شاہ کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈی ایس پی صدر سرکل شکیل الرحمن خلجی سمیت دیگر افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسکول اوقات کے دوران ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانے کے لیے مختلف عملی اقدامات پر غور کیا گیا اور اہم فیصلے کیے گئے۔ اس موقع پر ایس پی صدر سرکل سید عاصم شاہ نے بتایا کہ پلان کے تحت سرکل کے اہم چوراہوں اور تعلیمی اداروں کے اطراف اضافی نفری تعینات کی جائے گی، جبکہ ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنے کے لیے متبادل راستوں کا استعمال یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ غیر قانونی پارکنگ کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ اسکول انتظامیہ کے ساتھ قریبی رابطہ رکھا جائے گا تاکہ طلبہ کے پک اینڈ ڈراپ نظام کو مزید محفوظ اور موثر بنایا جا سکے۔ ایس پی صدر سرکل کا کہنا تھا کہ ٹریفک پلان کی کامیابی شہریوں کے تعاون سے ہی ممکن ہے، ٹریفک کی بہتری کیلئے مشترکہ کاوشیں ناگزیر ہیں لہٰذا والدین اور ڈرائیور حضرات ٹریفک قوانین کی مکمل پاسداری کریں۔

نواں کلی روٹ پر گرین بس سروس شروع کی جائے

روزانہ ہزاروں طلباء و طالبات سمیت لاتعداد عوام مستفید ہو سکیں گے

وزیر اعلیٰ و دیگر حکام بہت بڑی آبادی کو اس سہولت سے محروم نہ رکھیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نواں کلی کے مکینوں نے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ سے مطالبہ کیا ہے کہ گرین بس سروس کے اسٹاپ کو لیاقت پارک کے بجائے نواں کلی شیخ زید ہسپتال تک توسیع دی جائے۔ اہلیان نواں کلی کے مطابق موجودہ روٹ لیاقت پارک تک محدود رہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر گرین بس کا روٹ نواں کلی تک بڑھایا جائے تو عوام کو سستی اور معیاری سفری سہولت میسر آئے گی اور ان کے روزمرہ کے مسائل میں کمی آئے گی۔ علاقہ مکینوں نے حکومت بلوچستان سے اپیل کی ہے کہ عوامی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے گرین بس سروس میں فوری توسیع کی جائے ...

کوئٹہ: بلوچستان ہائی کورٹ میں ایڈووکیٹ جنرل خطاب کر رہے ہیں

صوبائی وزیر خزانہ پر لگائے گئے الزامات بے بنیاد ہیں

شعیب نوشیروانی اور شہزاد نوشیروانی کیخلاف من گھڑت الزامات سازش ہے

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اقلیتوں کی حامی جماعت ہے

پارٹی ہمیشہ تمام اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں رہی ہے

غیر ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کرنیوالے ڈرائیور پر جرمانہ عائد

نوابزادہ جمیل اکبر کی خدمات یاد رکھی جائینگی، سید امان شاہ

سانحہ یارو کیس سیریس کرائم ونگ کے حوالے کیا جائے، عمر خان ترین

امن وامان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی غیر ملکی علماء سے ملاقات کر رہے ہیں

دین اسلام کی سربلندی کیلئے تبلیغی جماعت کے اکابرین کی گرانقدر خدمات ہیں، محسن نقوی

اسلام کی تبلیغ کیلئے سہولیات اور آسانی فراہم کرنا حکومت وقت فرض ہے اور ثواب کا کام ہے، وفاقی وزیر داخلہ

غیر ملکی اکابرین کو ویزوں کے اجراء کیلئے تعاون جاری رکھیں گے، بھارت اور بنگلہ دیش کے اکابرین سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان)۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے رائیونڈ میں عالمی تبلیغی مرکز میں تبلیغی جماعت کے اکابرین مولانا امجد فاروق، مولانا عامر، انوار غنی، امتیاز غنی، مولانا مدثر شاہین اور دیگر سے ملاقات کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھارت اور بنگلہ دیش سے آئے اکابرین سے بھی ملاقات کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے دین اسلام کی سربلندی کے لیے تبلیغی جماعت کے اکابرین کی گرانقدر خدمات کو سراہا۔ غیر ملکی اکابرین کو ویزوں کے اجراء میں بھرپور تعاون پر وزیر داخلہ محسن نقوی کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وزارت داخلہ کے بے پایاں تعاون کے باعث اس بار ویزوں کا کوئی ایشو نہیں ہوا۔ ہم سب کو آپ کی وجہ سے بہت زیادہ سہولت ملی۔ اللہ تعالیٰ آپ کو انسانیت کی خدمت کی مزید توفیق دے۔ بنگلہ دیش کے اکابرین نے وزیر داخلہ محسن نقوی کو بنگلہ دیش میں عالمی تبلیغی اجتماع میں شرکت کی دعوت دی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ ... اسلام کی تبلیغ کیلئے سہولت اور آسانی فراہم کرنا ہمارا فرض ہے اور ثواب کا کام ہے۔ دین اسلام کی تبلیغ میں تبلیغی جماعت کے اکابرین کا کردار ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ اس موقع پر امت مسلمہ کے اتحاد و اتفاق کے خاتمے اور حق و سچ کی سربلندی کے لئے دعا کرائی گئی۔ پاکستان کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور امن کے لئے بھی خصوصی دعا کی گئی۔

پشین صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو یارو کے ساتھ اپنے مرحوم عزیز کے لواحقین سے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ایسٹر محبت، امید اور امن کا عالمگیر پیغام دیتا ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ایسٹر 2026 کے پرمسرت موقع پر مسیحی برادری سے تعلق رکھنے والے اراکین پارلیمنٹ اور ملک بھر میں بسنے والی مسیحی برادری کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ ایسٹر محبت، امید اور امن کا عالمگیر پیغام دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والی مسیحی برادری ملکی ترقی اور خوشحالی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ مذہبی تہوار بین المذاہب ہم آہنگی، بھائی چارے اور باہمی احترام کے فروغ کا موثر ذریعہ ہوتے ہیں۔ ایسٹر ہمیں قربانی، درگزر اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے، جو ایک پرامن اور متوازن معاشرے کی تشکیل کے لیے ناگزیر اقدار ہیں۔

مسیحی برادری کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، شازیہ مری

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی مرکزی ... شازیہ مری ... مقدس دن امن، محبت اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کی یاد دہانی ہے، اور اس موقع پر ہم اپنی مسیحی برادری کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ شازیہ مری کا کہنا تھا کہ ایسٹر کا پیغام ہمیں رواداری، برداشت اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے، جس پر عمل کر کے ایک پرامن اور متحد معاشرہ تشکیل دیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ یہ بابرکت دن سب کے لیے خیر و برکت، خوشیوں اور سکون کا باعث ہو۔

راولپنڈی، ایسٹر کے حوالے سے موثر سیکورٹی و ٹریفک انتظامات

گرجا گھروں میں مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کی اجازت دی گئی، سی پی او

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کے مسیحی برادری کے تہوار ایسٹر کے حوالے سے موثر سیکورٹی و ٹریفک انتظامات، راولپنڈی پولیس کے 2100 سے زائد افسران و جوان ... وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے مسیحی برادری کے تہوار ایسٹر کے حوالے سے موثر سیکورٹی ... ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں، سینئر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر تمام انتظامات کی نگرانی کر رہے ہیں۔ گرجا گھروں میں مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کی اجازت دی جا رہی ہے۔ ... اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور امن و امان کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر ...

اسلام آباد ماڈل جیل کے تعمیراتی کام کی پراگریس رپورٹ کا جائزہ

جیل ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو بہترین تربیت فراہم کرنے کے احکامات

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا زیر تعمیر منصوبے کا معائنہ، حکام کی بریفنگ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا زیر تعمیر اسلام آباد ماڈل جیل کے تعمیراتی کام کی پراگریس رپورٹ کا جائزہ۔ آئی جی اسلام آباد نے ایس ایس پی پرزنز کو تعمیراتی کام جلد مکمل کرواتے ہوئے جیل ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو جدید پیشہ وارانہ تربیت کی فراہمی، بہترین سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنانے، سی سی ٹی وی کیمروں اور نگرانی کے نظام کو مزید موثر بنانے، ایمرجنسی رسپانس میکانزم کو فعال رکھنے اور اسلام آباد ماڈل جیل کے تعمیراتی کام کو جلد مکمل کروانے ... کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ایس ایس پی پرزنز کے ہمراہ ... ملک جمیل ظفر نے اے آئی جی جنرل اینڈ ڈویلپمنٹ عنایت علی شاہ اور اسٹاف کے ہمراہ ایک اہم میٹنگ منعقد کی۔ انہوں نے میٹنگ میں انتظامی امور، دفتری کارکردگی، ترقیاتی منصوبوں، استعداد کار میں بہتری اور محکمانہ معاملات کو مزید موثر بنانے سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے تمام افسران کو ہدایات جاری کیں کہ دفتری نظم و ضبط کو مزید بہتر بنایا جائے۔

محدود وسائل کے باعث صحت کے شعبے کو شدید چیلنجز کا سامنا ہے، سیکرٹری صحت

بلوچستان کے وسیع جغرافیائی حالات، رسائی کے مسائل درپیش ہیں، غیر معمولی فیصلے کرنا ہوں گے

ڈیڑھ سال کے دوران 15 سے زائد اہم اقدامات اور اصلاحات متعارف کروائی گئیں، مجیب الرحمٰن

تربت (این این آئی) سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن ... جس سے نہ صرف ڈاکٹرز کی تربیت ممکن ہوگی بلکہ عوام کو بہتر طبی سہولیات بھی میسر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو بھی تیز کیا جا رہا ہے ... کیئر کوریج محض 20 فیصد ہے جبکہ 80 فیصد آبادی اب بھی بنیادی طبی سہولیات سے محروم ہے۔ ... 1500 طبی مراکز کو سیٹلائٹ کے ذریعے براہ راست ٹیلی میڈیسن، لائیو اسٹریمنگ اور کارکردگی کی نگرانی ممکن ہو سکے گی۔ ... لاکھوں بچے اسکولوں سے باہر ہیں اور ہزاروں کلومیٹر سڑکوں کی ضرورت ہے ... 15 سے زائد اہم اقدامات اور اصلاحات متعارف کروائی گئی ہیں۔ سیکرٹری صحت نے بتایا کہ صوبے میں ڈاکٹروں کی کمی کو پورا کرنے کے لیے 600 سے 700 میڈیکل آفیسرز کو ترقی دی گئی ہے ... صوبے کا بجٹ تقریباً 550 ارب روپے ہے جبکہ بلوچستان کا کل ترقیاتی بجٹ بھی اس سے کم یعنی تقریباً 250 ارب روپے ہے ... کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان (CPSP) جیسے معتبر ادارے کی جانب سے ٹیچنگ ہسپتال تربت کے سات شعبہ ...

حکومت بلوچستان کی گوادر کے نوجوانوں کیلئے ڈیجیٹل جدت پر توجہ

محکمہ امور نوجوانان کی جانب سے 7 تا 9 اپریل 2026 کو گوادر میں تین روزہ نیشنل یوتھ سمٹ کا انعقاد کیا جائے گا

ٹیکنالوجی رجحانات، کاروباری مواقع، پائیدار ترقی بلیو اکانومی اور خواتین کے کردار و دیگر موضوعات شامل ہیں

کوئٹہ (پ ر) حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام محکمہ امور نوجوانان کی جانب سے 7 تا 9 اپریل 2026 کو گوادر میں تین روزہ نیشنل یوتھ سمٹ کا انعقاد کیا جائے گا، جس میں ملک بھر سے نوجوان مندوبین شرکت کریں گے۔ حکام کے مطابق اس سمٹ کا مقصد نوجوانوں میں قائدانہ اور فیصلہ سازی کی صلاحیتوں کو فروغ دینا، انہیں جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا اور ایک ایسا موثر پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے جہاں وہ اپنے خیالات کا تبادلہ ... کرتے ہوئے قومی ترقی میں فعال کردار ادا کر سکیں۔ اس موقع پر ماہرین تعلیم، تربیت کار اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ماہرین نوجوانوں کی رہنمائی کریں گے۔ سمٹ کے دوران اہم موضوعات پر سیشنز، مباحثے اور عملی نوعیت کی تربیتی سرگرمیاں منعقد کی جائیں گی جن میں ڈیجیٹل مہارتیں، ابھرتے ہوئے ٹیکنالوجی رجحانات، کاروباری مواقع، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے طریقے، پائیدار ترقی، بلیو اکانومی اور خواتین کے کردار کو موثر بنانے جیسے موضوعات شامل ہیں۔ ... پروگرام نمایاں خصوصیت شرکاء کے لیے گوادر کا مطالعاتی دورہ ہوگا، جہاں نوجوانوں کو بندرگاہی سرگرمیوں، سرمایہ کاری کے مواقع، جاری ترقیاتی منصوبوں اور شہر کی بڑھتی ہوئی تزویراتی اہمیت سے آگاہ کیا جائے گا۔ ... یہ اقدام نہ صرف صوبے کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے کا باعث بنے گا بلکہ نوجوانوں کو مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے اور ملکی و علاقائی ترقی، بالخصوص ساحلی و معاشی شعبوں میں فعال کردار ادا کرنے کے قابل بنانے میں بھی مددگار ثابت ہوگا۔

کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کا فوری اعلان کیا جائے، حافظ محمد ابراہیم

منتخب نمائندے اپنے علاقوں کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے کام کر سکیں

کوئٹہ (این این آئی) معروف سیاسی و سماجی شخصیت حافظ محمد ابراہیم محمد حسنی نے حکومت بلوچستان اور الیکشن کمیشن سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ڈسٹرکٹ کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کا فوری انعقاد کو یقینی بنایا جائے ... انہوں نے کہا کہ ... ہمارا مطالبہ ہے کہ حکومت ... فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کا اعلان کرے تاکہ عوام کو ان کے منتخب نمائندے اپنے علاقوں کی تعمیر و ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے کام کر سکیں۔

گوادر کے علاقے کلانچ میں مویشیوں کی بیماری کا نوٹس

ڈپٹی کمشنر گوادر نے ہنگامی بنیادوں پر موثر اقدامات کا آغاز کر دیا

گوادر (خ ن) سوشل میڈیا پر کلانچ کے علاقے میں مویشیوں میں پھیلنے والی نامعلوم بیماری سے متعلق خبروں اور عوامی شکایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے ہنگامی بنیادوں پر موثر اقدامات کا آغاز کر دیا۔ ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر محکمہ لائیو اسٹاک کی خصوصی ٹیم فوری طور پر کلانچ روانہ کی گئی، جس نے متاثرہ علاقوں کا تفصیلی دورہ کرتے ہوئے بیماری کی نوعیت کا تعین کیا۔ ٹیم کی جانب سے موقع پر ہنگامی کیمپ قائم کیا گیا، جہاں مال مویشیوں کا معائنہ کیا گیا اور فوری طبی امداد کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا۔ مزید برآں، ضروری ادویات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ مویشیوں کی ویکسینیشن بھی کی گئی ... جاری رکھی جائیں گی۔

گوادر، بارشوں سے ڈیموں میں پانی کے وسیع ذخائر جمع

56 فیصد تک سطح بلند ہوگئی، شادی کور ڈیم بھی مکمل طور پر بھر گیا، مقامی افراد

پائپ لائنز کی عدم موجودگی اور سلٹنگ کے باعث پانی ضائع ہونے کا خدشہ

گوادر (یو این اے) ضلع گوادر میں حالیہ موسلا دھار بارشوں اور سیلابی ریلوں کے نتیجے میں پسنی، اورماڑہ اور گوادر کے ڈیموں میں بڑے پیمانے پر پانی جمع ہو گیا ہے۔ محکمہ آبپاشی بلوچستان کے مطابق تمام ڈیموں میں مجموعی طور پر 1 لاکھ 7 ہزار 658 ایکڑ فٹ پانی ذخیرہ ہو چکا ہے جبکہ ڈیموں کی کل ذخیرہ گنجائش 1 لاکھ 92 ہزار 149 ایکڑ فٹ ہے، جس کے مطابق تمام ڈیمز تقریباً 56 فیصد پانی سے بھر چکے ہیں ... جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق پسنی کا شادی کور ڈیم مکمل 37 ہزار ایکڑ فٹ بھر چکا ہے ... 1 ہزار ایکڑ فٹ کا اضافہ ہوا ہے ... 24 ہزار ایکڑ فٹ پانی موجود ہے ... 17 ہزار 150 ایکڑ فٹ پانی جمع ہے ... 9 ہزار 500 ایکڑ فٹ ... 8 ہزار 850 ایکڑ فٹ پانی موجود ہے ... 6 ہزار 500 ایکڑ فٹ پانی جمع ہو چکا ہے اور پسنی کے شنزانی ڈیم میں 2 ہزار 600 ایکڑ فٹ پانی ہے۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی سمارٹ لاک ڈاؤن کے حوالے سے انجمن تاجران موبائل ایسوسی ایشن اور ڈیپارٹمنٹل سٹورز کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ٹرانسپورٹرز کرائے بڑھانے پر مجبور ہوئے، ظاہر شاہ کاکڑ

عوام سے معذرت، مگر خسارے کا کاروبار مزید ممکن نہیں ہے، بات چیت

کوئٹہ (این این) پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات اور معروف ٹرانسپورٹر ظاہر شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اور غیر معمولی اضافے کے باعث ٹرانسپورٹرز کو کرایوں میں 40 فیصد تک اضافہ کرنا پڑا ہے، جو کہ ایک ناگزیر اقدام تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ کوئٹہ، پشین اور لورالائی سے پنجاب اور خیبر پختونخوا جانے والی بسوں اور کوچز کے اخراجات اس قدر بڑھ چکے ہیں کہ پرانے کرایوں پر سروس جاری رکھنا ممکن نہیں رہا تھا۔ ... ظاہر شاہ کاکڑ نے عوام سے دلی معذرت کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس فیصلے سے ہونے والی تکلیف کو سمجھتے ہیں، تاہم ٹرانسپورٹرز مزید خسارے کا بوجھ برداشت کرنے کی سکت نہیں رکھتے۔ ... انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فوری کمی کی جائے ... پٹرول، ڈیزل، اسپیئر پارٹس اور دیگر اخراجات میں ہوشربا اضافے نے انہیں یہ قدم اٹھانے پر مجبور ...

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہرنائی محمد سلیم ترین اور فوکل پرسن برائے صوبائی وزیر خوراک بازمحمد خان دومڑ زیر تعمیر پل کے کام کا جائزہ لے رہے ہیں

بلوچستان میں ایرانی پٹرول نایاب ہونا اداروں کی نااہلی ہے، ملک سکندر ایڈووکیٹ

پٹرول 130 روپے لیٹر مہنگا کر کے 80 روپے کم کرنا محض طفل تسلی اور اونٹ کے منہ میں زیرہ کے مترادف ہے

حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے خوف اور دباؤ کے ذریعے انہیں مہنگائی برداشت کرنے پر مجبور کرنا چاہتی ہے

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری سابق اسپیکر اسمبلی ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ ردوبدل کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ پٹرول 130 روپے مہنگا کر کے 80 روپے کم کرنا محض طفل تسلی اور اونٹ کے منہ میں زیرہ کے مترادف ہے۔ سبسڈی دینے کی بجائے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کیا جائے کیونکہ سبسڈی کی نام پر ایک بار پھر مافیا کی نذر ہو گئے حکومت عوام کے ساتھ سنگین مذاق بند کرے اور فوری طور پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں پرانی سطح پر بحال کرے۔ ... پٹرول کا نایاب ہونا پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے ... جب تک وفاقی سطح پر عملی اقدامات کرتے ہوئے قیمتوں کو پرانی سطح پر بحال نہیں کیا جاتا اس وقت تک عوام کو حقیقی ریلیف نہیں مل سکتا۔

رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ گورنر سندھ نہال ہاشمی سے ملاقات کر رہے ہیں

پنجاب کو منشیات سے پاک کرنا حکومت کی پہلی ترجیح ہے، عظمیٰ بخاری

لاہور (آن لائن) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب کو منشیات سے پاک کرنا مریم نواز حکومت کی پہلی ترجیح ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری سے سری لنکا کے اعزازی قونصل جنرل یاسین جوئیہ نے ملاقات کی ہے۔ ملاقات میں پنجاب اور سری لنکا کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ ملاقات میں انسداد منشیات اور منشیات کے عادی افراد کے علاج معالجے کے پروگرام پر گفتگو بھی کی گئی۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب حکومت کا منشیات فروشوں کے حوالے سے موقف بہت کلیئر ہے ... اس حوالے سے سماجی تنظیم ڈرگ ایڈوائزری ٹریننگ حب کا رول بھی قابل تعریف ہے ...

مسلح افراد کی فائرنگ سے احتشام گجر کا قتل دہشتگردی ہے، زرک مندوخیل

حکومت خاموش نہیں بیٹھے گی دہشت گردوں کے خلاف آخری حد تک جائیں گے

ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں ضرور لائیں گے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بازار تھانے کی حدود میں مسلح افراد کی فائرنگ سے احتشام گجر کا قتل انتہائی دلخراش اور افسوسناک ہے۔ حکومت اس سلسلے میں ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں ضرور لائیں گے ... اور ایک دلخراش واقعہ ہے اس واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے کیونکہ اس طرح واقعات سے دہشت گردی میں مزید اضافہ ہوگا لیکن حکومت اس طرح واقعات پر خاموش نہیں بیٹھے گی ... انہوں نے لواحقین کو یقین دہانی کراتے ہیں کہ ہم ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں ...

لسبیلہ میں غیر قانونی ماہی گیری عروج پر پہنچ گئی

سمندری خزانے سندھ کراچی کے ٹرالرز مافیا لٹیروں کے حوالے

مقامی ماہی گیر اپنی چھوٹی کشتیوں کیساتھ خالی ہاتھ واپس آنے پر مجبور

وندر (یو این اے) لسبیلہ، کنڈ ملیر کے ساحل پر سندھ کراچی کے ممنوعہ جال کے ذریعے ٹرالرز کی یلغار، غیر قانونی ماہی گیری عروج پر پہنچ گئی۔ ... محکمہ فشریز لسبیلہ کے افسران کی مبینہ ملی بھگت چھوٹے ماہی گیر نان شبینہ سے محروم ... مقامی ماہی گیر اپنی چھوٹی کشتیوں کے ساتھ خالی ہاتھ واپس آنے پر مجبور ہیں ...

عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر طاہر بلوچ

نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق صحت کے شعبے میں انقلابی بہتری اور عوام کو معیاری طبی سہولیات ان کی دہلیز تک فراہم کرنے کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر بلوچ نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال جیوانی کا تفصیلی اور جامع دورہ کیا۔ ... ہسپتال کو جدید الٹرا ساؤنڈ مشین فراہم کر دی گئی ہے، جبکہ ایمبولینس سروس کو فعال بنانے کے لیے نئے ٹائر، ایمرجنسی ادویات اور دیگر ضروری طبی آلات بھی مہیا کر دیے گئے ہیں ... اس موقع پر ڈاکٹر یاسر طاہر بلوچ نے کہا کہ صحت عامہ کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے ... تاکہ مریضوں کی تشخیص اور نگہداشت کے معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔

حکومت نے ڈیزل و پیٹرول مہنگا کر کے مہنگائی کا طوفان برپا کر دیا، رحیم کاکڑ

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی بڑھے گی یہ فیصلہ عوام کا خون چوسنے کے مترادف ہے

تمام مشکلات کا حل تحریک انصاف کے پاس عمران خان کے شکل میں موجود ہے، جمیل بوستان ایڈووکیٹ و دیگر

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے اراکین سابق میٹرو کوئٹہ رحیم کاکڑ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ ... ایڈووکیٹ عمر فاروق ... ایڈووکیٹ عبداللہ ایڈووکیٹ ڈاکٹر منصور ڈاکٹر خوشحال، ڈاکٹر رستم سردار احمد سردار بہلول خان نے اپنے بیان میں موجودہ بے ضمیر ایمان و پارٹی حکومت نے عوام پر دوبارہ ڈیزل پیٹرول مہنگا کر کے مہنگائی کا طوفان برپا کیا ہے ... مذہبی پارٹیاں، جماعت اسلامی اور جمعیت علماء اسلام فضل الرحمان صرف ڈی اپوزیشن کا کردار ادا کرنا چاہتی ہے اندر سے یہ سب الگ ہیں تحریک انصاف عوام کے ساتھ کھڑی جماعت ہے۔

میزئی اڈہ اے این پی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی سینیٹر داؤد خان اچکزئی، ملک فرید احمد خان پیر علیزئی، اصغر یار خان، و دیگر حاجی نیک محمد پیر علیزئی کی نماز جنازہ میں شریک ہیں

کاروبار رات 8 بجے بند کرنے کا حکومتی فیصلہ تاجر دشمن اقدام ہے، صدر قیوم آغا

ایسے فیصلے کیے جا رہے ہیں جو کاروباری سرگرمیوں کو مفلوج کر رہے ہیں، چیئرمین سید یاسین آغا

ایران سے آنے والے سستے پیٹرول پر پابندیاں عائد کر کے قیمت میں نمایاں اضافہ کیا گیا، نعمان کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے صدر سید عبدالقیوم آغا، چیئرمین سید یاسین آغا، نائب صدر نعمان کاکڑ، ترجمان کاشف حیدری و دیگر نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کے حالیہ فیصلوں نے تاجر برادری اور عام شہریوں کو شدید تشویش میں مبتلا کر دیا ہے، خصوصاً کوئٹہ شہر میں مارکیٹوں اور دکانوں کو رات آٹھ بجے بند کرنے کا حکم غیر منطقی اور تاجر دشمن اقدام ہے۔ یہ بات انہوں نے مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے صوبائی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ایک جانب معیشت کی بہتری کے دعوے کرتی ہے جبکہ دوسری جانب ایسے فیصلے کیے جا رہے ہیں جو کاروباری سرگرمیوں کو مفلوج کر رہے ہیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سوال کیا کہ آخر تاجر برادری کو مزید کس آزمائش میں ڈالا جا رہا ہے، پہلے ہی پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ کر کے عوام اور تاجروں کی کمر توڑ دی گئی، اس کے بعد ایران سے آنے والے سستے پیٹرول پر بھی پابندیاں عائد کر کے اس کی قیمت میں نمایاں اضافہ کر دیا گیا جس سے عوام کو ملنے والا واحد ریلیف بھی ختم ہو گیا ... پورے ملک میں کہیں بھی اس نوعیت کی پابندی نافذ نہیں، نہ خیبر پختونخوا، نہ پنجاب، نہ سندھ اور نہ ہی اسلام آباد میں اس طرح کے اقدامات کیے گئے ہیں، تو کیا بلوچستان کے لیے الگ قوانین بنائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے اپیل کی کہ وہ غیر ضروری مداخلت سے گریز کریں اور تاجروں کو تنگ نہ کریں کیونکہ تاجر برادری اور پولیس و قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان ہمیشہ مثبت تعلق رہا ہے۔

بولان میڈیکل کالج میں غیر قانونی بھرتیوں کی تحقیقات کا مطالبہ

سفارشی افراد کو نوازا گیا، اہل، غریب اور اقلیتی امیدواروں کیساتھ ناانصافی ہوئی

فوری طور پر شفاف اور غیر جانبدار انکوائری کروائی جائے، منظور شاہ، اورنگزیب و دیگر

کوئٹہ (پ ر) بولان میڈیکل کالج ورکرز ایسوسی ایشن کے صدر منظور احمد شاہ، نائب صدر اورنگزیب، احمد جان، جنرل سیکرٹری محمد حیات لہڑی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری نظام الدین، جوائنٹ سیکرٹری ظاہر دھوار، آفس سیکرٹری رشید احمد، چیئرمین ملک محمد حسین منگوئی و دیگر عہدیداران نے ... انداز کرتے ہوئے سفارشی اور من پسند افراد کو نوازا گیا، جبکہ اہل، غریب اور اقلیتی امیدواروں کے ساتھ ناانصافی کی گئی، جو کہ نہ صرف غیر قانونی بلکہ آئین و قانون کے منافی ہے۔ ... عہدیداران نے انکشاف کیا کہ مزید غیر قانونی بھرتیوں کے شواہد بھی سامنے آ رہے ہیں۔

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کا قبائلی اضلاع کیلئے 1 ہزار ارب کے پیکج کا اعلان

... سہیل آفریدی نے اعلان کیا کہ ضم اضلاع کی ترقی کے لیے ایک ہزار ارب روپے کا قبائلی پیکج لایا جا رہا ہے۔ سہیل آفریدی نے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے خطے میں امن کے قیام کے لیے قبائلی مشران کی جدوجہد کو قابل تحسین قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ امن کے بغیر ترقی اور خوشحالی ممکن نہیں، حکومت دیرپا امن کے قیام کو یقینی بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ امن اور خوشحالی کے لیے سب کو ایک پیج پر آنا ہوگا اور اس جدوجہد کو جاری رکھنا ہوگا۔ ان کا کہنا ہے کہ ضم اضلاع کی ترقی کے لیے قبائلی پیکج سے علاقے میں بنیادی سہولتوں اور ترقیاتی منصوبوں کو فروغ ملے گا۔

غیر قانونی مقیم افراد کیخلاف بڑے پیمانے پر سرچ آپریشنز جاری

2,679 افراد، 1,133 گھرانوں، 98 ہوٹلوں، 338 دکانوں کی جانچ پڑتال

مشکوک افراد اور 74 موٹر سائیکلوں کو جانچ پڑتال کیلئے تھانہ جات منتقل کیا گیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی احکامات پر جرائم پیشہ عناصر اور غیر قانونی مقیم افراد کیخلاف بڑے پیمانے پر سرچ آپریشنز جاری۔ سرچ آپریشن کے دوران 2,679 افراد، 1,133 گھرانوں، 98 ہوٹلوں، 338 دکانوں، 958 موٹر سائیکلوں اور 356 گاڑیوں کو چیک کیا گیا، جبکہ 04 افغان شہریوں سمیت 88 مشکوک افراد اور 74 موٹر سائیکلوں کو جانچ پڑتال کیلئے تھانہ جات منتقل کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومبنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس ضمن میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی سپر ویژن میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومبنگ آپریشنز کیے گئے۔ سرچ آپریشن کے دوران 2,679 افراد، 1,133 گھرانوں، 98 ہوٹلوں، 338 دکانوں، 958 موٹر سائیکلوں اور 356 گاڑیوں کو چیک کیا گیا۔

ورچوئل یونیورسٹی کے تحت ملک بھر میں آئی ٹی طلبہ کا ٹیسٹ مکمل

کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹ آئی ٹی گریجویٹس کی صلاحیتوں کا قومی سطح پر جائزہ لینا تھا

ملک میں ٹیکنالوجی پر مبنی تعلیم، ڈیجیٹل جدت کیلئے موثر اقدامات کا عزم

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) ورچوئل یونیورسٹی نے ملک بھر میں نیشنل اسکل کمپیٹنسی ٹیسٹ برائے آئی ٹی طلبہ کامیابی سے منعقد کرایا، وزیر مملکت برائے آئی ٹی محترمہ شزہ فاطمہ اور ایچ ای سی چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر نیاز کا ورچوئل یونیورسٹی کے ... ٹیلی کمیونیکیشن (MoITT)، پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ (PSEB) اور پاکستان سافٹ ویئر ہاؤسز ایسوسی ایشن (P@SHA) کے اشتراک سے مکمل کیا گیا۔ یہ معیاری کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹ پاکستان کے آئی ٹی گریجویٹس کی صلاحیتوں کا قومی سطح ... (HEC) کی ہدایات پر ملک بھر میں آئی ٹی طلبہ کے لیے نیشنل اسکل کمپیٹنسی ٹیسٹ (NSCT) کامیابی سے منعقد کر لیا۔ یہ اہم قومی اقدام وزیر اعظم کے وژن کے تحت وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی ... ٹیسٹ 4 اور 5 اپریل 2026 کو منعقد ہوا، جس میں روزانہ 4 سیشنز رکھے گئے۔ امتحانات کا آغاز صبح 9:00 بجے ہوا اور اختتام شام 6:30 بجے تک جاری رہا۔

شہریوں کا نئی شاہراہ کو ٹکتو ایونیو کا نام دینے کا خیر مقدم

کوئٹہ کی تاریخی و ثقافتی پہچان کو اجاگر کرنے کا احسن اقدام ہے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مین ایئرپورٹ روڈ سے نکلنے والی نئی شاہراہ کو "ٹکتو ایونیو" کا نام دینے کے حکومتی و انتظامی فیصلے کو عوامی حلقوں، سماجی شخصیات، قبائلی عمائدین اور شہریوں نے بھرپور انداز میں سراہا ہے۔ اس اقدام کو نہ صرف ایک سادہ نامگذاری قرار دیا جا رہا ہے بلکہ اسے ایک اہم تاریخی، جغرافیائی اور ثقافتی پہچان کو اجاگر کرنے کی سنجیدہ اور مثبت کاوش بھی سمجھا جا رہا ہے۔ عوامی نمائندوں اور شہریوں کا کہنا ہے کہ ٹکتو پہاڑ کوئٹہ شہر کی ایک قدیم اور نمایاں علامت ہے، جو صدیوں سے اس خطے کی شناخت کا حصہ چلا آ رہا ہے۔ اس پہاڑ کے دامن میں واقع اس اہم شاہراہ کو "ٹکتو ایونیو" کا نام دینا نہایت موزوں، بامعنی اور قابل ستائش فیصلہ ہے، جس سے نہ صرف علاقے کی جغرافیائی مطابقت برقرار رہتی ہے بلکہ شہریوں میں اپنی سرزمین اور تاریخ کے ساتھ وابستگی کو بھی فروغ ملتا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ماضی میں کئی شاہراہوں اور مقامات کے نام ایسے رکھے گئے جو مقامی تاریخ، ثقافت اور جغرافیہ سے ہم آہنگ نہیں تھے، جس کی وجہ سے نئی نسل اپنی اصل شناخت سے دور ہوتی چلی گئی۔ تاہم "ٹکتو ایونیو" جیسے نام اس روایت میں مثبت تبدیلی کی نشاندہی کرتے ہیں۔

اپر دیر ڈپٹی کمشنر کو سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی کو ترقیاتی سکیموں کے حوالے سے بریفنگ دی جا رہی ہے

ورچوئل یونیورسٹی کے زیر اہتمام آئی ٹی طلباء کا ملک گیر ٹیسٹ مکمل ہونے کے موقع پر تقریب میں شرکاء کا گروپ فوٹو

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

سوموار 6 اپریل 2026ء

پرائس مانیٹرنگ، مارکیٹ میں نظم و ضبط شفافیت اور عوامی ریلیف کا عزم

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی ترقی، اصلاحات و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ حکومت مارکیٹ میں نظم و ضبط، شفافیت اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے پوری طرح پرعزم ہے، قیمتوں میں استحکام صرف ایک معاشی ترجیح نہیں بلکہ یہ عوام سے ہمارا وعدہ ہے۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ کے تناظر میں قومی پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس گزشتہ روز طلب کیا گیا جس کا مقصد عوام کو غیر ضروری مالی دباؤ سے تحفظ فراہم کرنے کیلئے موثر اور فیصلہ کن اقدامات کو یقینی بنانا تھا، اجلاس میں روزمرہ زندگی کو متاثر کرنے والے تمام عوامل بشمول بنیادی اشیائے ضروریہ سے لے کر ٹرانسپورٹ کے کرایوں تک کا جامع جائزہ لیا گیا اور اس حوالے سے متعلقہ اداروں کو واضح، بروقت اور قابل عمل ہدایات جاری کی گئیں۔ ہمیں امید ہے کہ پرائس مانیٹرنگ کو یقینی بناتے ہوئے مارکیٹ میں نظم و ضبط شفافیت اور عوامی ریلیف کے عزم کو عملی طور پر منتقل کیا جائے گا۔ اس وقت ہمیں جس معاشی دباؤ اور مہنگائی کی لہر کا سامنا ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ عام آدمی کی زندگی روز بروز مشکل ہوتی جا رہی ہے اور بنیادی ضروریات تک رسائی ایک بڑا چیلنج بنتی جا رہی ہے۔ ایسے حالات میں حکومت کی جانب سے قیمتوں میں استحکام اور مارکیٹ میں نظم و ضبط قائم کرنے کے اقدامات امید کی ایک کرن ہیں۔ مہنگائی کا مسئلہ محض اعداد و شمار یا معاشی اصطلاحات کا معاملہ نہیں بلکہ یہ براہ راست عوام کے معیار زندگی سے جڑا ہوا ہے۔ جب اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بڑھتی ہیں تو سب سے زیادہ متاثر وہ طبقہ ہوتا ہے جو پہلے ہی محدود وسائل میں زندگی گزار رہا ہوتا ہے۔ حالیہ عرصے میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے نے مہنگائی کے دباؤ کو مزید بڑھا دیا ہے کیونکہ ٹرانسپورٹ کے کرایوں سے لے کر خوراک اور دیگر اشیاء تک ہر چیز کی قیمت اس سے متاثر ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت کی جانب سے قومی سطح پر قیمتوں کی نگرانی کے نظام کو فعال بنانے کا فیصلہ نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ قومی پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس طلب کرنا اور ہفتہ وار بنیادوں پر نگرانی کا نظام متعارف کرانا ایک مثبت قدم ہے۔ یہ اقدام اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ حکومت صورتحال کو وقتی نہیں بلکہ مستقل بنیادوں پر کنٹرول کرنے کے لئے سنجیدہ ہے۔ اگر اس نظام کو موثر انداز میں نافذ کیا جائے تو نہ صرف قیمتوں میں غیر ضروری اضافے کو روکا جا سکتا ہے بلکہ مارکیٹ میں شفافیت بھی یقینی بنائی جا سکتی ہے۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ مہنگائی کی ایک بڑی وجہ عالمی معاشی حالات بھی ہیں، لیکن مقامی سطح پر مصنوعی مہنگائی، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری جیسے عوامل بھی اس بحران کو شدت دیتے ہیں۔ یہی وہ پہلو ہے جہاں حکومتی رٹ اور انتظامی مشینری کا فعال ہونا بے حد ضروری ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے ذخیرہ اندوزی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کا اعلان یقیناً قابل تحسین ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ وفاقی سطح پر بنائے گئے بہترین منصوبے اس وقت تک مکمل نتائج نہیں دے سکتے جب تک صوبائی حکومتیں ان پر مکمل عملدرآمد نہ کریں۔ خاص طور پر ہمارے صوبے (بلوچستان) میں صورت احوال زیادہ غور طلب اور تشویشناک ہے یہاں مہنگائی کا مسئلہ ایک مختلف اور زیادہ پیچیدہ شکل اختیار کر چکا ہے۔ اس صوبے میں نہ صرف مہنگائی بلکہ گرانفروشی، ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ جیسے مسائل نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ دور دراز علاقوں میں اشیائے ضروریہ کی دستیابی پہلے ہی ایک بڑا مسئلہ ہے، اور جب ان پر مصنوعی مہنگائی کا بوجھ بھی ڈال دیا جائے تو عوام کے لئے زندگی گزارنا انتہائی مشکل ہو جاتا ہے۔ بلوچستان کے عوام کی مشکلات کو سمجھنا اور ان کا حل تلاش کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ یہاں پرائس کنٹرول کے نظام کو محض کاغذی کارروائی تک محدود رکھنے کے بجائے عملی میدان میں فعال بنانے کی ضرورت ہے۔ ضلعی انتظامیہ کو چاہئے کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹوں کی نگرانی کرے، سرکاری نرخ نامے نمایاں جگہوں پر آویزاں کروائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرے۔ اگر یہ اقدامات تسلسل کے ساتھ کئے جائیں تو یقیناً صورتحال میں بہتری آ سکتی ہے۔ حکومت کی جانب سے تھوک اور پرچون قیمتوں کے باقاعدہ اعلان کی ہدایت ایک اہم قدم ہے، لیکن اس پر عملدرآمد بھی انتہائی ضروری ہے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ نرخ نامے تو جاری ہو جاتے ہیں مگر مارکیٹ میں ان کی پابندی نہیں کی جاتی۔ یہ خلا عوام اور حکومت کے درمیان اعتماد کو متاثر کرتا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ نرخ ناموں پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے ایک مربوط اور موثر نظام تشکیل دیا جائے۔ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے پبلک ٹرانسپورٹ کے کرایوں کی نگرانی بھی ایک اہم پہلو ہے۔ ٹرانسپورٹ کرایوں میں بلاجواز اضافہ نہ صرف مسافروں بلکہ روزگار کے لئے سفر کرنے والے افراد پر بھی اضافی بوجھ ڈالتا ہے۔ حکومت کی جانب سے سبسڈیز کے مطابق کرایوں کے تعین کی ہدایت ایک مثبت اقدام ہے، جس کے عملی نتائج سامنے آنا ضروری ہیں۔ مہنگائی کے خلاف جنگ صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ معاشرے کے ہر فرد کو اس میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ تاجر برادری کو چاہئے کہ وہ معاشرتی ذمہ داری کا مظاہرہ کرے اور ناجائز منافع خوری سے اجتناب کرے۔ عوام کا استحصال کسی صورت نہیں ہونا چاہئے یہی انصاف ہے اگر تاجر برادری حکومت کے ساتھ تعاون کرے تو مہنگائی کے اثرات کو کافی حد تک کم کیا جا سکتا ہے۔ حکومتی اقدامات کی ستائش کے ساتھ ساتھ یہ کہنا بھی ضروری ہے کہ ان اقدامات کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانے کے لئے ایک مضبوط مانیٹرنگ اور احتسابی نظام ناگزیر ہے۔ جب تک زمینی سطح پر شفافیت اور جوابدہی کو یقینی نہیں بنایا جائے گا، تب تک بہترین پالیسیوں کے نتائج بھی محدود رہیں گے۔ اس لئے ضروری ہے کہ حکومت نہ صرف پالیسیاں بنائے بلکہ ان پر عملدرآمد کی مسلسل نگرانی بھی کرے۔ عام آدمی کے مسائل کو سمجھنا اور ان کا حل تلاش کرنا کسی بھی حکومت کی اولین ذمہ داری ہوتی ہے۔ آج ایک مزدور، ایک سرکاری ملازم، ایک دکاندار اور ایک کسان سب مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔ گھریلو بجٹ کا توازن بگڑ چکا ہے اور بچت کا تصور تقریباً ختم ہو گیا ہے۔ ایسے حالات میں حکومت کے ہر اقدام سے عوام کو امیدیں وابستہ ہیں۔ مہنگائی کے مسئلے کا حل ایک دن یا ایک فیصلے سے ممکن نہیں، بلکہ اس کے لئے مسلسل اور مربوط کوششوں کی ضرورت ہے۔ حکومت کی جانب سے ہفتہ وار مانیٹرنگ کا نظام اسی تسلسل کی ایک مثال ہے۔ اگر اس نظام کو سنجیدگی سے جاری رکھا جائے تو یہ مہنگائی پر قابو پانے اور عوام کی ریلیف میں غیر معمولی حد تک معاون و مددگار ثابت ہوگا۔

ایران کے ہاتھوں امریکہ کا جو ہو رہا ہے

اظہار خیال — ایاز امیر

آئین کی تطہیر سے ادارہ جاتی توازن تک۔۔۔ایک ادھورا مگر اہم سفر

حقائق نامہ — محمد ضرار یوسف

اپنے آپ کا ٹرمپ بنانے والے

جلسہ عام — مجیب الرحمان شامی

پاکستان کے لیے نتیجہ خیز سفارتی لمحہ

احوال عالم — جاوید حفیظ



فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کے لیے نوبل پرائز

میڈیا آئی — عبدالباسط علوی

''تحفظ اور جذبہ ایثار'' ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کا شعار

افکار زاہدی — نعیم الحق زاہدی

naseemulhaq.nuhz@gmail.com



چین کی ثالثی میں پاک افغان مذاکرات

وفاق نامہ — رشید صافی



اوستہ محمد، پیٹرولیم قیمتوں اضافے کیخلاف پی ٹی آئی کا احتجاجی مظاہرہ

سید بلاول شاہ کی قیادت میں ریلی شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب پہنچی جہاں کارکنوں نے حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی کی

حکومت عوام کو ریلیف دینے میں ناکام ہو چکی ہے اور پیٹرولیم قیمتوں میں اضافہ مہنگائی میں مسلسل اضافہ کر رہا ہے حالیہ اضافہ مشکلات کا باعث بن رہا ہے

اوستہ محمد (اے این این) اوستہ محمد میں پاکستان تحریک انصاف کے زیر اہتمام پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت نصیر آباد ڈویژن کے جنرل سیکرٹری سید بلاول شاہ نے کی، جبکہ کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی شہر کے مختلف راستوں سے گزرتی ہوئی پریس کلب کے سامنے پہنچی، جہاں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ اس موقع پر سید بلاول شاہ، علی بخش نون، افضل پٹھان، محمد پناہ جاموٹ اور ذوالفقار علی ابڑو سمیت دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ موجودہ حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے اور پیٹرول کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کر کے مہنگائی میں بے پناہ اضافہ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ اضافہ عوام خصوصاً غریب طبقے کے لیے شدید مشکلات کا باعث بن رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان کے دور میں پیٹرولیم قیمتوں پر تنقید کرنے والے موجودہ حکمران آج خود عوام پر مہنگائی کا بوجھ ڈال رہے ہیں۔ مقررین نے دعویٰ کیا کہ عمران خان ہی ملک کے حقیقی نمائندہ لیڈر ہیں۔ مظاہرین نے اوستہ محمد میں ایرانی پیٹرول کی مبینہ فروخت پر بھی تشویش کا اظہار کیا اور اعلان کیا کہ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو تحریری درخواست دی جائے گی۔ احتجاج کے دوران شرکاء نے حکومت کے خلاف نعرے بازی کی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا مطالبہ کیا۔

گوادر، اسسٹنٹ کمشنر ... ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے ہمراہ ... سرکاری اراضی پر قائم غیر قانونی تعمیرات کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے بھاری مشینری کے ذریعے تجاوزات کا خاتمہ کر رہے ہیں

حب، اسسٹنٹ کمشنر رضوان قادر کا لوہی اسکول اور بی ایچ یو کا دورہ

دورے میں بی ایچ یو میں طبی سہولیات، عملے کی حاضری اور ادویات کی دستیابی کا جائزہ لیا گیا

حب (نمائندہ مشرق) اسسٹنٹ کمشنر وریجی رضوان قادر نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول لوہی اور بیسک ہیلتھ سینٹر یونٹ لوہی کا دورہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر وریجی رضوان قادر نے لوہی میں بیسک ہیلتھ یونٹ (BHU) کا دورہ کیا دورے کے دوران انہوں نے بی ایچ یو کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا انہوں نے عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور صفائی کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا اسسٹنٹ کمشنر وریجی نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول لوہی کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے اسکول کے مختلف حصوں کا تفصیلی معائنہ کیا معائنہ کے دوران اسکول کی عمارت خستہ حالی کا شکار پائی گئی، جس پر اسسٹنٹ کمشنر نے تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے طلبہ کو بہتر اور محفوظ تعلیمی ماحول کی فراہمی کو یقینی بنانے پر زور دیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ وہ اسکول کی مرمت و تزئین و آرائش کے معاملے کو ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے سامنے پیش کریں گے تاکہ جلد از جلد ضروری اقدامات اٹھائے جا سکیں اور تعلیمی سرگرمیاں بہتر انداز میں جاری رہ سکیں انہوں نے مزید کہا کہ تعلیمی اداروں کی بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

حب پولیس کا بغیر نمبر پلیٹ گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کیخلاف کریک ڈاؤن شروع

حب (نمائندہ مشرق) حب پولیس کا بغیر نمبر پلیٹ گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کے خلاف کریک ڈاؤن متعدد موٹر سائیکلیں اور گاڑی تحویل میں لے لیا اس حوالے سے ترجمان ڈسٹرکٹ پولیس حب کے مطابق حب پولیس نے بغیر نمبر پلیٹ والی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا ہے گزشتہ روز حب پولیس نے متعدد بغیر نمبر پلیٹ موٹر سائیکلیں اور گاڑی تحویل میں لیکر مزید تحقیقات شروع کر دی ہے۔

تعزیت کا سلسلہ جاری

نصیر آباد (نامہ نگار) گزشتہ روز مچھ، بولان کے قریب پیش آنے والے افسوسناک ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے والے رند قبیلے کے افراد کے لواحقین سے مختلف سیاسی و سماجی شخصیات نے بھی جا کر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ تعزیت کرنے والوں میں سید ریاض حسین شاہ بخاری، چیئرمین ضلع کونسل صحبت پور میر مسعود خان کھوسہ، ڈھاڈر کے معروف قبائلی رہنما وڈیرہ محمد شریف کھوسہ، صحبت پور کے معروف سیاسی و سماجی رہنما حاجی میر علی احمد خان کھوسہ، صدر یونین آف جرنلسٹس نصیر آباد ڈویژن کے صدر وحتی بخش مگسی، صدر پریس کلب ڈیرہ مراد جمالی عبدالرزاق لہنگوری، سابق صدر روشن محمد زہری، گلزار وفا سمیت دیگر معززین شامل تھے۔ اس موقع پر میر حبیب رند (سابق صدر پریس کلب سبی)، میر سلیم گشکوری اور رند قبیلے کے دیگر عمائدین بھی موجود تھے۔ تعزیتی وفد نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی اور لواحقین کے ساتھ دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ واضح رہے کہ اس المناک حادثے میں رند قبیلے کا ایک نوجوان اصغر رند شہید ہوئے جبکہ ایک نوجوان زخمی ہوئے، اس کے علاوہ وہ صحافی مشتاق عزیز کھوسہ اور حوران خان جکھرانی بھی زخمیوں میں شامل تھے۔

ہرنائی، نانکس روڈ کی بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے

ہرنائی (ع ن) صوبائی حکومت کی خصوصی ہدایات اور فوکل پرسن برائے صوبائی وزیر خوراک حاجی باز محمد خان دمڑ کی کاوشوں سے ہرنائی نانکس روڈ کی بحالی کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ آج پل کے کالرز کی بھرائی کا کام زور و شور سے کیا گیا، جس کی نگرانی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہرنائی محمد سلیم ترین اور ایکسین بی اینڈ آر امین اللہ مندوخیل نے خود موقع پر موجود رہ کر کی۔ ترقیاتی کاموں کے معائنے کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد سلیم ترین اور ایکسین بی اینڈ آر امین اللہ مندوخیل سارا دن جائے وقوعہ پر موجود رہے۔ انہوں نے جاری کام کی باریک بینی سے جانچ پڑتال کی اور تعمیراتی معیار کو ہر صورت برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔ انتظامیہ کے مطابق سڑک کے اس اہم حصے کی مرمت سے آمد و رفت میں حائل رکاوٹیں دور ہو جائیں گی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد سلیم ترین نے میڈیا کو بتایا کہ برج کالرز پر کل بھی حفاظتی جال کی تنصیب کا کام جاری رہے گا

سلیم کھوسہ کی قیادت میں ترقی کا سلسلہ جاری

صوبائی وزیر کو بلوچستان بھر میں مضبوط اور متحرک عوامی رہنما سمجھا جاتا ہے

ان کی صحبت پور آمد پر دور دراز علاقوں سے لوگ جوق در جوق ملاقات کے لیے پہنچتے ہیں

ان کی ذاتی دلچسپی سے سڑکوں پلوں نکاسی آب اور تعلیمی منصوبوں میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے اپنی غیر معمولی کارکردگی عوامی خدمت کے جذبے اور مسلسل محنت کے باعث سیاست میں ایک منفرد اور باوقار مقام حاصل کر لیا ہے آج وہ نہ صرف نصیر آباد ڈویژن بلکہ پورے بلوچستان میں ایک مضبوط، متحرک اور ہر دلعزیز عوامی رہنما کے طور پر پہچانے جاتے ہیں میر سلیم احمد خان کھوسہ کی سیاست کا محور صرف اور صرف عوام ہیں جیسے ہی ان کی صحبت پور آمد کی اطلاع ملتی ہے پورے علاقے میں ایک خوشی کی لہر دوڑ جاتی ہے دور دراز علاقوں سے لوگ جوق در جوق ان سے ملاقات کے لیے پہنچتے ہیں جہاں وہ نہایت خندہ پیشانی کے ساتھ ہر فرد کو سنتے اور اس کے مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کی یقین دہانی کرواتے ہیں ان کا یہ عوامی انداز انہیں دیگر سیاسی رہنماؤں سے ممتاز بناتا ہے وہ اپنے حلقہ انتخاب صحبت پور میں سب سے زیادہ وقت گزارنے والے نمائندوں میں شمار ہوتے ہیں جو انہیں زمینی حقائق سے مکمل طور پر باخبر رکھتا ہے یہی وجہ ہے کہ وہ عوام کے مسائل کو نہ صرف بہتر انداز میں سمجھتے ہیں بلکہ ان کے حل کے لیے عملی اقدامات بھی کرتے نظر آتے ہیں عوام انہیں اپنا سچا نمائندہ اور امید کی کرن تصور کرتے ہیں ترقیاتی کاموں کے حوالے سے بھی میر سلیم احمد خان کھوسہ کی کارکردگی مثالی ہے ان کی ذاتی دلچسپی اور کاوشوں کے نتیجے میں صحبت پور اور ملحقہ علاقوں میں سڑکوں کے جال جدید پلوں کی تعمیر نکاسی آب کے موثر نظام تعلیمی اداروں کی بہتری اور دیگر بنیادی سہولیات کے متعدد منصوبے مکمل ہو چکے ہیں اس کے علاوہ کئی بڑے ترقیاتی منصوبے زیر تکمیل ہیں جو علاقے کی تقدیر بدلنے میں اہم کردار ادا کریں گے میر سلیم احمد خان کھوسہ کا وژن صرف ترقیاتی کاموں تک محدود نہیں بلکہ وہ علاقے میں پائیدار ترقی خوشحالی اور عوامی فلاح کے ایک جامع نظام کے قیام کے لیے کوشاں ہیں

گوادر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر یاسر طاہر بلوچ کا تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال جیوانی کا دورہ

عالمی بوجھ عوام پر ڈالنا ناانصافی ہے، جمعیت نوشکی

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ معاشی بدحالی کو بڑھا رہا ہے اور غریب عوام کے لیے مشکلات میں اضافہ کر رہا ہے

امریکہ اور ایران کشیدگی کو جواز بنا کر حکومت اپنی ناکام پالیسیوں کو چھپانے کی کوشش کر رہی ہے، جس سے عام آدمی کی زندگی اجیرن بن چکی ہے

حکمران قرضوں کے بوجھ تلے دب کر آئی ایم ایف کے سامنے سر جھکا چکے ہیں اور بوجھ عوام پر ڈال رہے ہیں، حکومت فوری طور پر قیمتیں کم کرے، غلام دستگیر بادینی

نوشکی (آن لائن) ایم پی اے نوشکی جمعیت علماء اسلام کے رہنما حاجی میر غلام دستگیر بادینی نے حکومت کی معاشی پالیسیوں کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی حالات اور بین الاقوامی کشیدگی کا تمام تر بوجھ غریب عوام پر ڈالنا سراسر ناانصافی اور عوام دشمن طرز حکمرانی کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت ملک کو مکمل طور پر بین الاقوامی مالیاتی ادارے آئی ایم ایف کی مرضی و منشاء کے مطابق چلا رہی ہے، جس کے نتیجے میں عام آدمی کی زندگی اجیرن بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ نہ صرف معاشی بدحالی کو مزید بڑھا رہا ہے بلکہ یہ غریب عوام کے منہ سے نوالہ چھیننے کے مترادف ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان جاری کشیدگی کو جواز بنا کر مہنگائی میں اضافہ کیا جا رہا ہے، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ حکومت اپنی ناکام معاشی پالیسیوں کو چھپانے کے لیے ایسے بہانے تراش رہی ہے۔ ایم پی اے نوشکی نے کہا کہ ملک کو قرضوں کے بوجھ تلے دبانے والے حکمران آج آئی ایم ایف کے سامنے سر تسلیم خم ہو چکے ہیں اور ہر مشکل فیصلے کا بوجھ براہ راست عوام پر منتقل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام پر مہنگائی کا بوجھ ڈال کر اسے "قومی مفاد" کا نام دینا عوام کے ساتھ ایک سنگین مذاق ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر یہی حالات برقرار رہے تو عوام میں بے چینی اور اضطراب مزید بڑھے گا، جو کسی بھی وقت شدید عوامی ردعمل کی صورت اختیار کر سکتا ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کی جائے، آئی ایم ایف کی سخت شرائط پر نظرثانی کی جائے اور عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرنے کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ غریب عوام کو مزید مشکلات سے بچایا جا سکے۔

سبی، ڈی سی کا قبرستان سے متعلق خبر کا نوٹس

سبی (ع ن) سوشل میڈیا پر سبی کے ایک قبرستان سے متعلق وائرل ہونے والی خبر کا ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے فوری نوٹس لیتے ہوئے واقعے کی تحقیقات کا حکم دیا۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر سبی منصور علی شاہ نے موقع پر تحقیقات کروائیں اور تمام صورتحال کی نگرانی کی۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ وضاحت کے مطابق قبرستان کے رکھوالے نے بتایا ہے کہ حالیہ بارشوں کے باعث زمین نرم ہونے کی وجہ سے ایک قبر کے قریب معمولی گڑھا پڑ گیا تھا، جس سے قبر کی مٹی بیٹھ گئی۔ سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی خبر حقائق کے منافی اور مبالغہ آرائی پر مبنی ہے۔ مزید برآں ضلعی انتظامیہ سبی نے واضح کیا ہے کہ متاثرہ قبر کی فوری مرمت اور بحالی کا کام جاری ہے تاکہ کسی قسم کی بے حرمتی کا تاثر ختم کیا جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ غیر مصدقہ خبروں پر یقین کرنے سے گریز کریں

رئیس فرحان جمالی کی ایس ایچ او غازی عبدالرؤف کی تعریف

بولان (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و بھی کے سینئر صحافی رئیس فرحان جمالی نے اپنے ایک بیان میں ایس ایچ او غازی عبدالرؤف جمالی کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور جرائم کے خلاف ان کی جرات مندانہ کارروائیوں کی بھرپور الفاظ میں تعریف کرتے ہیں رئیس فرحان جمالی نے کہا کہ غازی عبدالرؤف جمالی ایک نڈر اور فرض شناس ایس ایچ او ہیں جن کی مختلف مقامات پر تعیناتی سے ہمیشہ جرائم کی شرح میں واضح کمی دیکھنے میں آئی ہے انہوں نے کہا کہ غازی عبدالرؤف کی قیادت میں پولیس نے ڈاکوؤں اور چوروں کے سرغنوں کے خلاف کامیاب چھاپے مار کر اہم گرفتاریاں عمل میں لائی ہیں جس سے امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے

قلعہ سیف اللہ، ڈپٹی کمشنر ساگر کمار سے رکن صوبائی اسمبلی مولوی نور اللہ ملاقات کر رہے ہیں

حب، ایرانی پیٹرول مہنگے داموں فروخت کرنے والوں کیخلاف کارروائی

ایرانی پیٹرول فروخت کرنے والے 11 یونٹس کو ضلعی انتظامیہ نے سیل کر دیا گیا

انتظامیہ نے ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) جمعداد خان کی ہدایت پر پیٹرول پمپس کا معائنہ کیا

حب (نمائندہ مشرق) حب انتظامیہ کا ایرانی پیٹرول مہنگے داموں فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی، ایرانی پیٹرول کے 11 یونٹس سیل کر دیے گئے، ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعداد خان کی ہدایت اسسٹنٹ کمشنر حب مہیم خان کنگی کی نگرانی میں حب انتظامیہ کی ٹیموں نے مختلف مقامات کا دورہ کیا اور پیٹرول پمپس کا معائنہ کیا جہاں 280 روپے سے زائد 370 روپے فی لیٹر پیٹرول فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی اس موقع پر 11 پیٹرول پمپس کے یونٹس سیل کر دیے گئے حکام کا کہنا ہے کہ سرکاری احکامات کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی ضلعی انتظامیہ نے مزید کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے اور ناجائز منافع خوری کے خاتمے کے لیے اقدامات جاری رہیں گے۔

ایسٹر محبت، امن اور بھائی چارے کا پیغام دیتا ہے، اعجاز سنجرانی

مسیحی برادری کی تعلیم صحت اور سماجی خدمات میں نمایاں کردار ہے

موجودہ دور میں امن محبت اور ایثار کے پیغام کو اپنانا انتہائی ضروری ہے

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر نائب صدر اور سابق مشیر وزیراعلیٰ بلوچستان میر اعجاز خان سنجرانی نے مسیحی برادری کو ایسٹر کے پرمسرت موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسٹر خوشی، امید، قربانی اور انسانیت سے محبت کا پیغام دیتا ہے۔ یہ مقدس تہوار ہمیں باہمی احترام، رواداری اور بھائی چارے کو فروغ دینے کی تلقین کرتا ہے۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان ایک کثیر المذہبی اور کثیر الثقافتی معاشرہ ہے جہاں تمام مذاہب کے ماننے والوں کو اپنے عقائد کے مطابق عبادت اور تہوار منانے کی مکمل آزادی حاصل ہے۔ مسیحی برادری نے ملک کی تعمیر و ترقی، تعلیم، صحت اور سماجی خدمات کے شعبوں میں ہمیشہ قابل قدر کردار ادا کیا ہے، جسے قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ میر اعجاز خان سنجرانی نے مزید کہا کہ ایسٹر کا پیغام امن، محبت اور ایثار کا درس دیتا ہے، اور آج کے دور میں ہمیں ان اقدار کو اپنانے کی اشد ضرورت ہے تاکہ معاشرے میں ہم آہنگی اور استحکام کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے دعا کی کہ یہ دن ملک میں امن، خوشحالی اور بھائی چارے کا باعث بنے اور تمام پاکستانیوں کے لیے ترقی و کامیابی کی راہیں ہموار ہوں۔ انہوں نے آخر میں ایک بار پھر مسیحی برادری کو ایسٹر کی دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

اپر ژوب کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن حبیب الرحمن قمرانی پودا لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کے بعد دعا کر رہے ہیں

عوام راج تحریک ہی ملک میں حقیقی تبدیلی لائے گی، اقرار الحسن

اوستہ محمد میں عوام راج تحریک کا یوتھ کنونشن، نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی

اوستہ محمد (نامہ نگار) عوام راج تحریک کے زیر اہتمام نور میرج ہال اوستہ محمد میں یوتھ کنونشن کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خاص عوام راج تحریک کے سربراہ سینئر اینکر سید اقرار الحسن تھے یوتھ کنونشن سے سید اقرار الحسن نیاز حسین بلوچ خالد عمرانی ضمیر حیدر و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام راج تحریک پارٹی ملک کے نوجوانوں کے لیے بنائی گئی جس کا مقصد ملک میں عام آدمی کو اس کا حق مل سکے اس وقت ملک کی تمام سیاسی جماعتیں موروثی سیاست اور اپنے مفاد کی جنگ لڑ رہے ہیں جبکہ غریب عوام کے ساتھ ان کا کوئی حقیقی سروکار نہیں ہے 78 سال سے ملک وجود میں آیا لیکن عام آدمی کی زندگی دن بدن پیچھے ہوتی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں تبدیلی لانے اور مڈل کلاس کے طبقے کو ایوانوں تک پہنچانے کے لیے ہم سب کو ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا ہو گا اور اس وقت وہ پلیٹ فارم صرف عوام راج تحریک ہے آج یوتھ کنونشن سے واضح ظاہر ہو چکا ہے کہ ہم نے کامیابی حاصل کی ہے مقررین نے مزید کہا کہ انشاء اللہ آنے والے وقت میں عوام راج تحریک ملک کے غریب عوام کے حقوق اور مڈل کلاس طبقہ کو عوام کا حقیقی نمائندہ منتخب کرنے کے لیے بڑی تبدیلی لائے گی یوتھ کنونشن کے موقع پر نوجوانوں نے عوام راج تحریک میں باضابطہ شمولیت کا اعلان بھی کیا

نصیر آباد، حکومتی احکامات پر سختی سے عمل ہو گا، ذوالفقار کرار

نصیر آباد میں سمارٹ لاک ڈاؤن پر عملدرآمد کے لیے تاجران اور افسران کا اہم اجلاس منعقد

اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار نے کی اور متعدد انتظامی افسران شریک ہوئے

ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر سمیت اسسٹنٹ کمشنرز اور تاجران کے نمائندگان نے اجلاس میں شرکت کی

نصیر آباد (نامہ نگار) وزیراعلیٰ بلوچستان کے احکامات پر عملدرآمد کو سختی سے یقینی بنانے کے لیے ضلع نصیر آباد میں سمارٹ لاک ڈاؤن کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار کی زیر صدارت تاجران و افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر، اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ، اسسٹنٹ کمشنر یوٹی طلحہ جمالی، نادرہ نور، انجمن تاجران کے صدر تاج بلوچ، تاجران و دکانداروں کے صدر خان جان لہنگوی، ڈپٹی کمشنر کے پی اے منظور شیرازی ... شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار نے کہا کہ موجودہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے بلوچستان حکومت عملی اقدامات کر رہی ہے، اس حوالے سے ضلع نصیر آباد میں مارکیٹس رات 8 بجے بند کی جائیں گی جبکہ ہوٹل اور شادی ہال رات 10 بجے تک کھلے رہیں گے میڈیکل اسٹورز اس لاک ڈاؤن سے مستثنیٰ ہوں گے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ صوبائی حکومت کی جانب سے جاری کردہ احکامات پر من و عن عمل درآمد کیا جائے گا اور کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار متعلقہ افسران سے ملاقات کر رہے ہیں

خضدار، انٹرنیٹ بندش نے شہریوں کو اذیت میں مبتلا کر دیا

ایک سال سے زائد عرصہ انٹرنیٹ بند رہنے سے شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں اور معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں

طلبہ، فری لانسرز اور آن لائن کاروبار سے وابستہ افراد انٹرنیٹ بندش سے سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں اور مالی نقصانات بڑھ رہے ہیں

نجی انٹرنیٹ کمپنیوں نے سرکاری بندش کا فائدہ اٹھا کر کنکشن فیس اور ماہانہ پیکجز میں من مانے اضافے کر دیے ہیں، صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا

خضدار (آن لائن) خضدار میں گزشتہ ایک سال سے زائد عرصے سے انٹرنیٹ سروس کی بندش کے باعث شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ متبادل کے طور پر سامنے آنے والی نجی انٹرنیٹ فراہم کرنے والی کمپنیوں نے سہولت دینے کے بجائے عوام کو مزید اذیت میں مبتلا کر دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری سطح پر انٹرنیٹ کی بندش کے بعد نجی کمپنیوں نے اس صورتحال کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے من مانے ریٹس مقرر کر دیے ہیں۔ کنکشن کے نام پر بھاری رقوم وصول کی جا رہی ہیں، جبکہ ماہانہ پیکجز بھی عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہوتے جا رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق مختلف نجی کمپنیاں اس وقت انٹرنیٹ فراہم کر رہی ہیں، تاہم کارکردگی کے لحاظ سے ٹیلی کام کمپنی مبینہ طور پر سست روی، ناقص سروس اور بدترین کارکردگی میں سرفہرست بتائی جا رہی ہے۔ انٹرنیٹ کی رفتار نہ ہونے کے برابر ہے، بار بار سروس معطل رہتی ہے اور کئی کئی گھنٹے صارفین کو انٹرنیٹ سے محروم رہنا پڑتا ہے۔ شکایات کے باوجود کمپنیوں کی جانب سے کوئی مؤثر رسپانس نہیں دیا جاتا، جس سے عوام میں شدید غم و غصہ پایا جا رہا ہے۔ طلبہ، فری لانسرز، آن لائن کاروبار سے وابستہ افراد اور عام صارفین سب سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ تعلیمی سرگرمیاں متاثر، آن لائن روزگار محدود اور کاروباری معاملات بری طرح متاثر ہو چکے ہیں، جس سے شہریوں کو مالی و ذہنی دباؤ کا سامنا ہے۔ شہریوں اور سماجی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ یا تو سرکاری سطح پر انٹرنیٹ سروس بحال کی جائے یا نجی کمپنیوں کو سختی سے ریگولیٹ کیا جائے تاکہ عوام کو معیاری اور سستی سہولت میسر آ سکے۔

کوہلو، تحصیل ایم ایم ڈی کے آفیسر غلام قادر مری کی نگرانی میں مختلف علاقوں میں سیلابی ریلوں سے بچاؤ کیلئے بروقت حفاظتی اقدامات کیے جا رہے ہیں

ایرانی پیٹرول کی قیمتیں کنٹرول، من مانے ریٹس برداشت نہیں ہوں گے، ڈی سی

نصیر آباد میں ڈپٹی کمشنر کی قیادت میں ایرانی پیٹرول پمپس مالکان کا اہم اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں ایس ایس پی اسد ناصر سمیت اسسٹنٹ کمشنرز اور متعلقہ افسران و پمپس مالکان شریک ہوئے

مستونگ کے ریٹس اور ترسیلی اخراجات کو مدنظر رکھتے ہوئے ضلع میں قیمتوں کے تعین پر اتفاق کیا گیا

نصیر آباد (نامہ نگار) ضلع نصیر آباد میں ایرانی پیٹرول کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے اہم اجلاس وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار کی زیر صدارت ایرانی پیٹرول پمپس مالکان کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اور فراہمی کے حوالے سے تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر، اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ، اسسٹنٹ کمشنر یوٹی طلحہ جمالی اور نادرہ نور، ڈپٹی کمشنر کے پی اے منظور شیرازی، سید سجاد شاہ سمیت دیگر متعلقہ افسران اور پیٹرول پمپس مالکان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران پیٹرول اور ڈیزل کی دستیابی، ترسیل اور قیمتوں کے تعین پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ مستونگ میں جاری پیٹرولیم ریٹس کو مدنظر رکھتے ہوئے ضلع نصیر آباد میں قیمتوں کے تعین سے متعلق فیصلے کیے گئے۔ پیٹرول سیلرز نے مستونگ سے نصیر آباد تک پیٹرول اور ڈیزل کی ترسیل کے اخراجات سے متعلق تفصیلی آگاہی فراہم کی جس پر انتظامیہ نے تمام عوامل کو سامنے رکھتے ہوئے متفقہ حکمت عملی اختیار کی۔ ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے واضح کیا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان کے احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا اور کسی کو بھی من مانی قیمتیں وصول کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ ضلع نصیر آباد میں مستونگ کے ریٹ کو بنیاد بناتے ہوئے ترسیلی اخراجات شامل کر کے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت 300 روپے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے، جو آئندہ روز دوپہر ایک بجے تک نافذ العمل رہے گی، جبکہ روزانہ کی بنیاد پر نئی قیمتوں کا تعین کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پیٹرول پمپس پر پیمائش کے آلات (گیج) میں کسی قسم کی ہیرا پھیری ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور اس ضمن میں سخت مانیٹرنگ کا نظام نافذ کیا جا رہا ہے۔ خلاف ورزی کے مرتکب ایرانی پیٹرول پمپس مالکان کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جس میں پیٹرول و ڈیزل کی ضبطگی اور غیر قانونی یونٹس کے خاتمے جیسے اقدامات شامل ہوں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام پمپس مالکان کو ہدایت کی کہ وہ سرکاری نرخوں کی مکمل پابندی کریں

عوامی مسائل کے حل کیلئے مل کر کام کرینگے، ڈاکٹر زیشان

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈاکٹر زیشان، ڈاکٹر زبیر کھوسو، اعجاز پراچہ، جنید جمال الدین، جانگل قادر، ایرام مونس اور سید سمیع اللہ نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیر آباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملیریا پروگرام کی موجودہ صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ حکام کے مطابق ملیریا کے کیسز میں نمایاں کمی آئی ہے، تاہم ابھی بھی کچھ چیلنجز درپیش ہیں۔ اجلاس میں مشترکہ اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا، جن میں آگاہی مہمات، مچھر کنٹرول، اور علاج کی سہولیات میں بہتری شامل ہیں۔ اس کے علاوہ آئی سی سی ایم کے نفاذ اور ڈبلیو ایچ او، آئی ایچ ایچ این کے تعاون سے متعلق امور بھی زیر غور آئے۔ شرکاء نے نئے اقدامات کی منصوبہ بندی کرتے ہوئے محکمہ صحت کے ساتھ بھرپور تعاون اور مل کر کام کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

حب، صالح بھوتانی کی کاوشوں سے بجلی کا مسئلہ حل

حب (نمائندہ مشرق) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی صدر سابق صوبائی سردار محمد صالح بھوتانی کی خصوصی کاوشوں سے حب کے مختلف علاقوں میں بجلی کا دیرینہ مسئلہ حل ہو گیا انہوں نے عوامی شکایات پر فوری ایکشن لیتے ہوئے کے الیکٹرک کے جنرل مینیجر سے رابطہ کیا اور علاقے کے لیے نئے پی ایم ٹی (PMT) کی منظوری حاصل کی، جس کی تنصیب مکمل کر دی گئی ہے تفصیلات کے مطابق حب کے علاقوں آل آباد ٹاؤن، موسیانی اسٹریٹ اور مگسی کالونی کے مکین طویل عرصے سے بجلی کے مسائل کا شکار تھے، جہاں پی ایم ٹی جل جانے کے باعث بجلی کی فراہمی معطل ہو گئی تھی۔ اس صورتحال سے اہل علاقہ کو شدید مشکلات کا سامنا تھا بھوتانی عوامی کارواں کے رہنما علاء الدین ...

ڈی ایچ کیو ہسپتال میں فری آئی کیمپ میں ایم ایس ڈاکٹر سیف اللہ مری اور ماہر ڈاکٹر مریضوں کا معائنہ کر رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر ہرنائی عبدالرزاق خان حالیہ سیلاب سے متاثرہ ایک کلومیٹر طویل سروتی حفاظتی دیوار کا دورہ کر رہے ہیں

اقلیتی برادری کو مکمل تحفظ دیں گے، ایس ایس پی لورالائی

ایسٹر کے موقع پر ضلع بھر میں سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے اور حساس مقامات پر پولیس تعینات کر دی گئی

ایس ایس پی ڈاکٹر فہد احمد نے گودی محلہ چرچ کا دورہ کر کے داخلی و خارجی راستوں اور سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا

لورالائی (ع ن) عیسائی برادری کے مذہبی تہوار ایسٹر کے موقع پر ضلع بھر میں سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ اسی سلسلے میں ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد نے رات گئے گودی محلہ میں واقع چرچ کا دورہ کیا اور وہاں سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ایس ایس پی نے چرچ کے داخلی و خارجی راستوں، اطراف میں تعینات پولیس اہلکاروں اور سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور دیگر عملے سے ملاقات کی۔ انہوں نے ڈیوٹی پر موجود اہلکاروں کو ہدایت کی کہ وہ مکمل مستعدی، چوکسی اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے فرائض انجام دیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بروقت نمٹا جا سکے۔ ڈاکٹر فہد احمد کا کہنا تھا کہ ایسٹر جیسے اہم مذہبی تہوار کے موقع پر عیسائی برادری کو مکمل تحفظ فراہم کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ لورالائی پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت تیار ہے اور بین المذاہب ہم آہنگی کا فروغ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ضلع بھر کے تمام گرجا گھروں کے باہر اضافی نفری تعینات کی گئی ہے جبکہ حساس مقامات پر پولیس گشت میں بھی اضافہ کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ داخلی راستوں پر چیکنگ کے نظام کو مؤثر بنایا گیا ہے اور سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے نگرانی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ دورے کے اختتام پر چرچ انتظامیہ اور مقامی عیسائی برادری نے سیکیورٹی کے مؤثر انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے لورالائی پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ برادری کے رہنماؤں کا کہنا تھا کہ پولیس کی جانب سے کیے گئے اقدامات سے انہیں اپنے مذہبی فرائض کی ادائیگی میں مکمل تحفظ کا احساس ہوا ہے۔ ایس ایس پی لورالائی کی ہدایت پر ضلع کے مختلف علاقوں میں فلیگ مارچ بھی کیا گیا جس میں پولیس اور لیویز فورس کے اہلکاروں نے حصہ لیا۔ فلیگ مارچ کا مقصد شہریوں میں احساس تحفظ پیدا کرنا اور امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے عزم کا اظہار تھا۔ پولیس حکام کے مطابق کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے فوری رسپانس ٹیمیں بھی تشکیل دے دی گئی ہیں جو 24 گھنٹے الرٹ رہیں گی۔

NATIONAL HIGHWAYS & MOTORWAY POLICE
Procurement Notice (PN)
No. 08/RB/RSF/LOG/NHMP

URAAN PAKISTAN

INVITATION TO BID FOR PREQUALIFICATION OF FIRMS THROUGH OPEN FRAME WORK AGREEMENT

1. National Highways & Motorway Police (NHMP) invites sealed Bids from the firms/vendors who are well reputed, registered with Income Tax and Sales Tax Department and are on Active Taxpayers List of the Federal Board of Revenue for **Pre-Qualification of Firms, through open Framework Agreement for a period of three (03) years (FY 2025-26, 2026-27 & 2027-28)** for Purchase of the following items:-

Items Description	
Purchase of Tyres	Detail of items is mentioned in the Bidding documents
Purchase of Batteries	
Purchase of Lubricants	
Purchase of Pre-Printed Blank Driving License Cards & Pre-Printed Blank Service Cards	
Purchase of Thermal Printer Rolls	

2. The firms who are registered with PPRA are eligible to offer the bids for Tender.
3. Bidding documents are available on the Websites of PPRA and NHMP or can also be obtained from the office of the AIG (Logistics), NHMP, Islamabad, free of cost.
4. NHMP reserves the right to reject any/all bids at any time prior to acceptance of bid in accordance with PPRA Rules.
5. In case opening date(s) is declared as a Public Holiday by the Government, the next working date shall be deemed to be the date for submission and opening of tender(s) at the same time and place.
6. The interested bidders are requested to submit their Bids/ proposals, in Original, along with Bid Security as mentioned in the bidding documents at Logistics Branch, NHMP Central Police Office, Mauve Area, G-11/1, Islamabad on or **before 10:30 Hours on 22nd April, 2026 (Wednesday).** The Bids will be opened publicly on the same day at **11:30 Hours** in the presence of representatives of the firms, at Conference Room (1st Floor), NHMP Central Police Office, Mauve Area, G-11/1, Islamabad.

(SYED AHMAD JAWAD SHAH) PSP
Assistant Inspector General (Logistics)
For Inspector General, NHMP.
Ph.: 051-9320278

PID(I)8087/25

REDAMCO
RAILWAY ESTATE DEVELOPMENT AND MARKETING COMPANY (PVT) LTD
MINISTRY OF RAILWAYS - STATE OWNED ENTERPRISE

GOLDEN BUSINESS OPPORTUNITY FOR PUBLIC-PRIVATE PARTNERSHIP AT MARDAN
TRANSFORM YOUR INVESTMENT AND BUSINESS DREAMS INTO REALITY!

Are you ready to be part of Mardan's most Attractive Public-Private Partnership Opportunity? We're inviting visionary investors to join us in creating a vibrant, Real Estate Development that will redefine the Skyline and Lifestyle of Mardan City

Project Highlights
- Strategically Located 17 Kanals Land of Pakistan Railway
- Long Term Lease – 33 years extendable for another term of 33 years
- Investors to Design, Finance, Build, and Operate
- Business Model – Revenue Sharing

Purpose/ Land Utilization

Mix Use Development	Fast Food Chain Outlets	Corporate Offices
Shopping Mall	Hospitals/ Health Care	3-S Dealership

Why Partner with REDAMCO?
- High Returns on Investment and Sustainable Revenue Growth
- Strategic location with High Footfall
- Transparency of Process
- Government Land with Clear Title

This is your Best chance to invest in Mardan's future – a city poised for growth and prosperity!

PID(I)8084/25

URAAN PAKISTAN

MANAGER MARKETING – (CELL 0329-5975969 & 0302-5269452)
RAILWAY ESTATE DEVELOPMENT AND MARKETING COMPANY (PVT.) LTD. (REDEMCO)
1st Floor, Corporate Office, Service Road (South), Sector I-11/1, Islamabad, Pakistan, Ph: 051-9278717-20
www.redamco.com

پی سی بی بورڈ آف گورنرز کا اجلاس، اہم انتظامی و مالیاتی امور کی منظوری

اجلاس میں آئی سی سی گلوبل اینٹی کرپشن کوڈ کے مطابق پی سی بی کے پروسیجرل رولز کی بھی منظوری دی گئی

پی ایس ایل سرمایہ کاری کیلئے بہترین مارکیٹ بن چکی، دنیا کی نمبر ون لیگ بننے میں اب وقت دور نہیں، محسن نقوی

لاہور، چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی 82ویں بورڈ آف گورنرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) محسن نقوی کی زیر صدارت بورڈ آف گورنرز کا 82واں اجلاس، مالی سال 2024-25 کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس، سعودی عرب کرکٹ فیڈریشن کے ساتھ جدہ میں کرکٹ اسٹیڈیم کی ڈویلپمنٹ کے لیے تعاون کے حوالے سے اظہار دلچسپی (ای او آئی) کی منظوری دی۔ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان سپر لیگ سرمایہ کاری کے لیے ایک بہترین مارکیٹ بن چکی ہے اور انشاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب پی ایس ایل دنیا کی نمبر ون لیگ بنے گی۔ اجلاس میں آئی سی سی گلوبل اینٹی کرپشن کوڈ کے مطابق پی سی بی کے پروسیجرل رولز کی بھی منظوری دی گئی جبکہ جغرافیائی حدود کو مدنظر رکھتے ہوئے لاہور کے کرکٹ زونز کی از سر نو حد بندی اور ناموں پر نظرثانی کی بھی منظوری دی گئی۔ بورڈ آف گورنرز نے عبداللہ خرم نیازی کو ڈومیسٹک کرکٹ کے فروغ میں نمایاں خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کا کہنا تھا کہ گزشتہ دو برسوں کے دوران عبداللہ خرم نیازی نے ڈومیسٹک کرکٹ کی بہتری کے لیے دن رات محنت کی۔ اجلاس میں پی ایس ایل 11 کے لیے ٹیموں کی ریکارڈ نیلامی پر بھی اطمینان اور تشکر کا اظہار کیا گیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان سپر لیگ سرمایہ کاری کے لیے ایک بہترین مارکیٹ بن چکی ہے اور انشاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب پی ایس ایل دنیا کی نمبر ون لیگ بنے گی۔ اجلاس میں بورڈ آف گورنرز کے اراکین انوار احمد خان، طارق سرور، عدنان ملک، سجاد کھوکھر، ظفر اللہ اور اسماعیل قریشی نے شرکت کی، جبکہ ظہیر عباس اور سیکرٹری کابینہ نے آن لائن شرکت کی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر پی ایس ایل، چیف آپریٹنگ آفیسر پی سی بی، چیف فنانشل آفیسر، ڈائریکٹر میڈیا، ڈائریکٹر ڈومیسٹک کرکٹ، ڈائریکٹر کمرشل اور دیگر حکام بھی اجلاس میں شریک ہوئے۔

61 ویں نیشنل ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ آج سے شروع ہوگی

اسلام آباد سمیت ملک بھر سے ڈھائی سو سے زائد مرد اور خواتین کھلاڑی نیشنل ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ میں حصہ لیں گے

پشاور (یو این پی) 61ویں نیشنل ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ (آج) پیر 6 اپریل سے پشاور میں شروع ہوگی۔ گزشتہ روز اسلام آباد ٹیبل ٹینس ایسوسی ایشن کے سیکرٹری رفیق سرحدی نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ اسلام آباد سمیت ملک بھر سے ڈھائی سو سے زائد مرد اور خواتین کھلاڑی نیشنل ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ میں حصہ لیں گے۔ چیمپئن شپ میں چار ایونٹس کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں مینز اینڈ ویمنز ٹیم ایونٹ، مینز اینڈ ویمنز سنگلز، مینز اینڈ ویمنز ڈبلز اور مکسڈ ڈبلز کے مقابلے شامل ہیں اور چیمپئن شپ 10 اپریل تک جاری رہے گی۔

ایڈونچر ایتھلیٹ ثمر خان نے اہم سنگ میل عبور کر لیا، نئی تاریخ رقم کر دی

ثمر خان فیل راون پولر چیلنج کامیابی کے ساتھ مکمل کر کے 300 کلومیٹر طویل آرکٹک مہم سر کی، باضابطہ طور پر چیلنج کو پورا کیا

جو لوگ مجھ سے یہ کہتے تھے کہ تم یہ نہیں کر سکتی، میرا یہ سفر ان سب کے لیے جواب ہے کہ میں سب کر سکتی ہوں، انسٹاگرام پر تاثرات

کراچی (آن لائن) پاکستانی خاتون ایتھلیٹ ثمر خان نے ایک اہم سنگ میل عبور کر کے نئی تاریخ رقم کر دی ہے۔ ثمر خان فیل راون پولر چیلنج کامیابی کے ساتھ مکمل کر کے 300 کلومیٹر طویل آرکٹک مہم مکمل کرنے والی پہلی پاکستانی ایتھلیٹ بن گئی ہیں۔ انہوں نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی اس شاندار کامیابی پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ ثمر خان نے اپنی کامیابی کے بعد کی گئی یادگار تصاویر شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں لکھا کہ میں نے باضابطہ طور پر فیل راون پولر چیلنج پورا کر لیا ہے۔ انہوں نے مزید لکھا کہ میں نے منجمد بیابان، دشوار گزار اور انجان راستوں پر سفر کرتے ہوئے، آرکٹک کی اس خاموشی میں اپنے اندر چھپے ہوئے مضبوط انسان سے ملی۔ ثمر خان نے لکھا کہ یہ صرف ایک مہم نہیں تھی بلکہ میری ہمت اور یقین کا امتحان تھا۔ انہوں نے مزید لکھا کہ جو لوگ مجھ سے یہ کہتے تھے کہ تم یہ نہیں کر سکتی، میرا یہ سفر ان سب کے لیے جواب ہے کہ میں سب کر سکتی ہوں۔

پاکستانی ایڈونچر ایتھلیٹ ثمر خان نے 300 کلومیٹر طویل فیل راون پولر چیلنج کامیابی سے مکمل کر لی

بیٹے کی شاندار کامیابی، باپ کی گراؤنڈ میں تصاویر بناتے ویڈیو وائرل

لاہور (آن لائن) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے ایڈیشن 11 میں باپ کی بیٹے کی گراؤنڈ میں تصاویر بنانے والی ویڈیو وائرل ہو گئی۔ اسلام آباد یونائیٹڈ کے بیٹر سمیر منہاس کے والد کاشف منہاس پروفیشنل فوٹوگرافر ہیں۔ سمیر منہاس راولپنڈیز کے خلاف میچ میں مین آف دی میچ قرار پائے۔ سمیر منہاس نے پی ایس ایل میں پہلی مرتبہ پلیئر آف دی میچ کا اعزاز حاصل کیا، سمیر منہاس کے والد کاشف منہاس نے گراؤنڈ میں یادگار لمحات کی تصویر کشی کی۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے بھی گراؤنڈ میں سمیر منہاس کی حوصلہ افزائی کی۔ واضح رہے کہ سمیر منہاس کے دوسرے بھائی عرفات منہاس بھی پی ایس ایل میں ملتان سلطانز کی نمائندگی کر رہے ہیں، نوجوان کرکٹرز کے والد بھی کرکٹ کھیلتے رہے ہیں۔ سمیر اور عرفات منہاس کی والدہ کے ساتھ انکلوژرز میں بیٹھ کر پی ایس ایل میچز دیکھنے کی تصویر بھی وائرل ہو رہی ہے۔

پیٹ کمنز کو کمر کی تکلیف، بھارت سے واپس آسٹریلیا چلے گئے

پیٹ کمنز گزشتہ سال جولائی سے کمر کی انجری کا شکار ہیں، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) آئی پی ایل ٹیم سن رائزرز حیدرآباد کے کپتان پیٹ کمنز کمر کے حتمی اسکین کے لیے آسٹریلیا واپس لوٹ گئے ہیں۔ انہوں نے فٹنس مسائل کے باوجود آئی پی ایل ٹیم سن رائزرز حیدرآباد کو سیزن شروع ہونے سے قبل جوائن کر لیا تھا، وہ اس کے ساتھ ہی ری ہیب کا عمل بھی جاری رکھے ہوئے تھے۔ رپورٹس کے مطابق ان کا اسکین پہلے سے طے شدہ اور کرکٹ آسٹریلیا کی نگرانی میں ہوگا، اگر وہ فٹ قرار پائے تو 17 اپریل کو دوبارہ اسکواڈ جوائن کریں گے۔ کمنز سن رائزرز کے کپتان ہیں اور میچ کے لیے دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے ان کی عدم موجودگی میں ایشان کشن قیادت سنبھالے ہوئے ہیں۔ پیٹ کمنز گزشتہ سال جولائی سے کمر کی انجری کا شکار ہیں، وہ اس دوران صرف ایک ایشز ٹیسٹ کھیل سکے۔ انہوں نے ٹی 20 ورلڈ کپ میں شرکت کی امید ظاہر کر دی تھی تاہم مکمل فٹ نہ ہونے کے باعث وہ ایونٹ سے بھی باہر ہو گئے تھے۔ کمنز نے آئی پی ایل سے قبل کہا تھا کہ وہ ٹورنامنٹ کے دوسرے حصے میں واپسی کا ارادہ رکھتے ہیں، اسی مقصد کے تحت وہ باقاعدگی سے نیٹس میں بولنگ کر رہے تھے۔

بنگلا دیشی ٹیم کے مہدی حسن ون ڈے اور لٹن داس ٹی 20 کپتان برقرار

ذمہ داری سونپنا ٹیم کے استحکام اور مستقبل کی منصوبہ بندی کے لیے ضروری ہے، رپورٹ

ڈھاکا (این این آئی) بنگلا دیش کرکٹ بورڈ نے مہدی حسن میراز کو 2027 تک ون ڈے کپتان برقرار رکھنے کا اعلان کر دیا جبکہ 2028 کے ٹی 20 ورلڈ کپ تک اس فارمیٹ کی قیادت لٹن داس کے سپرد رہے گی۔ بورڈ حکام کے مطابق دونوں کپتانوں کو طویل مدت تک ذمہ داری سونپنا ٹیم کے استحکام اور مستقبل کی منصوبہ بندی کے لیے ضروری ہے، خاص طور پر عالمی ایونٹس کے پیش نظر قیادت میں تسلسل کو اہم قرار دیا گیا ہے۔ دوسری جانب، سابق اسپنر محمد رفیق کو ایک برس کے لیے اسپن بولنگ کنسلٹنٹ کی ذمہ داری سونپ دی گئی ہے تاکہ ملک میں اسپن کے فقدان کو دور کیا جا سکے۔ مزید فیصلوں میں سلیکشن کمیٹی کی منظوری، امپائرز و کھلاڑیوں کے لیے پنشن اسکیم پر غور اور کرکٹ نظام کو مضبوط بنانے کے اقدامات بھی شامل ہیں۔

پاکستان وویمنز فٹبال ٹیم فیفا سیریز کیلئے آج آئیوری کوسٹ روانہ ہوگی

فٹبال کے فروغ کیلئے طویل المدتی اقدامات کیے جائیں گے، محسن گیلانی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان وویمنز فٹبال ٹیم ملکی تاریخ میں پہلی بار فیفا سیریز کھیلنے کیلئے آج (پیر) کو آئیوری کوسٹ روانہ ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان وویمنز ٹیم کی فیفا سیریز میں پہلی بار شمولیت کا فیصلہ گزشتہ سال کلب ورلڈ کپ کے موقع پر پاکستان فٹبال فیڈریشن کے صدر سید محسن گیلانی اور فیفا صدر جیانی انفنٹینو کے درمیان ہونے والی اہم ملاقات میں کیا گیا جس میں پاکستان میں فٹبال خصوصاً خواتین فٹبال کی ترقی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا تھا۔ فیفا سیریز 9 اپریل سے 16 اپریل تک جاری رہے گی، جس میں پاکستان اپنا پہلا میچ 9 اپریل کو ٹرکس اینڈ کیکوس آئی لینڈز کے خلاف کھیلے گا، دوسرا میچ 12 اپریل کو موریطانیہ جبکہ آخری گروپ میچ 16 اپریل کو میزبان آئیوری کوسٹ ٹیم کیخلاف ہوگا۔ پی ایف ایف کے صدر سید محسن گیلانی نے ٹیم کے مستقبل پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں پاکستان میں فٹبال کے فروغ اور طویل المدتی ترقی کے لیے مثبت اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ پاکستانی اسکواڈ میں گول کیپرز میں زیانا جیوراج، نشا اشرف، آرزو ہزارہ، ڈیفنڈرز میں اسرا خان، عنایہ احمد، انمول ہیر، کیلا صدیقی، کریسا جیوراج، عالیہ صادق، ماریہ خان، تزالیا صدیقی، مڈفیلڈرز میں سبا ہیرانی، رمین فرید، لیلیٰ بنارس، شامیہ دی، ڈھمنہ ملک، فارورڈز میں مریم محمود، اقصیٰ مشتاق، ایمن الطاف، نادیہ خان، مریم زہری، ازوئی چوہدری شامل ہیں۔

امریکہ، 90 سالہ معمر خاتون نے تقریباً 3 منٹ تک لٹک کر نیا ریکارڈ قائم کر دیا

یہ ریکارڈ ڈائی جوڈس سے چھینا ہے جنہوں نے 81 سال کی عمر میں 2024 میں یہی ریکارڈ قائم کیا تھا

اوہائیو (این این آئی) امریکی ریاست اوہائیو کی ایک معمر ایتھلیٹ نے 90 سال کی عمر میں تقریباً 3 منٹ تک ڈیڈ ہینگ پوزیشن پر رہ کر گینیز ورلڈ ریکارڈ توڑ دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گینیز ورلڈ ریکارڈ نے کہا کہ این کرافل ویسٹنسن کی عمر 90 سال اور 23 دن ہے، یہ 2 منٹ 52 سیکنڈ تک ڈیڈ ہینگ پوزیشن میں رہیں۔ انہوں نے یہ ریکارڈ ڈائی جوڈس سے چھینا ہے جنہوں نے 81 سال کی عمر میں 2024 میں یہی ریکارڈ قائم کیا تھا۔ این کرافل، جنہوں نے اپنی زندگی کے دوران 10 مختلف کھیل کھیلے اور ان کی کوچنگ کی، نے فروری میں اپنی ریکارڈ کوشش کے لیے تربیت شروع کی۔ ایسٹنسن نے گینیز ورلڈ ریکارڈز کو بتایا کہ میرے لیے ریکارڈ کے لیے جانا اور اس طرح سے جشن منایا جانا بالکل نیا تھا کیونکہ میں نے اپنی زندگی اپنے چار بچوں اور 10 پوتے پوتیوں کو ان کے مختلف ایتھلیٹک مقابلوں اور کامیابیوں کو خوش کرنے کیلئے گزاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے 90 سالوں میں کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ میں اتنا خوش قسمت ہوں گی کہ مجھے توجہ کا مرکز کرنے والی تربیت، مدد اور حقیقت میں گینیز ورلڈ ریکارڈ کا ٹائٹل حاصل ہوگا۔

پی ایس ایل 11، نیشنل اسٹیڈیم کراچی کا نیا روپ

کراچی (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی ٹیموں نے 8 اپریل سے کراچی میں شروع ہونے والے میچز کیلئے اس شہر کا رخ کر لیا ہے۔ پشاور زلمی کی ٹیم نے آرام کو ترجیح دی جبکہ حیدرآباد کنگز مین نے نیشنل اسٹیڈیم میں بھرپور ٹریننگ سیشن کیا۔ صائم ایوب بیوی بیٹ اور گیند کے ساتھ اور کپتان مارنس لبوشین بھی بیٹنگ کی خاص پریکٹس کرتے نظر آئے۔ 22 میچز کی میزبانی کرنے والے نیشنل اسٹیڈیم کے انکلوژر کی چھتیں ہٹا کر اسے نیا روپ دیا گیا ہے، جس کا نظارہ دلکش نظر آ رہا ہے۔ نیشنل اسٹیڈیم کے تمام انکلوژر کی چھتیں ہٹا دی گئیں، انکلوژر میں لگی رنگ برنگی کرسیوں سے اسٹیڈیم ایک نئے روپ میں نظر آ رہا ہے۔ حالیہ بارشوں کی وجہ سے اسٹیڈیم کی گراؤنڈ بھی لش گرین ہو گئی ہے، جو اس کی خوبصورتی کو مزید بڑھا رہی ہے۔ اسٹیڈیم کی 14 پچز کے اسکوائر پر بھی خاص کام کیا جا رہا ہے کیونکہ ان پچز پر 22 میچز کا انعقاد ہونا ہے۔ پاکستان سپر لیگ میں کراچی میں میچز کا آغاز 8 اپریل سے ہوگا، جہاں پہلے دن حیدرآباد کنگز مین اور پشاور زلمی کی ٹیمیں مدمقابل ہوں گی۔

لاہور، پی ایس ایل میں کوئٹہ گلیڈی ایٹر کے بلے باز سعود شکیل شاٹ کھیل رہے ہیں

بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ میں ایک ہی روز میں مزید تین ڈائریکٹرز مستعفی

مستعفی ہونے والے اراکین نے ذاتی وجوہات کو بنیاد بنایا، میڈیا چیئرمین

ڈھاکہ (آن لائن) بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ میں جاری بحران شدت اختیار کر گیا، ایک ہی روز میں مزید تین ڈائریکٹرز نے اپنے عہدوں سے استعفیٰ دے دیا۔ رپورٹس کے مطابق فیاض الرحمن نے ہفتے کو ڈھاکہ میں ہونے والے طویل بورڈ اجلاس کے فوراً بعد استعفیٰ دیا، جس کے کچھ ہی دیر بعد شاہان نعیم اور محراب عالم چوہدری بھی اپنے عہدوں سے مستعفی ہو گئے۔ ان استعفوں کے بعد گزشتہ چھ ماہ کے دوران مستعفی ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد چھ ہو گئی جو کہ بورڈ کے اندر بڑھتی ہوئی بے چینی اور عدم استحکام کی نشاندہی کرتی ہے۔

پاکستان کی بیٹی ماہنور علی نے انٹرنیشنل جونیئر اوپن اسکواش چیمپئن شپ جیت لی

فائنل میں ملائیشین کھلاڑی کو شکست دی، 1-3 سے شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کیا۔ فائنل میچ کا سکور 10-12، 11-13، 11-6، 11-7 رہا

چیمپئن شپ میں سحرش علی نے کانسی کا تمغہ جبکہ مہوش علی بھی بہترین کھیل پیش کرتے ہوئے ٹاپ پوزیشنز کی دوڑ میں شامل رہیں، رپورٹ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستانی اسکواش پلیئر ماہنور علی نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے انٹرنیشنل جونیئر اوپن اسکواش چیمپئن شپ کا فائنل اپنے نام کر لیا۔ ملائیشیا میں منعقدہ ایونٹ کے فائنل میں ماہنور علی نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملائیشیا کی نمبر ون کھلاڑی میسرا خیر انظام کو سخت مقابلے کے بعد 1-3 سے شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کیا۔ فائنل میچ کا سکور 10-12، 11-13، 11-6، 11-7 رہا۔ چیمپئن شپ میں سحرش علی نے کانسی کا تمغہ جبکہ مہوش علی بھی بہترین کھیل پیش کرتے ہوئے ٹاپ پوزیشنز کی دوڑ میں شامل رہیں اور پانچویں سے آٹھویں پوزیشن کے گروپ میں جگہ بنانے میں کامیاب رہیں۔

پی ایس ایل 11: کراچی کنگز میں شامل یو اے ای کے دو کھلاڑی وطن واپس روانہ

کراچی (آن لائن) پاکستان سپر لیگ کی فرنچائز کراچی کنگز میں شامل یو اے ای کے دو کھلاڑی وطن واپس روانہ ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق خزیمہ بن تنویر اور محمد وسیم کو اماراتی بورڈ نے وطن واپس بلایا، ڈومیسٹک ٹورنامنٹ میں شرکت کریں گے۔ دونوں پلیئرز کو یو اے ای کے ڈومیسٹک ٹورنامنٹ ڈی 50 میں شرکت کی ہدایت کی گئی ہے۔

پی ایس ایل، پشاور زلمی کی کراچی کے ساحل پر آؤٹنگ

بابر اعظم، بریسویل، کوشل مینڈس، محمد حارث سمیت دیگر کھلاڑیوں نے موسم کو خوب انجوائے کیا

اسلام آباد (آن لائن) پشاور زلمی کی ٹیم کی کراچی کے ساحل کی آؤٹنگ، کھلاڑیوں نے موسم انجوائے کرنے کے ساتھ کھانے سے بھی بھرپور لطف اٹھایا۔ تفصیلات کے مطابق پی ایس ایل کا دوسرا مرحلہ آٹھ اپریل سے کراچی میں کھیلا جا رہا ہے جہاں پہلے میچ میں پشاور زلمی کا مقابلہ حیدرآباد کنگز سے ہوگا۔ زلمی ٹیم منیجمنٹ کی جانب سے کھلاڑیوں کیلئے کراچی ساحل تفریح کا اہتمام کیا گیا جہاں بابر اعظم، بریسویل، کوشل مینڈس، محمد حارث سمیت دیگر کھلاڑیوں نے موسم کو خوب انجوائے کیا۔

لاہور قلندرز کا کینسر میں مبتلا بچے کی خواہش پوری کرنے کا اعلان

بہادر بچے کو میچ میں مدعو کرتے ہیں تاکہ شاہین آفریدی سے مل سکے، انتظامیہ لاہور قلندرز

لاہور (این این آئی) لاہور قلندرز کی انتظامیہ نے ٹیومر میں مبتلا بچے کی خواہش پوری کرنے کا وعدہ کر لیا۔ فرزان نامی بچہ پچھلے 4 سال سے ٹیومر کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے جو لاہور قلندر کا بڑا فین ہے۔ فرزان نے لاہور قلندر کے کپتان شاہین شاہ آفریدی سے ملاقات کی خواہش ظاہر کی۔ بچے نے اپنے پیغام میں بتایا کہ اس کا تعلق قلعہ دیدار سنگھ گوجرانوالہ سے ہے اس حوالے سے لاہور قلندرز کی انتظامیہ نے کہا کہ بچے کا پیغام ہم تک پہنچ گیا ہے، بہادر بچے کو میچ میں مدعو کرتے ہیں تاکہ شاہین آفریدی سے مل سکے۔ انتظامیہ نے بچے کو خوش کرنے کیلئے کھلاڑیوں کی دستخط شدہ شرٹ بھی دینے کا وعدہ کیا۔

لاہور قلندرز کا کینسر میں مبتلا بچے کی خواہش پوری کرنے کا اعلان

لاہور (این این آئی) لاہور قلندرز کی انتظامیہ نے ٹیومر میں مبتلا بچے کی خواہش پوری کرنے کا وعدہ کر لیا۔ فرزان نامی بچہ پچھلے 4 سال سے ٹیومر کے خلاف جنگ لڑ رہا ہے جو لاہور قلندر کا بڑا فین ہے۔ فرزان نے لاہور قلندر کے کپتان شاہین شاہ آفریدی سے ملاقات کی خواہش ظاہر کی۔ بچے نے اپنے پیغام میں بتایا کہ اس کا تعلق قلعہ دیدار سنگھ گوجرانوالہ سے ہے اس حوالے سے لاہور قلندرز کی انتظامیہ نے کہا کہ بچے کا پیغام ہم تک پہنچ گیا ہے، بہادر بچے کو میچ میں مدعو کرتے ہیں تاکہ شاہین آفریدی سے مل سکے۔

امریکا نے ایران کا شاہکار اسپورٹس اسٹیڈیم بھی تباہ کر دیا

اسٹیڈیم میں والی بال، باسکٹ بال، آئس اسکیٹنگ اور گھڑ سواری کے مقابلے ہوا کرتے تھے

تہران (آئی این پی) امریکا اور اسرائیل نے ایران میں شہری انفرااسٹرکچر کو تباہ کر کے ایران کے شاہکار اسپورٹس مراکز کو بھی نقصان پہنچانا شروع کر دیا ہے۔ روسی میڈیا کے مطابق امریکا نے بمباری کر کے ایران کا تاریخی اسٹیڈیم تباہ کر دیا۔ اس اسٹیڈیم میں تاریخ ساز میچز ہوا کرتے تھے تاہم اب یہاں ہر طرف تباہی پھیلی ہوئی ہے۔

پیپلز پارٹی ہی غریب عوام کی حقیقی نمائندہ جماعت ہے، محب علی مغیر

ذوالفقار علی بھٹو نے ملک و قوم کی خاطر اپنی جان قربان کر دی مگر اصولوں سے پیچھے نہ ہٹے

پارٹی آج بھی اپنے بانی کے مشن پر کاربند رہتے ہوئے عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے

نصیرآباد (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی نصیرآباد کے سینئر رہنما ماما محب علی مغیری نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی غریب مظلوم عوام کی نمائندہ جماعت ہے، جس نے ہمیشہ عوام کے حقوق کے لیے جدوجہد کی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ملک و قوم کی خاطر اپنی جان قربان کر دی مگر اپنے اصول سے پیچھے نہیں ہٹے۔ 4 اپریل، یوم شہادت قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو کے موقع پر اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ یہ دن پاکستان کی تاریخ میں ایک اہم اور المناک حیثیت رکھتا ہے، جب ایک عظیم عوامی رہنما کو ہم سے جدا کیا گیا، مگر ان کا نظریہ آج بھی زندہ و تابندہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ملک میں جمہوریت کو نئی روح بخشی اور عوام کو ان کے بنیادی حقوق سے آگاہ کیا۔ انہوں نے ایک متفقہ آئین دے کر پاکستان کی سیاسی بنیادوں کو مضبوط کیا اور عوامی طاقت کو منظم شکل دی، جو ان کی بے مثال قیادت کا مظہر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہید بھٹو کی جدوجہد، قربانی، جرات اور اصولوں پر ڈٹے رہنے کی داستان ہے۔ انہوں نے ہر دور میں عوام کے حقوق کا دفاع کیا اور اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے تاریخ میں ہمیشہ کے لیے امر ہو گئے۔

فرح عظیم شاہ کی قیادت میں خواتین کی شمولیت میں اضافہ ہوا ہے، میر علی احمد

مختلف اضلاع کی خواتین جوق در جوق پارٹی میں شامل ہو رہی ہیں جو پارٹی کی عوامی مقبولیت کا ثبوت ہے

خواتین ونگ صوبے بھر میں سیاسی شعور اجاگر کرنے، مسائل کے حل اور حقوق کے تحفظ کے لیے سرگرم ہے

حب (پ ر) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما میر علی احمد ابا بکی نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی کی صوبائی خواتین ونگ کی صدر و رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ کی متحرک قیادت میں خواتین کی بڑی تعداد روز بروز پارٹی میں شامل ہو رہی ہے، جو پارٹی پر عوام کے بڑھتے ہوئے اعتماد کا واضح ثبوت ہے۔ بلوچستان عوامی پارٹی نے ہمیشہ خواتین کو بااختیار بنانے، انہیں سیاسی عمل میں فعال کردار دینے اور فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج صوبے کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والی خواتین جوق در جوق پارٹی کا حصہ بن رہی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ فرح عظیم شاہ کی قیادت میں خواتین ونگ نہ صرف منظم ہو رہی ہے بلکہ صوبے کے طول و عرض میں خواتین کو سیاسی شعور دینے، ان کے مسائل اجاگر کرنے اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے بھی مؤثر کردار ادا کر رہی ہے۔ پارٹی خواتین کی صلاحیتوں پر مکمل یقین رکھتی ہے اور انہیں ہر سطح پر آگے لانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی میں خواتین کا کردار ناگزیر ہے، اور بلوچستان عوامی پارٹی اس حقیقت سے بخوبی آگاہ ہے۔ اسی لیے پارٹی خواتین کو نہ صرف نمائندگی دے رہی ہے بلکہ انہیں قیادت کے مواقع بھی فراہم کر رہی ہے۔

ہرنائی، اے سی کا سیلاب متاثرہ سروتی حفاظتی دیوار کا ہنگامی دورہ

ہرنائی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر ہرنائی عبدالرازق خان نے حالیہ سیلاب سے متاثرہ ایک کلومیٹر طویل سروتی حفاظتی دیوار کا ہنگامی دورہ کیا، جہاں دیوار کی شکستگی کے باعث شہر کے ڈوبنے کا شدید خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ انتظامیہ نے مون سون سے قبل 50 لاکھ روپے کے فوری فنڈز اور طویل مدتی حفاظتی منصوبے کی سفارش کر دی ہے۔ حکومتی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر ہرنائی نے محکمہ آبپاشی کے ایکسین (XEN) محمد اسلم لونی اور ایس ڈی اوز کے ہمراہ سروتی پروٹیکشن وال کا معائنہ کیا۔ دوران معائنہ یہ بات سامنے آئی کہ ایک کلومیٹر سے زائد طویل یہ حفاظتی دیوار حالیہ سیلابی ریلوں کی تاب نہ لاتے ہوئے مختلف مقامات سے بری طرح ٹوٹ چکی ہے۔ حکام کے مطابق اگر اس کی فوری مرمت نہ کی گئی تو آئندہ بارشوں میں سیلابی ریلا براہ راست شہر میں داخل ہو سکتا ہے، جس سے بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصان اور انفرااسٹرکچر کی تباہی کا اندیشہ ہے۔ معائنے کے دوران محکمہ آبپاشی کے ماہرین نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ شہر کے تحفظ کے لیے دور رس حکمت عملی وضع کی گئی ہے۔

اظہار تعزیت

بیلا (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی لسبیلہ بلوچستان کے سینئر رہنما وکیل برکت علی نادر رونجھو، معروف زمیندار وکیل مشتاق علی رونجھو نے بیلہ میں سابق قانون گو اور امین پٹواری کی اہلیہ پاکستان پیپلز پارٹی حب کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری و کونسلر میونسپل کارپوریشن حب عبدالرزاق لاسی، ماسٹر عبدالغنی مخلص کی ہمشیرہ کی وفات پر بیلہ میں تعزیت کی اور دعا کی اللہ پاک مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔

جماعت اسلامی ہی معاشرے میں مثبت تبدیلی کی ضامن ہے، بشیر احمد ماندائی

ڈیرہ مراد جمالی میں جماعت اسلامی کا ایک روزہ عوامی تربیتی اجتماع، مرکزی دفتر میں منعقد ہوا

جماعت اسلامی کے پیغام کو عام کرتے ہوئے معاشرتی اصلاح میں کردار ادا کریں گے، مقررین

نصیرآباد (نامہ نگار) نصیرآباد میں جماعت اسلامی کے زیر اہتمام مرکزی دفتر ڈیرہ مراد جمالی میں ایک روزہ عوامی تربیتی اجتماع کا انعقاد کیا گیا۔ اجتماع کی نگرانی نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان بشیر احمد ماندائی نے کی۔ تقریب میں جماعت اسلامی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، کسان بورڈ کے صوبائی صدر لعل بخش کھوسہ، نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان پروفیسر محمد ایوب منصوری، صوبائی نائب امیر محمد سلطان کاکڑ، ضلعی امیر جماعت اسلامی نصیرآباد پیر حفیظ شیخ اور نائب امیر جماعت اسلامی نصیرآباد پروفیسر محمد ابراہیم ابڑو نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تربیتی اجتماع میں جماعت اسلامی کے ارکان، کارکنان اور حمایتیوں کی کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے شرکاء کو دینی و اخلاقی تربیت، معاشرتی اصلاح اور تنظیمی ذمہ داریوں کے حوالے سے تفصیلی رہنمائی فراہم کی۔ انہوں نے اتحاد، نظم و ضبط اور دعوتی سرگرمیوں کو مؤثر بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ مقررین نے جماعت اسلامی کے نصب العین، عقیدہ اور دعوت کے بنیادی نکات پر روشنی ڈالتے ہوئے عوام کو اس کے پیغام سے آگاہ کیا اور معاشرے میں مثبت تبدیلی کے لیے مشترکہ جدوجہد کی ضرورت پر زور دیا۔ اجتماع کے اختتام پر کارکنان نے عزم ظاہر کیا کہ وہ جماعت اسلامی کے پیغام کو عام کرتے ہوئے معاشرے کی بہتری اور اصلاح کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔

قلعہ سیف اللہ، ایرانی پٹرول کی قیمت 280 روپے مقرر

ضلعی انتظامیہ نے منی پٹرول پمپوں کی نگرانی سخت کرتے ہوئے کارروائی شروع کر دی

خلاف ورزی کرنے والوں کو جرمانے اور پمپ سیل کرنے کی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

عوامی مفاد میں قیمتوں کا تعین کر کے مہنگائی پر قابو پایا جائے گا، ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ ساگر کمار

قلعہ سیف اللہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی ہدایات کے مطابق صوبے بھر میں ایرانی پٹرول کی نئی قیمت 280 روپے فی لیٹر مقرر کر دی گئی ہے۔ اس فیصلے کا مقصد پٹرول کی قیمتوں میں یکسانیت لانا اور غیر قانونی منافع خوری کا خاتمہ کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ ساگر کمار نے اس حوالے سے ضلع کے عوام کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام شہری صرف مقررہ سرکاری نرخ یعنی 280 روپے فی لیٹر پر ہی منی پیٹرول پمپوں سے پٹرول خریدیں۔ اگر کسی مقام پر اس سے زائد قیمت وصول کی جائے تو فوری طور پر ضلعی انتظامیہ کو اطلاع دی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ نے منی پیٹرول پمپوں کی سخت نگرانی شروع کر دی ہے اور مقررہ نرخ کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جس میں جرمانے اور پمپ سیل کرنا شامل ہے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ عوام انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی قسم کی ذخیرہ اندوزی یا ناجائز منافع خوری کی نشاندہی کریں تاکہ قانون کی عملداری کو یقینی بنایا جا سکے اور عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ یہ اقدام عوامی مفاد میں اٹھایا گیا ہے تاکہ پٹرول کی فراہمی کو منظم کیا جا سکے اور شہریوں کو بلاجواز مہنگائی سے بچایا جا سکے۔

قلعہ عبداللہ، بارشوں سے متاثرہ سڑکیں بحال، آمد و رفت بحال کر دی، ڈی سی

متاثرہ سڑکوں کی مرمت کے ساتھ مختلف مقامات پر متبادل راستے بھی تعمیر کیے گئے

اہم شاہراہوں کی بحالی سے عوامی آمد و رفت اور سامان کی ترسیل میں بہتری آئی ہے

متاثرہ علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کی بحالی اور سہولیات فراہمی اولین ترجیح ہے، منور حسین مگسی

قلعہ عبداللہ (خ ن) ضلع قلعہ عبداللہ کے مختلف علاقوں میں حالیہ شدید بارشوں اور ژالہ باری کے باعث سیلابی صورتحال سے متاثرہ بند سڑکیں و اہم شاہراہوں کو عوامی آمد و رفت کیلئے بحال کر دیا گیا ہے۔ ڈی سی قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی نے ضلع میں حالیہ شدید بارشوں کے باعث سیلابی ریلوں، ندی نالوں، رابطہ سڑکوں، راستوں اور دیگر املاک کو نقصان پہنچنے کے بعد بحالی کا کام کامیابی کے ساتھ مکمل کر لیا گیا ہے۔ ضلع کے مختلف علاقوں میں ریلیف اور بحالی کی اس خصوصی آپریشن کو ضلعی انتظامیہ، سی ڈبلیو پی پی اینڈ ایچ (CWPP&H) اور دیگر متعلقہ محکموں نے مل کر سرانجام دیا۔ بحالی کے دوران ٹوٹ پھوٹ کا شکار بننے والی سڑکوں کے کناروں اور دیگر حصوں کی مرمت کی گئی اور جہاں ضروری سمجھا گیا وہاں مختلف مقامات پر متبادل راستے بنائے گئے اور سڑکوں کو عوامی استعمال کے لیے دوبارہ کھول دیا گیا۔ اس موقع پر ڈی سی قلعہ عبداللہ نے کہا کہ بحال کی گئی سڑکوں میں سے زرہ آرمغی روڈ، گل آرمغی روڈ، سلاد تھانہ روڈ، مرور سیدان روڈ، عبدالرحمن زئی روڈ، توبہ اچکزئی روڈ (فرخائی اور زرہ بند روڈ) اور توبہ اڈہ تا حرمزئی روڈ شامل ہیں، مذکورہ بالا راستوں کو مکمل طور پر فعال کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رابطہ اور مین سڑکوں کی تعمیر و مرمت سے عوام الناس کی سامان کی ترسیل اور نقل و حرکت کو یقینی بنایا گیا ہے جس سے صحت، تعلیم اور دیگر ضروری سہولیات تک رسائی میں بہتری آئی ہے۔ عوامی رابطہ و مین سڑکوں کی تعمیر اور مرمت کی کارروائیوں کی نگرانی ایس ڈی او روڈز انجینئر فیصل کاکڑ اور انجینئر اسلم کاکڑ اور دیگر متعلقہ افسران نے مل کر کی۔ ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کی بحالی اور عوام کو سہولیات کی فراہمی محکمہ کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیاب بحالی محکمہ کی محنت اور عزم کی بہترین مثال ہے۔

غیر قانونی سرگرمیوں پر افغان مہاجرین کیخلاف کارروائی ہوگی، ڈی سی قلعہ عبداللہ

کوئی بھی افغان مہاجر غیر قانونی کاروبار، مکان یا دکان کو پناہ گاہ کے طور پر استعمال کرے گا تو جرم تصور ہوگا، منور حسین مگسی

ایسے افراد کی معاونت کرنے والے مالک مکان، ٹرانسپورٹر یا دیگر سہولت کاروں کے خلاف بھی سخت قانونی کارروائی کی جائے گی

قلعہ عبداللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی کی آفس کی جانب سے جاری ہونے والے ایک اہم نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان حکومت نے غیر قانونی طور پر پاکستان میں مقیم تمام افغان مہاجرین جن کے پاس پاکستانی ویزہ یا دیگر قانونی دستاویزات نہیں ہیں، انہیں خبردار کیا ہے کہ کسی بھی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث ہونے کی صورت میں فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق، ایسے مہاجرین جو پاکستانی شہری کی حیثیت سے رجسٹرڈ نہیں ہیں، اور اگر کوئی افغان شہری کسی قسم کی غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث پایا گیا تو ضلعی انتظامیہ ان کے خلاف سخت قانونی اقدامات اٹھائے گی۔ اس نوٹس میں مزید واضح کیا گیا ہے کہ کوئی بھی افغان مہاجر کسی غیر قانونی کاروبار، مکان یا دکان کو پناہ گاہ کے طور پر استعمال نہ کرے، ورنہ یہ ایک سنگین قانونی جرم تصور کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ نے واضح کیا ہے اور خبردار کرتے ہوئے کہا کہ اگر افغان مہاجرین اپنی گاڑیوں یا کسی بھی کاروباری سرگرمی میں غیر قانونی کام کرتے پائے گئے تو ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی۔ اس کے ساتھ ساتھ، متعلقہ مالک مکان، ٹرانسپورٹر یا دیگر افراد جو ان کے غیر قانونی عمل میں معاون ہوں گے، ان کے خلاف بھی قانونی چارہ جوئی عمل میں لائی جائے گی۔

ڈی سی قلعہ عبداللہ منور حسین منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بیلہ، میگ سوشل ویلفیئر سوسائٹی اور جام محمد فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام فری آئی کیمپ کا انعقاد

بیلا (یو این اے) میگ سوشل ویلفیئر سوسائٹی اور جام محمد فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام فری آئی کیمپ کا انعقاد، کراچی کے ماہر ڈاکٹرز نے خدمات سرانجام دیں، لوگوں کی بڑی تعداد نے فری آئی کیمپ سے استفادہ کیا، ایس ایس پی لسبیلہ نے افتتاح کیا۔ تفصیل کے مطابق اتوار کے روز سول اسپتال بیلا میں سماجی تنظیم میگ سوشل ویلفیئر سوسائٹی (رجسٹرڈ) اور جام محمد فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ) کے تعاون سے ایک روزہ فری آئی کیمپ منعقد ہوا۔ ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی، جام گروپ کے رہنما کونسلر ایم سی بیلا طارق علی بلوچ، میگ ویلفیئر کے چیئرمین عقیل احمد اور طاہر احمد رونجھو نے فیتہ کاٹ کر باقاعدہ کیمپ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر میگ سوشل ویلفیئر سوسائٹی کے عبدالواحد رونجھو، جام محمد فاؤنڈیشن کے فراز بلوچ سمیت دیگر بڑی تعداد میں موجود تھے۔ اس موقع ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بیلا میں فری آئی کیمپ کا انعقاد خوش آئند اقدام ہے یہاں کے لوگوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے، میگ سوشل ویلفیئر سوسائٹی اور جام محمد فاؤنڈیشن کے اس نیک اقدام کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔

جعفرآباد، ایرانی پیٹرول کے نرخ مقرر، مارکیٹس رات آٹھ بجے بند ہوں گی

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت ضلع بھر میں ایرانی پیٹرولیم مصنوعات کی فراہمی، قیمتوں کے استحکام اور حکومت بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں رات 8 بجے تمام مارکیٹس بند کرنے کے حوالے سے علیحدہ علیحدہ اہم اجلاس منعقد ہوئے۔ اجلاسوں میں ایرانی پٹرول پمپس کے مالکان، انجمن تاجران اور ٹریڈ یونینز کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری بلوچستان کے خصوصی احکامات پر موجودہ صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے مفاد عامہ میں اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے واضح کیا کہ حکومت کی جانب سے مقرر کردہ نرخ ناموں کے مطابق ہی ایرانی پٹرول فروخت کیا جائے گا اور کسی بھی قسم کی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی، خلاف ورزی کے مرتکب پٹرول پمپ مالکان کے خلاف سخت اور فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

حب، اینٹی انکروچمنٹ سیل ناکام، تجاوزات اور رکشہ اسٹینڈز برقرار

شہر میں عدالت روڈ، ساکران روڈ اور آر سی ڈی روڈ پر غیر قانونی رکشہ اسٹینڈز قائم

دکانوں کے سامنے تجاوزات اور ریڑھی بانوں کا قبضہ برقرار، شہریوں کو آمد و رفت میں شدید مشکلات

حب (نمائندہ مشرق) حب شہر میں اینٹی انکروچمنٹ سیل شہر سے تجاوزات اور غیر قانونی رکشہ اسٹینڈز کے خاتمے میں ناکام، عدالت روڈ، ساکران روڈ، مین آر سی ڈی روڈ پر جگہ جگہ غیر قانونی رکشہ اسٹینڈز قائم و دائم ہے جبکہ دکانوں کے سامنے تجاوزات اور مین آر سی ڈی روڈ پر ریڑھی بانوں کا قبضہ بدستور برقرار، سابق ڈپٹی کمشنر حب اور سابق ایس ایس پی حب کی سربراہی میں منعقدہ اجلاس میں حب شہر میں ٹریفک کے گھمبیر مسائل اور تجاوزات کی بھرمار کے پیش نظر اینٹی انکروچمنٹ سیل کا قیام عمل میں لایا گیا جس میں محکمہ پولیس، میونسپل کارپوریشن کے عملے، ایکسائز اور ضلعی انتظامیہ کے نمائندوں کو شامل کیا گیا اینٹی انکروچمنٹ سیل کے ذریعے تجاوزات، بغیر رجسٹرڈ اور بغیر پرمٹ رکشوں کے خلاف بھرپور کارروائی عمل میں لانے کی سختی سے عملدرآمد کرنے اور ہیوی گاڑیوں کو شہر میں داخلے پر لگائی گئی پابندی پر مکمل عملدرآمد کرنے سمیت شہر کے اندر قائم بسوں کے اڈے شہر سے باہر منتقل کرنے جیسے فیصلے طے کیے گئے تھے ضلعی افسران کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں کیے جانے والے فیصلوں پر وقتی طور پر سختی سے عملدرآمد کیا گیا چیک ان بیلنس نہ ہونے کی وجہ سے بعد میں تمام کارروائیاں فوٹو سیشن تک ہی محدود رہ گئیں، شہر میں دوبارہ رکشہ اسٹینڈز اور تجاوزات قائم ہو گئے اور ہیوی ٹریفک کی روک تھام کے لیے لگائے گئے بیریئر بھی کارآمد ثابت نہ ہو سکے شہر میں ہیوی ٹریفک کی آمد و رفت کا سلسلہ بدستور جاری ہے جس کی وجہ سے شہر میں ٹریفک جام کا مسئلہ اب تک حل نہ ہو سکا، عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں ٹریفک کے مسئلے کا مؤثر اور دیرپا حل نکالا جائے تاکہ پیدل چلنے والے راہ گیروں اور مسافروں کو کسی قسم کی دشواریوں کا سامنا نہ کرنا پڑے جبکہ رکشوں اور ریڑھی بانوں کے لیے مناسب جگہ مختص کی جائے جہاں پر عوام کو سہولت میسر ہو سکے اور رکشہ مالکان اور ریڑھی بان باعزت اپنا روزگار بھی کر سکیں۔

ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن حبیب الرحمن قمبرانی کا میر آفتاب احمد لہڑی اور ڈسٹرکٹ آفیسران کے ساتھ گروپ فوٹو

اسسٹنٹ کمشنر منصور علی شاہ اور اسسٹنٹ کمشنر یوٹی انضمام قاسم ایرانی پیٹرول پمپس پر کارروائی کے دوران قیمتوں اور پیمانے کا جائزہ لے رہے ہیں

نصیرآباد، ایل پی جی مہنگی، عوام پر مہنگائی کا بوجھ بڑھ گیا

مشرق وسطیٰ کی جنگی کشیدگی کے باعث عالمی سطح پر ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافہ ہوا جس کے اثرات مقامی مارکیٹ تک پہنچ گئے ہیں

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اچانک اضافہ کر کے حکومت نے سارا بوجھ عوام پر ڈال دیا ہے جبکہ ٹرانسپورٹ کرایوں میں بھی اضافہ ہو گیا ہے

مہنگائی پہلے ہی عروج پر ہے اور ایل پی جی کی بڑھتی قیمتوں نے گھریلو اخراجات میں مزید اضافہ کر دیا ہے، امداد حسین مری، سید گل شاہ، ذاکر حسین رند

نصیرآباد (نامہ نگار) مشرق وسطیٰ کی جنگی کشیدگی کے اثرات، ایل پی جی مہنگی، شہریوں کی مشکلات بڑھ گئیں عوام کا حکومت سے قیمتوں کو کنٹرول کرنے کا مطالبہ۔ مشرق وسطیٰ میں جاری جنگی کشیدگی کے باعث عالمی سطح پر ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے، جس کے اثرات اب نصیرآباد سمیت مقامی مارکیٹوں تک پہنچ چکے ہیں۔ ایل پی جی مہنگی ہونے سے گھریلو صارفین کو کھانا پکانے سمیت روزمرہ اخراجات میں اضافی بوجھ کا سامنا ہے، جبکہ چھوٹے کاروباری افراد بھی بڑھتی لاگت سے پریشان دکھائی دیتے ہیں۔ شہری ایکشن کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی کے چیئرمین میر امداد حسین مری، بی این پی عوامی نصیرآباد کے صدر سید گل شاہ، ذاکر حسین رند، مجلس وحدت مسلمین جنوبی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری سید عبدالقادر شاہ، سید بہار شاہ سمیت دیگر سیاسی و سماجی رہنماؤں کا کہنا ہے کہ مہنگائی پہلے ہی عروج پر ہے عوام دو وقت کی روٹی کے لیے ترس گئے ہیں عوامی مشکلات میں مزید اضافہ ہو رہا ہے اور ایل پی جی کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ ان کے لیے مزید مشکلات پیدا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں یکدم اضافہ کر دیا گیا ہے جس سارا بوجھ عوام پر ڈال دیا گیا ہے، ٹرانسپورٹرز نے بھی کرایوں میں اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ قیمتوں میں استحکام لانے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 1 — دہشتگرد ہلاک
طالبان رجیم کی 286 چوکیوں کو تباہ اور 44 پر قبضہ کرلیا، متعدد ٹینک، بکتر بند گاڑیاں، توپیں اور ڈرون تباہ کیے گئے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ افغانستان بھر میں 81 دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کے ٹھکانوں کو فضائی کارروائی میں نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 2 اور 3 اپریل کی رات غلام خان سیکٹر میں سرحدی چوکی پر افغان طالبان اور فتنہ الخوارج نے حملے کی کوشش کی لیکن فورسز نے حملے کی کوشش کو مکمل طور پر ناکام بنایا۔ عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کو بھاری جانی نقصان اٹھانا پڑا، 37 ہلاک اور 80 سے زائد زخمی ہوئے۔

بقیہ 2 — آخری وارننگ
نے تصدیق کی ہے کہ ایران میں مار گرائے گئے ایف 15-ای جنگی طیارے کے لاپتا عملے کے ایک رکن کو ایک خطرناک ریسکیو آپریشن کے دوران بازیاب کرلیا گیا ہے۔ امریکی حکام کے مطابق اس کارروائی میں شدید جھڑپیں ہوئیں اور خصوصی فورسز نے حصہ لیا۔ دوسری جانب ایران نے امریکی صدر کی جانب سے آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے دی گئی 48 گھنٹوں کی ڈیڈ لائن کو مسترد کرتے ہوئے اسے غیر سنجیدہ اور غیر متوازن قرار دیا ہے۔ واضح رہے کہ آبنائے ہرمز عالمی توانائی کی سپلائی کے لیے نہایت اہم گزرگاہ ہے جہاں سے تقریباً 20 فیصد تیل اور گیس کی ترسیل ہوتی ہے۔ ایرانی حکام کے مطابق امریکی اور اسرائیلی حملوں میں مشہر پیٹروکیمیکل زون میں 5 افراد جاں بحق اور 170 زخمی ہوئے، جبکہ جنگ کے آغاز سے اب تک 30 سے زائد جامعات کو بھی نشانہ بنایا جاچکا ہے۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے اصفہان کے علاقے میں ایک امریکی ریپر ڈرون کو مار گرایا ہے، جو لاپتا امریکی اہلکار کی تلاش میں مصروف تھا۔ تاہم امریکا کی جانب سے اس دعوے کی تصدیق نہیں کی گئی۔ خلیجی ممالک میں بھی کشیدگی برقرار ہے۔ کویت میں ایرانی ڈرون حملوں کے باعث بجلی اور پانی کے دو بڑے پلانٹس متاثر ہوئے، جبکہ بحرین اور متحدہ عرب امارات میں بھی حملوں کے بعد ہنگامی صورتحال پیدا ہوگئی اور بعض صنعتی تنصیبات کو عارضی طور پر بند کرنا پڑا۔ روس نے بوشہر نیوکلیئر پاور پلانٹ سے مزید 200 اہلکاروں کو نکال لیا ہے، جبکہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے خبردار کیا ہے کہ ایسے حملے خطے کو ایٹمی آلودگی کے خطرے سے دوچار کر سکتے ہیں۔ ادھر اسرائیل میں بھی خطرے کی گھنٹیاں بجتی رہیں، جہاں ایران اور اس کے اتحادیوں کی جانب سے میزائل حملے جاری ہیں۔ تل ابیب اور دیگر علاقوں میں حملوں کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی ہوئے جبکہ فضائی دفاعی نظام کو مسلسل متحرک رکھا گیا۔ خطے میں جاری اس جنگ کے باعث عالمی توانائی بحران شدت اختیار کرگیا ہے۔ تیل کی قیمتیں 100 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر چکی ہیں جبکہ اوپیک ممالک آئندہ پیداوار کے حوالے سے اہم اجلاس کرنے جا رہے ہیں۔ ماہرین کے مطابق جنگ کا دائرہ مزید وسیع ہونے کا خدشہ ہے اور اگر صورتحال پر قابو نہ پایا گیا تو اس کے عالمی معیشت اور امن پر سنگین اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ ادھر جنوبی ایران میں ایک ڈاک کو نشانہ بنانے والے امریکی اسرائیلی حملے کی وجہ سے دو تجارتی کشتیوں میں آگ بھڑک اٹھی۔ حملہ صوبہ ہرمزگان کے شہر بندر لنگہ میں ایک ڈاک پر ہوا جس سے مقامی لوگوں کی ملکیتی دو کشتیوں میں آگ بھڑک اٹھی۔ حملے کے نتیجے میں لگنے والی آگ میں ایک شہری زخمی ہوا ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ ریسکیو ٹیموں اور میری ٹائم حکام نے آگ پر قابو پالیا ہے۔ واضح رہے کہ امریکا اور اسرائیل نے 28 فروری کو ایران کے خلاف فضائی حملہ کیا جس میں اس وقت کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای سمیت اب تک 1,340 سے زائد افراد شہید ہو چکے ہیں۔ امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران میں تباہ ہونے والے طیارے ایف 15 کے ویپن آفیسر کو بحفاظت ریسکیو کرنے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا بہادر کرنل اب بالکل محفوظ ہے۔ امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے سوشل ٹرتھ پر اپنے پیغام میں قوم کے نام پیغام جاری کیا گیا جس میں انہوں نے بتایا کہ گزشتہ چند گھنٹوں کے دوران امریکی فوج نے تاریخ کے سب سے بڑے سرچ اینڈ ریسکیو آپریشنز میں سے ایک انجام دیتے ہوئے ایک بہادر کریو ممبر کو بازیاب کرایا جو ایک کرنل بھی ہیں اور مجھے یہ بتاتے ہوئے بے حد خوشی ہو رہی ہے کہ وہ اب بالکل محفوظ ہیں۔ صدر ٹرمپ نے بتایا کہ یہ بہادر سپاہی ایران کے خطرناک پہاڑوں میں دشمن کے علاقے کے پیچھے موجود تھا، جہاں دشمن اس کا تعاقب کر رہا تھا اور ہر گزرتے لمحے کے ساتھ قریب آرہے تھے لیکن وہ کبھی اکیلا نہیں تھا، کیونکہ اس کے کمانڈر ان چیف، سیکریٹری آف وار، جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین، اور اس کے ساتھی فوجی 24 گھنٹے اس کی لوکیشن کی نگرانی کر رہے تھے اور اس کی بحفاظت واپسی کے لیے منصوبہ بندی کر رہے تھے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ میرے احکامات پر امریکی فوج نے دنیا کے مہلک ترین ہتھیاروں سے لیس درجنوں طیارے بھیجے تاکہ کریو ممبر کو واپس لایا جا سکے۔ اس آپریشن کے دوران ہمارا بہادر کرنل زخمی بھی ہوا لیکن وہ جلد مکمل ٹھیک ہو جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ فوجی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ دو امریکی پائلٹس کو الگ الگ دشمن کے گہرے علاقے سے بحفاظت نکالا گیا، ہم کبھی بھی کسی امریکی سپاہی کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے، امریکی صدر نے کہا کہ دونوں آپریشنز بغیر کسی امریکی کی ہلاکت یا حتیٰ کہ زخمی ہوئے بغیر مکمل کیے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم نے ایرانی فضاؤں پر مکمل فضائی برتری حاصل کر لی ہے۔ دریں اثنا امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹرتھ سوشل پر ایک ویڈیو شیئر کی ہے جس کے بارے میں ان کا کہنا ہے کہ یہ ایران کے دارالحکومت تہران پر ہونے والے ایک بڑے حملے کی ہے۔ صدر ٹرمپ کا دعویٰ ہے کہ اس حملے کے نتیجے میں ایران کے بہت سے فوجی رہنما جنہوں نے ملک کی ناقص اور غیر دانشمندانہ قیادت کی ہلاک کر دیئے گئے ہیں۔ ٹرمپ کی جانب سے شیئر کی گئی ویڈیو میں رات کے وقت میں بڑے دھماکے ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔ تاہم یہ واضح نہیں کہ یہ ویڈیو کہاں اور کب ریکارڈ کی گئی ہے۔ امریکی حکام کی جانب سے اس بارے میں مزید کوئی تفصیل فراہم نہیں کی گئی ہے جبکہ تہران نے بھی تاحال ٹرمپ کے دعوؤں پر کوئی ردعمل نہیں دیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ منگل کو ایران میں پل کا دن اور پاور پلانٹ کا دن ہوگا، ایران میں ایک ساتھ یہ کام مکمل کیا جائے گا۔ اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹرتھ سوشل پر ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کھول دو ورنہ تم جہنم جیسی صورت حال میں زندگی گزاروگے۔

بقیہ 3 — نوٹیفکیشن جاری
روشنی میں محکمہ داخلہ بلوچستان نے مارکیٹس، شادی ہالوں اور ریسٹورانٹس کے اوقات کار میں تبدیلی کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ بلوچستان حمزہ شفقات کے مطابق مارکیٹیں اور شاپنگ سینٹرز رات 8:00 بجے تک بند کردیے جائیں گے جبکہ دواخانے، تندور اور نانبائی اس پابندی سے مستثنیٰ ہیں۔ شادی ہال، ضیافت ہال اور ہوٹلوں میں ہونے والی تمام تقریبات رات 10:00 بجے تک ختم ہوں گی اور ریسٹورانٹس بھی رات 10:00 بجے بند کردیے جائیں گے۔ ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ان ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کرائیں گے اور کسی بھی خلاف ورزی پر متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی ہوگی۔ محکمہ داخلہ بلوچستان نے تمام ڈویژنل کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور پولیس افسران کو بھی ہدایت کی ہے کہ وہ فوری طور پر ان احکامات پر عملدرآمد یقینی بنائیں اور متعلقہ افراد کو مطلع کریں۔ حکومت بلوچستان نے عوام سے بھی درخواست کی ہے کہ وہ ان اقدامات میں حکومت سے تعاون کریں تاکہ توانائی کے بحران پر قابو پایا جاسکے اور عوام کو مؤثر ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو ریلیف کی فراہمی اور پیٹرولیم مصنوعات کی منصفانہ قیمتوں کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اور کڑی نگرانی کا نظام متعارف کرا رہی ہے۔ اس ضمن میں حکومت نے پیٹرول کی قیمتوں میں استحکام برقرار رکھنے اور گراں فروشی کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے خصوصی اقدامات کا آغاز کردیا ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں وزیر اعلیٰ نے بتایا کیا کہ عوامی شکایات کے اندراج اور ان کے فوری حل کے لیے ہیلپ لائن 1129 قائم کر دی گئی ہے، جہاں شہری پیٹرول کی مقررہ قیمتوں سے زائد وصولی یا کسی بھی قسم کی بدعنوانی کی شکایت درج کرا سکتے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ ہیلپ لائن چیف منسٹر سیکریٹریٹ اور محکمہ داخلہ کی نگرانی میں کام کرے گی تاکہ شکایات کے ازالے کا عمل شفاف اور مؤثر بنایا جاسکے

بقیہ 4 — امداد روانہ
، 7 ٹن ادویات اور 3 ٹن طبی سامان شامل ہے۔ میڈیا رپورٹ میں بتایا گیا کہ یہ کھیپ آذربائیجان کے صدر الہام علیوف کی ہدایت پر بھیجی گئی ہے تاکہ ہمسایہ اور دوست ایران کے لوگوں کی موجودہ ضروریات کو پورا کیا جاسکے۔ اس سے پہلے مارچ میں آذربائیجان نے ایران کو 10 ٹن آٹا، 6 ٹن چاول، 2.4 ٹن چینی، 4 ٹن سے زیادہ پانی اور تقریباً 600 کلوگرام چائے اور تقریباً 2 ٹن ادویات اور طبی سامان بھیجا ہے۔

بقیہ 5 — مزاحمتی گروپ
اسلامی مزاحمت کے نام سے مشہور گروپ کے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ کارروائیاں ہفتے کی صبح کی گئیں جس میں مختلف علاقوں میں امریکی اڈوں کو میزائلوں اور ڈرونز کے ذریعے نشانہ بنایا گیا۔ گروپ نے کہا کہ اس کے مسلح دستوں نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران درجنوں ڈرونز اور راکٹوں کا استعمال کرتے ہوئے 19 آپریشنز کیے ہیں۔ تاہم گروپ نے درست اہداف یا حملوں کے نتائج کی وضاحت نہیں کی۔

بقیہ 6 — اسٹیڈیم
بمباری کرکے ایران کا تاریخی اسٹیڈیم تباہ کردیا۔ اس اسٹیڈیم میں تاریخ ساز میچز ہوا کرتے تھے تاہم اب یہاں ہر طرف تباہی پھیلی ہوئی ہے۔ اس اسٹیڈیم کا افتتاح 1974 میں ایشین گیمز کے موقع پر کیا گیا تھا۔ یہاں والی بال، باسکٹ بال، آئس اسکیٹنگ اور گھڑ سواری کے مقابلے ہوا کرتے تھے۔ یہ کئی لحاظ سے ایرانی عوام کے لیے تاریخی اور ثقافتی حیثیت رکھتا تھا۔

بقیہ 7 — مہنگائی
اضافہ ہوگیا، مارکیٹ میں مختلف برانڈز کے گھی کنستر کے نرخ 7450 سے 7600 روپے تک پہنچ گئے ہیں۔ مارچ کے دوران سولہ کلو گھی کی قیمت میں مجموعی طور پر 500 روپے تک اضافہ ہو چکا ہے، پام آئل اور پٹرول نرخ بڑھنے سے گھی مزید مہنگا ہونے کا بھی خدشہ ہے۔ خیال رہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل سے زندگی کے ہر شعبے میں مہنگائی کا طوفان آتا ہے۔

بقیہ 8 — وزیراعظم
رپورٹ پیش کی۔ اجلاس کو سبسڈی فراہمی پر پیشرفت کے ساتھ ملک میں ایندھن کے ذخائر اور کھپت پر بھی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا مسافر بسوں کو ایک لاکھ روپے ماہانہ سبسڈی فراہم کی جارہی ہے جبکہ منی بس و ویگنوں کو 40 ہزار روپے ماہانہ اور مال بردار گاڑیوں کو 80 ہزار اور ڈیلیوری وینوں کو 35 ہزار روپے سبسڈی دی جارہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں اضافہ روکنے کے لیے ٹرکوں کو 70 ہزار روپے ماہانہ سبسڈی دی جا رہی ہے، نظام میں شفافیت کیلئے یہ رقوم ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے فراہم کی جارہی ہے۔ ان کا کہنا تھا بلوچستان حکومت نے قومی پیکیج کے لیے طے شدہ رقم جمع کرادی ہے جو قابل تحسین ہے، امید ہے باقی صوبے بھی اس پیکیج کے لیے جلد از جلد طے شدہ رقوم جمع کرائیں گے۔

بقیہ 9 — حملے کی تیاری
کا انتباہ جاری کردیا ہے۔ اسرائیلی فوج کے ترجمان کا کہنا تھا کہ لبنان شام سرحد پر المصنع کراسنگ کے علاقے کو خالی کیا جائے، المصنع کراسنگ کے قریبی ایم 30 ہائی وے پر آمد و رفت فوری روک دی جائے۔

بقیہ 10 — نکل آئے
تل ابیب کے مرکزی چوک پر جمع ہوگئے۔ مظاہرین نے ایران، لبنان، غزہ میں جنگ اور مغربی کنارے میں منظم تشدد روکنے کا مطالبہ کیا۔ مظاہرین کے مطالبات تھے کہ بمباری بند کی جائے بات کرو، جنگ ختم کرو، خبرایجنسی کے مطابق اسرائیلی پولیس نے ریلی روکنے کی کوشش کی، اس موقع پر پولیس اور مظاہرین میں جھڑپیں بھی ہوئیں۔ اسرائیلی پولیس نے کئی مظاہرین کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ 11 — اجازت دیدی
فوج کے خاتم الانبیا سینٹرل ہیڈکوارٹرز کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ عراق کو اس اہم آبی گزرگاہ میں خصوصی استثنیٰ دیا گیا ہے اور یہ سہولت دشمن ممالک کے علاوہ دیگر کے لیے محدود ہوگی۔ بیان میں عراق کی خودمختاری کا احترام کرتے ہوئے اس کی امریکا کے خلاف جدوجہد کو بھی سراہا گیا۔

بقیہ 12 — حملے کی مذمت
نے اقوام کے درمیان امن و استحکام اور باہمی احترام برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ 13 — جعفر مندوخیل
کا تسلسل برقرار رکھتے ہوئے بلوچستان کی عوام کو مسائل و مشکلات سے چھٹکارا دلائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما و سابق سیکرٹری اطلاعات بلوچستان ایڈووکیٹ میر فرید افغان پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر مسلم لیگ ن سبی ڈویژن کے ترجمان سینئر صحافی ظہور احمد مگسی بھی موجود تھے قبل ازیں ایڈووکیٹ فرید افغان و منیر احمد مسوری بگٹی نے پارٹی کی کارکردگی کارکنان کو درپیش مسائل سمیت عوامی مشکلات کے حوالے سے بھی آگاہی فراہم کرنے کے حوالے سے تفصیل آگہی فراہم کی اس موقع پر گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کا کہنا تھا کہ دلوں کے وزیراعظم و مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف کے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف سمیت مرکزی و صوبائی قائدین نے ہمیشہ بلارنگ و نسل عوام کی خدمت کو اپنا مقصد سمجھا وفاق کی نمائندہ کے طور پر اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے بلوچستان بھر کی عوام کی خدمت کا تسلسل برقرار رکھا ہے

بقیہ 14 — قیصر شیخ
نے امید ظاہر کی کہ یہ جنگ مزید دو ہفتوں سے زیادہ نہیں چلے گی، جنگ ختم ہوتے ہی عالمی حالات اور معیشت تیزی سے بہتری کی طرف گامزن ہوں گے۔ قیصر احمد شیخ نے انکشاف کیا کہ حکومت کو سخت معاشی حالات کے باعث ترقیاتی پروگرام کے فنڈز میں سے 100 ارب روپے مجبوراً ختم کرنا پڑے، یہ کٹوتی مالیاتی نظم و ضبط برقرار رکھنے کے لیے کی گئی ہے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ حکومت نے گزشتہ روز موٹر سائیکل سواروں کو مہنگے پیٹرول کے اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے خصوصی رعایت دی ہے

بقیہ 15 — پابندی لگادی
ای میل میں بتایا کہ یہ فیصلہ امریکی حکومت کی درخواست پر کیا گیا ہے۔ کمپنی کے مطابق اسے ہدایت دی گئی ہے کہ ایران اور مشرقِ وسطیٰ کے جنگ زدہ علاقوں کی سیٹلائٹ تصاویر کو غیر معینہ مدت تک روک دیا جائے۔ یہ پابندی دراصل پہلے سے جاری تاخیری پالیسی کا تسلسل ہے، جس کے تحت کمپنی نے ابتدائی طور پر 96 گھنٹے کی تاخیر متعارف کروائی تھی، جسے بعد میں بڑھا کر 14 دن کردیا گیا تھا۔

بقیہ 16 — حمیدہ سلیمانی
وزارت خارجہ کے حکام نے کہا کہ امریکا میں گزشتہ روز گرفتار کی گئی ایرانی خواتین کا شہید کمانڈر قاسم سلیمانی سے کوئی رشتہ نہیں ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے حکام کے مطابق امریکا میں ایک روز پہلے حمیدہ سلیمانی اور ان کی بیٹی کو گرین کارڈ منسوخ کرکے گرفتار کرلیا گیا تھا۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے اپنے پیغام میں حمیدہ سلیمانی کو ایرانی کمانڈر قاسم سلیمانی کی بھانجی بتایا تھا۔

بقیہ 17 — صوبائی وزیر داخلہ
نے کہا کہ اس وقت خطے میں جنگی صورتحال ہے اور ایک سازش کے تحت پاکستان کو بھی غیر مستحکم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے جب سے افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہورہی ہے اس وقت سے لیکر اب تک ہمارے 1 لاکھ کے قریب لوگ شہید ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے جس کو ہمارے دشمن اپنی ناکام سازشوں کے تحت نقصان پہنچانا چاہتے ہیں انڈیا نے افغانستان میں 18 قونصلیٹ کھولے تھے اور پاکستان نے بارہا افغان حکومت کو ان حالات کے حوالے سے سمجھانے کی کوشش کی ہے کہ وہ دہشت گردوں کا ساتھ چھوڑ دیں اور افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہونے دیں لیکن بدقسمتی افغان حکومت ملک و قوم کو ترقی دینے کی بجائے وہ دہشت گردوں کے ہاتھوں استعمال ہورہے ہیں افغانستان اپنے پراکسی پر پیسے خرچ کرکے پاکستان میں بدامنی پیدا کررہا ہے ہم نے افغانستان کے شر سے اپنی سرزمین کو محفوظ بنانا ہے کیونکہ افغانستان کے شر سے ہماری سرزمین محفوظ نہیں ہے افغان عوام سے ہمیں کوئی گلہ نہیں ہے، ہم نے ان کی ترقی و خوشحالی چاہتے ہیں اور افغانستان حکومت سے کہتے ہیں ہم جنگ نہیں چاہتے مگر جو پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھے گا اسے بھرپور جواب دیا جائے گا اور دشمن کو ایسا جواب دیں گے جسے یاد رکھیں گے انہوں نے کہا کہ کالعدم ٹی ٹی پی کے کئی کیس سامنے آئے ہیں اور اس صورتحال کے حوالے سے ہم اپنے عوام کو زمینی حقائق سے آگاہ کرنا چاہتے ہیں کہ افغان طالبان جنگجو صبغت اللہ گرفتار کیا گیا ہے جو صوبے میں دہشت گردی کی وارداتوں میں ملوث ہے

بقیہ 18 — پروازیں منسوخ
ہوگئیں۔ لاہور سے دبئی، ریاض، جدہ اور ابوظہبی کی 8 پروازیں منسوخ کی گئیں۔ ملتان سے دوحہ کے لیے غیر ملکی ایئرلائن کی 2 پروازیں منسوخ ہوئیں۔

بقیہ 19 — کمی کا مطالبہ
نہیں۔ خانزادہ محمود نے کہا کہ وزیراعظم نے پیٹرول کی قیمتوں میں 80 روپے کی کمی، ڈیزل کی قیمتوں میں بھی کمی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں، نوکری پیشہ بائیک کھڑی کر کے بسوں میں دھکے کھا رہا ہے۔

بقیہ 20 — شدید بارشیں
ہوگئے۔ پی ڈی ایم اے کی جانب سے 25 مارچ سے اب تک ہونے والی بارشوں کے باعث صوبے کے مختلف اضلاع میں جانی و مالی نقصانات سے متعلق اب تک کی رپورٹ جاری کر دی گئی۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق جاں بحق افراد میں 23 بچے، 17 مرد اور 5 خواتین جبکہ زخمیوں میں 45 مرد، 16 خواتین اور 44 بچے شامل ہیں۔ بارشوں کے باعث اب تک کی رپورٹ کے مطابق مجموعی طور پر 442 گھروں کو نقصان پہنچا جس میں 382 گھروں کو جزوی جبکہ 60 گھر مکمل طور پر منہدم ہوئے، یہ حادثات صوبہ کے مختلف اضلاع بنوں، ایبٹ آباد، مردان، باجوڑ، ہنگو، مہمند، کوہاٹ، شمالی وزیرستان، پشاور، خیبر، نوشہرہ، ڈیرہ اسماعیل خان، کرم، لکی مروت، شانگلہ، بٹگرام، لوئر کوہستان، مانسہرہ، طورغر، سوات، اپر دیر، چارسدہ، بونیر، ملاکنڈ، لوئر دیر، اورکزئی، جنوبی وزیرستان اور ٹانک میں پیش آئے۔ پی ڈی ایم اے، ریسکیو 1122، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ ادارے آپس میں رابطے میں ہیں اور امدادی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 21 — کئی گرفتار
کراچی سے رپورٹ ہوا ہے۔ پولیس نے احتجاج کو روکنے کے لئے کراچی پریس کلب کے اطراف رکاوٹیں کھڑی کرکے آمد و رفت مسدود کی لیکن احتجاج پھر بھی ہوگیا۔ کراچی میں پریس کلب پر جمع ہو کر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے، مہنگائی کیخلاف احتجاج کو روکا تو پی ٹی آئی کے کارکن فوارہ چوک پر جمع ہوگئے

بقیہ 22 — ایل پی جی سلنڈر
اور تمام افراد رکشے میں سوار ہو کر مظفر گڑھ سے ملتان آرہے تھے۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ حادثے میں سوار تمام افراد کو اسپتال منتقل کیا گیا جہاں 3 زخمی جان کی بازی ہار گئے جبکہ 14 افراد نشتر اسپتال میں زیرِ علاج ہیں۔

بقیہ 23 — عطا تارڑ
عزم کا اعادہ کیا ہے۔ لاہور میں ایسٹر کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا کہ ہمیشہ ہر فورم پر آواز اٹھائی کہ ہم مسیحی برادری کے حقوق کے محافظ ہیں، میری کوشش ہوتی ہے کہ ہر موقع پر مسیحی بہن بھائیوں کے ساتھ کھڑا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مسیحیوں کا بھی خون شامل ہے۔

بقیہ 24 — روانہ ہوگی
پر مسلم لیگ (ن) سعودی عرب کے عہدیداران نے وفاقی وزیر کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بتایا کہ اس سال حاجیوں کے لیے رہائش، کھانے پینے اور سفری سہولیات کو مزید بہتر بنایا گیا ہے جو سعودی وزارت برائے حج و عمرہ کے تعاون سے ممکن ہوا۔

بقیہ 25 — احسن اقبال
عوام کو مشکلات کا ادراک ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ ایران جنگ کے باعث عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے کا اثر ہے، ایرانی تیل تنصیبات پر گرنے والے میزائل دنیا کے 193 معیشتوں اور اربوں انسانوں کے روزگار پر گر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بھی اس عالمی صورت حال سے مستثنیٰ نہیں ہے، حکومت جنگ کے خاتمے کے لیے عالمی سطح پر فعال سفارتی کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاق اور صوبائی حکومتوں نے موٹر سائیکل سواروں، کسانوں اور پبلک ٹرانسپورٹ کے لیے ریلیف اقدامات کیے ہیں

بقیہ 26 — صوبہ بارشیں
کے علاقے گلی لوئی تیر میں بارش کے دوران ٹی مردان زئی شاہی خیل کا ایک 11 سالہ بیٹا 10 سالہ بیٹی اور ایک سال کی پوتی جاں بحق ہو گئے۔ کوئٹہ میں گزشتہ روز بھی بارش کے باعث جل تھل ہوگیا کلائمٹ چینج کے حوالے سے اچانک موسم ابر آلود ہونے اور تیز بارش کا سلسلہ کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں وقفے وقفے سے جاری، کوئٹہ میں موسم سرد ہو گیا، پشین، قلعہ سیف اللہ، لورالائی کے پہاڑی سلسلے میں بارشوں کی اطلاعات ہیں۔

بقیہ 27 — ختم کردیں
سینئر سٹیزنز، صحافیوں، ریٹائرڈ فوجی اہلکاروں، اے ایس ایف اسٹاف اور چیکوں کے ذریعے دی جانے والی تمام ڈسکاؤنٹس واپس لے لی ہیں۔ ایئرلائن انتظامیہ کی جانب سے اس فیصلے پر عملدرآمد کے لیے ملک بھر کے تمام ایئرپورٹس پر اسٹاف کو ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ ترجمان پی آئی اے نے بھی اس فیصلے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام اقسام کی رعایتیں عارضی طور پر ختم کر دی گئی ہیں اور یہ اقدام ایندھن کی قیمتیں معمول پر آنے تک برقرار رہے گا۔

بقیہ 28 — مدد کی اپیل
سے گزر رہی ہے۔ انتہاپسند طالبان حکومت نے افغانستان میں ہر جگہ اپنے جھنڈے لگا کر تسلط قائم کر رکھا ہے، طالبان رجیم کے زیر اقتدار افغانستان شدید بحران سے دوچار ہے اور جنگ کرنے کے قابل نہیں ہے۔ افغان شہری کے مطابق افغان طالبان رجیم نے چاہ بہار سے تجارتی راستہ بند کرلیا اور پاکستان سے بھی تعلقات خراب کرلیے، پاک فوج اور پاکستانی حکومت سے گزارش ہے کہ افغان طالبان رجیم کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کر دیں۔ عالمی ماہرین کے مطابق افغانستان میں غربت، بے روزگاری اور خوراک کی قلت نے افغان عوام کو پاکستان سے مدد مانگنے پر مجبور کردیا ہے افغان طالبان کے قبضہ کے بعد داخلی کمزوریوں اور معاشی دیوالیہ کے باعث افغانستان کی نام نہاد ریاست کا پول کھل چکا ہے

بقیہ 29 — شناخت ہوگئی
چٹی، بانک چڑھائی کے مقام سے ایک شخص کی گولیوں سے چھلنی نعش ملی جس کی شناخت شیخ سکنہ بلیدہ کے نام سے کی گئی نعش ہسپتال منتقل کردی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد شناخت کے لیے مردہ خانے میں رکھ دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 30 — پارلیمانی بورڈ تشکیل
محمد سہیل آفریدی پارلیمانی بورڈ کے چیئرمین ہوں گے۔ پارلیمانی بورڈ میں سپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی، اسد قیصر، علی امین خان، پارٹی چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان اور جنرل سیکرٹری علی اصغر خان شامل ہیں۔ اعلامیے کے مطابق بورڈ کے دیگر ارکان میں محمد عاطف خان، شاہد خان خٹک، صبغت اللہ خان اور علی خان جدون بھی شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق سابق صوبائی وزیر شوکت علی یوسفزئی نے بھی ضمنی الیکشن کے ٹکٹ کے لیے درخواست دے رکھی ہے۔

بقیہ 31 — خانوزئی
ہوئے ناکام بنادیا تاہم کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی پولیس کے مطابق گزشتہ روز خانوزئی این 50 سیکٹر قلعہ سیف اللہ بیٹ 1 موٹروے پولیس کے کیمپ پر نامعلوم دہشت گردوں نے حملہ کردیا ڈیوٹی پر معمور پولیس اہلکاروں نے بھرپور جوابی کارروائی کی تاہم حملے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا اور دہشت گرد فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق واقعہ کی اطلاع ملنے پر پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی بھاری نفری موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لیکر کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 32 — بختاور بھٹو
۔ بختاور بھٹو زرداری نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک بیان میں ایک صارف کے طنز پر جواب دیتے ہوئے کہا کہ میرے والد کا بیرون ملک کوئی بینک اکاؤنٹ نہیں، وہ اس دنیا کے چند رہنماؤں میں سے ہیں جن کی ساری دولت اور اثاثے فخر کے ساتھ اپنے وطن میں موجود ہیں۔

بقیہ 33 — حنیف عباسی
فری کردیا اور کیا کرے؟۔ ایک نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایران کی قیادت کی پہلی لہر گئی، دوسرا گیا، ساری کی ساری قیادت چلی گئی وہ تو جانوں کے نذرانے پیش کررہے ہیں تو آپ سے پیٹرول برداشت نہیں ہورہا، یہ ہم لوگ کیا بات کر رہے ہیں، یہ میں سب سے کہہ رہا ہوں، اپنے آپ سے کہہ رہا ہوں، اینکر سے کہہ رہا ہوں، اس اپوزیشن کو بھی کہہ رہا ہوں، دیکھیں نہ اگر میری جان ہی نہ رہے، میرا مال میرے پاس نہ رہے اور میری عزت نہ رہے تو میں نے کیا کرنا ہے، 4 ہفتوں میں حکومت نے عوام کو 130 ارب سبسڈی دی، پبلک ٹرانسپورٹ فری کردیا اور کیا کرے؟۔

بقیہ 34 — منی پٹرول پمپس
ضلعی انتظامیہ کے مطابق شہریوں کے استحصال کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی، اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی جاری رہے گی۔

بقیہ 35 — وزیراعلیٰ کے پی
لہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے قبائلی مشران کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ خطے میں امن کے لیے ان کی جدوجہد قابل تحسین ہے اور جس دانشمندی سے حالات کو سنبھالا گیا وہ قابل قدر ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن سب سے پہلے اور انتہائی ضروری ہے، اس کے بغیر ترقی و خوشحالی ممکن نہیں۔ سہیل آفریدی کا کہنا تھا کہ موجودہ صوبائی حکومت دیرپا امن کے قیام کے لیے کوشاں ہے اور صوبائی اسمبلی کے فلور پر تمام سیاسی جماعتوں اور مکاتب فکر کے رہنماؤں سے متعلقہ اعلامیہ بھی پیش کیا ہے۔ ان کے مطابق سب اس بات پر متفق ہیں کہ آپریشن مسئلے کا حل نہیں۔

بقیہ 36 — پیٹرولیم مصنوعات
سامنے مظاہرہ کیا گیا مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف نعرے درج تھے مظاہرے میں جمیل احمد مشوانی عبدالحمید منصوری سمیت دیگر بھی شریک تھے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ فارم 47 کے حکمرانوں نے اپنی شاہ خرچیاں بند کرنے کی بجائے عوام پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کئی سو گنا اضافہ کرکے پیٹرول بم گرایا حکمران اپنی عیاشیاں ختم کریں نہ کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں آئے روز اضافہ کرکے جینے کا حق چھینے انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی عوام پر حکمرانوں کی جانب سے مظالم کے خلاف آواز اٹھاتی ہے

بقیہ 37 — پیشگوئی
آفتاب کے وقت اس کی عمر اور بلندی ایسی ہوگی کہ اسے دیکھے جانے کا امکان موجود ہے۔

بقیہ 38 — بھتیجا قتل
جتلا کردیا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعہ آلتین میں پیش آیا جہاں کار جیکنگ کے دوران نامعلوم ملزمان نے عماد صدیقی کو گولی مار دی اور موقع سے فرار ہوگئے حملہ آور ایک کرسلر گاڑی میں سوار تھے۔ حکام کے مطابق قریبی سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے مشتبہ افراد کی شناخت کرلی گئی ہے جبکہ پاسادینا پولیس ڈیپارٹمنٹ ملزمان کی گرفتاری کے لیے متحرک ہے اور مختلف مقامات پر چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ 39 — میر سرفراز بگٹی
پیغام میں کہا کہ ایسٹر امید، نئی شروعات اور انسانیت کے لیے خیر خواہی کے پیغام کو عام کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں بین المذاہب ہم آہنگی اور سماجی یکجہتی کے فروغ کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور صوبے میں تمام مذاہب کے ماننے والوں کو یکساں مواقع اور مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اقلیتوں کی فلاح و بہبود کے لیے ترقیاتی اقدامات کے ساتھ ساتھ صوبے میں پہلا اقلیتی انڈوومنٹ فنڈ بھی قائم کیا جاچکا ہے انہوں نے کہا کہ بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام کے تحت میٹرک سے پی ایچ ڈی سطح تک اقلیتوں کے لیے خصوصی کوٹہ مقرر کیا گیا ہے تاکہ انہیں تعلیم کے میدان میں آگے بڑھنے کے مساوی مواقع فراہم کیے جاسکیں وزیراعلیٰ نے مسیحی برادری کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ ملک اور صوبے کی ترقی میں مثبت اور قابل قدر کردار ادا کر رہی ہے، جو قابل تحسین ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت اقلیتوں کے تحفظ، فلاح اور ترقی کے لیے ایک جامع اور مؤثر حکمت عملی پر عمل پیرا ہے اور ایک پرامن، ہم آہنگ اور ترقی یافتہ بلوچستان کے قیام کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 40 — پشتونخوامیپ
باوجود کسی بھی ضلع میں کام کا آغاز نہیں ہوسکا ہے جس پر پارٹی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حکومت کی نااہلی، غفلت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ حالیہ بارشوں سے ضلع ہرنائی کا رابطہ تمام ملک اور صوبے سے کٹ گیا ہے۔ 1886ء میں انگریز کی پہنچنے والا ریلوے لائن حکومت اور ان کی ایجنسیوں کی سازشوں سے بند ہے اور اس طرح کوئٹہ کچھ ہرنائی روڈ تمام کام فنڈز اور منظوری کے بعد شروع نہیں ہوا ہے اور آج حالت یہ ہے کہ تمام راستوں کی بندش سے خوراک کی سخت ترین قلت پیدا ہوگئی ہے اور صوبائی حکومت خواب خرگوش میں ہے۔ کئی سے کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہے اور نہ ہی ہنگامی بنیادوں پر راستہ کھولنے کا کوئی انتظام ہوا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہرنائی ندی نالوں کے کنارے آباد زرعی زمینیں کھڑی فصلوں کے ساتھ بہہ چکی ہیں اس طرح ہرنائی کی لسن الخیر کی فصل روڈوں کی بندش اور ژالہ باری سے تباہ ہوچکی ہے اور یہی صورتحال قلعہ سیف اللہ، لورالائی، زیارت، دکی، ژوب، پشین، قلعہ عبداللہ خان و دیگر علاقوں کی ہے جہاں کروڑوں روپے کے نقصانات ہوچکے ہیں۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ فوری طور پر ہرنائی کوئٹہ، ہرنائی سنجاوی پنجاب روڈ اور ہرنائی سبی ریلوے ٹریک پر مال گاڑی اور مسافر ٹرین بحال کیا جائے اور اس طرح صوبے کے تمام اضلاع میں ہونے والے نقصانات کا تخمینہ لگانے اور فوری ازالے کے لیے سروے کی منظوری کا آغاز کیا جائے۔

بقیہ 41 — ٹرک اونرز ایسوسی ایشن
درخشاں چیک پوسٹ اور سونا خان چیک پوسٹ پر گڈز ٹرانسپورٹروں کو چیکنگ کی آڑ میں ہیوی گاڑیوں کی ٹینکیوں سے استعمال ہونے والے ڈیزل کو نکالنے کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے حکومت اور متعلقہ حکام سے پرزور مطالبہ کیا کہ ہمیں ان چیک پوسٹوں سے نجات دلائی جائے اور ہماری ہیوی ٹرانسپورٹ مزدا ٹرک ٹرالر کے استعمال کی ٹینکیوں سے ڈیزل نکالنے کا سلسلہ بند کیا جائے اور ساتھ ہی وزیراعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کیا گیا کہ ہمارے ہیوی ٹرکوں کو صرف پولیس والے نہیں بلکہ دیگر ادارے بھی ہر چیک پوسٹ پر تنگ کرتے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان سے ہم پرزور اپیل کرتے ہیں کہ ہمیں کسٹم کے علاوہ باقی دیگر اداروں کی چیک پوسٹوں سے چیکنگ سے نجات دلائی جائے کیونکہ ہم نہ تو سمگلر ہیں اور نہ ہی غلط غیر قانونی کام پسند کرتے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان سے گزارش ہے کہ وہ ہمیں ایرانی تیل میں ریلیف دینے کے ساتھ کسٹم کے محکمہ کے علاوہ دیگر اداروں کا محتاج نہ بنائے۔

بقیہ 42 — بجلی کی عدم فراہمی
عوام کو بجلی کی فراہمی کیلئے سنجیدہ ہے ان کا مزید کہنا تھا کہ الیکٹرک کے عملے کو عوام کی مشکلات اور تکالیف کا احساس نہیں ہے علاقے مجبور ہو کر سڑکوں پر نکل کر احتجاج کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ اگر کے الیکٹرک نے اپنا رویہ نہ بدلا تو مزید سخت احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

بقیہ 43 — حسیم الرحمان خان ملاخیل
کے باوجود عوام کو ریلیف دینے کیلئے سنجیدہ اور عملی اقدامات کر رہی ہے صوبائی مشیر نے کہا کہ عالمی سطح پر مشرق وسطیٰ کی کشیدگی اور تیل کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ پاکستان جیسے درآمدی معیشت رکھنے والے ملک پر براہ راست اثر انداز ہو رہا ہے، جس کے باعث پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ ناگزیر ہو چکا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان اپنی 85 سے 90 فیصد توانائی کی ضروریات بیرون ملک سے پوری کرتا ہے، اسی لیے عالمی حالات کا اثر عوام تک براہ راست پہنچتا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت نے مشکل معاشی فیصلے کرنے کے ساتھ ساتھ عوام کو ریلیف دینے کیلئے بھی ٹھوس اقدامات کیے ہیں، جن میں مخصوص سبسڈی پروگرامز، عوامی نقل و حمل میں سہولیات، اور غریب طبقے کے لیے مالی معاونت شامل ہیں

بقیہ 44 — مرکزی انجمن تاجران
مارکیٹیں اور دکانیں رات 10 بجے جبکہ شادی ہال، ریسٹورنٹ اور ہوٹل رات 12 بجے بند کریں گے اگر ہمارے مطالبے پر عملدرآمد نہ کیا گیا تو ہم بلوچستان سمیت ملک بھر میں تاجروں کے ساتھ ملکر سخت احتجاج کریں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی اس موقع پر حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل، عمران ترین، سعد اللہ اچکزئی، ہاشم کاکڑ، ظفر کاکڑ، سید عبدالخالق آغا، محمد جان آغا درویش، عبدالغنی دمڑ، ودان علی کاکڑ، اللہ داد اچکزئی، اتحاد تاجران بلوچستان کے صدر حسن آغا، شاہ رضا، جہانگیر لانگو، نقیب اللہ کاکڑ سمیت دیگر کے ہمراہ اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران کیا

بقیہ 45 — ہدایت الرحمان بلوچ
اظہار کیا گیا۔ انہوں نے کرپشن اور مافیا کے راج پر بات کرتے ہوئے کہا کہ بدقسمتی سے گزشتہ کئی سالوں سے یہ پلانٹ ناکارہ پڑا ہوا تھا اور اس میں بدترین مالی کرپشن ہوئی ہے، جس میں بڑے مافیاز ملوث ہیں۔ نیب کی انکوائری اور حکومتی کمیٹیوں کے باوجود اب تک کوئی نتیجہ سامنے نہیں آیا، ذمہ داری ملنے کے بعد انہوں نے اس مسئلے کو صوبائی اسمبلی میں اٹھایا اور کہا کہ اربوں روپے خرچ ہونے کے باوجود اتنا بڑا قومی اثاثہ دانستہ طور پر ناکارہ بنا دیا گیا، سامان چوری ہوا اور ناقص کام کیا گیا، جبکہ کوئی مؤثر منصوبہ بندی نہیں تھی اور صرف کمیشن و کرپشن کا بازار گرم رہا۔

بقیہ 46 — نیشنل پارٹی
غیر قانونی طور پر حراست میں رکھا گیا، اس کی گرفتاری کو دانستہ طور پر پوشیدہ رکھا گیا، اور بعد ازاں اس کی موت کو خودکشی قرار دینا حقائق کو مسخ کرنے کی ایک ناکام کوشش ہے، جو پولیس کے کردار کو مشکوک بناتی ہے ترجمان نے کہا کہ پولیس حراست میں کسی بھی شہری کی موت براہ راست متعلقہ پولیس حکام کی ذمہ داری ہوتی ہے، جس سے کسی صورت انکار ممکن نہیں۔ اسرار احمد قلندرانی کی لاش پر موجود تشدد کے واضح نشانات اس بات کی علامت ہے کہ یہ ایک مشتبہ اور سنگین نوعیت کا واقعہ ہے، جسے محض خودکشی قرار دے کر دبانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بقیہ 47 — بابر یوسفزئی
شفاف طرز حکمرانی کے فروغ کیلئے سنجیدہ اور عملی اقدامات کررہی ہے ہیلپ لائن 1129 کا قیام اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ حکومت عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر کڑی نگرانی اور شکایات کے فوری ازالے کا مؤثر نظام عوام کے اعتماد میں اضافے کا باعث بنے گا اور ناجائز منافع خوری میں ملوث عناصر کے خلاف ایک مضبوط پیغام دے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان کا ٹارگٹڈ سبسڈی پروگرام مستحق طبقات کو براہ راست ریلیف فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے، جس سے عام آدمی کی مشکلات میں کمی آئے گی۔

بقیہ 48 — محمد عبدالقادر
متاثر کرتی ہے بلکہ کمانڈ اینڈ کنٹرول کے نظام میں بھی خلل ڈال سکتی ہے اسی لئے دنیا اس فیصلے پر توجہ دے کہ ٹرمپ نے ایسے حالات میں جرنیلوں کی برطرفی کا اقدام کیوں کیا ہے۔ برطرفیاں ممکنہ طور پر پالیسی اختلافات، جنگی حکمت عملی پر تناؤ، یا سیاسی قیادت کی جانب سے مکمل کنٹرول حاصل کرنے کی کوشش کا نتیجہ ہو سکتی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے مزید کہا ہے کہ اس تناظر میں عالمی برادری اس بات پر بھی غور کرے کہ کہیں امریکی صدر ٹرمپ ایران کے خلاف کسی انتہائی اقدام، حتیٰ کہ جوہری آپشن کے استعمال پر غور تو نہیں کررہے

بقیہ 49 — جمعیت نظریاتی
اور سامراجی قوتیں عالم اسلام کی معیشت، دفاعی قوت، امن و استحکام اور ترقی و خوشحالی چھیننا چاہتی ہیں عالمی استعمار کے ظلم و جبر سے دنیا میں دو ارب آزاد مسلمان سیاسی، معاشی استحصال کا سامنا کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کے اجتماعی مسائل، مسلم اقوام و ممالک کی خودمختاری اور باوقار حیثیت بحال کرنے کیلئے مسلم ممالک کے مابین اتحاد اور بہتر تعلقات کی ضرورت ہے اسلامی ممالک کے درمیان معیشت و تجارت اور سرمایہ کاری، صنعت کے فروغ سے خطے میں ترقی کا دور شروع ہوگا سفارتی تعلقات استوار کرنے سے انسانی، بحران اور معاشی مسائل کا حل ممکن ہے اور ہمسایہ ممالک کے مابین بہتر برادرانہ تعلقات سے اقتصادی منصوبوں کی تکمیل ہوگی

بقیہ 50 — وزیر داخلہ
کی عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے، جس سے نبرد آزما ہونے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اس موقع پر مقامی افسران اور قبائلی عمائدین بھی موجود تھے۔

بقیہ 51 — ساگر کمار
کمشنر کا کہنا ہے کہ کسی بھی علاقے میں قانون کی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی، اور جو افراد اس غیر قانونی سرگرمی میں ملوث پائے گئے ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ضلعی ٹیمیں مختلف دیہات اور زرعی زمینوں کا معائنہ کر رہی ہیں، جہاں پوست کی کاشت کی نشاندہی کرکے اسے تلف کیا جا رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مقامی زمینداروں اور کاشتکاروں کو بھی آگاہی دی جا رہی ہے کہ وہ ایسی فصلوں سے اجتناب کریں جو قانوناً ممنوع ہیں

بقیہ 52 — مولانا عبدالرحمان رفیق
نے مہنگائی اور بے روزگاری میں اضافے کے تمام سابق ریکارڈ توڑ دیے ہیں۔ اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں غریب اور متوسط طبقے کی قوتِ خرید سے کہیں زیادہ بڑھ چکی ہیں جس کے باعث عام آدمی کی زندگی شدید مشکلات کا شکار ہو گئی ہے۔ ظالمانہ اور غیر مؤثر معاشی پالیسیوں کے نتیجے میں غریب مزید غربت کی دلدل میں دھکیلا جا رہا ہے جبکہ متوسط طبقہ بھی تیزی سے معاشی عدم استحکام کا شکار ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ نے ملک کے ہر شہری کو براہ راست متاثر کیا ہے۔ جس کے اثرات ٹرانسپورٹ، اشیائے ضروریہ اور دیگر بنیادی ضروریات کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے کی صورت میں سامنے آ رہے ہیں دوسری جانب منافع خور اور ذخیرہ اندوز مافیا نے حکومتی رٹ کی کمزوری سے فائدہ اٹھاتے ہوئے عوام کا استحصال شروع کر رکھا ہے

بقیہ 53 — زرمبادلہ کے ذخائر
کیلئے معاونت کا حجم دوگنا کرنے کی درخواست کی گئی ہے تاہم سولر پراجیکٹس، ٹیکسٹائل، سیاحت، لیدر، فارما، منرلز میں سرمایہ کاری اور موخر ادائیگی پر تیل حاصل کرنے کیلئے رقم کا دورانیہ بڑھا کر دوگنا کرنے پر بات چیت کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں موجودہ سعودی عرب کے ڈیپازٹ کو بھی ڈیفنس پیکٹ کا حصہ بنانے پر بات چیت جاری ہے تاہم سعودی عرب کے ساتھ بات چیت جاری ہے لیکن تاحال فائنل ڈرافٹ سائن نہیں ہوا تاہم مجموعی طور پر سعودی عرب کے ساتھ 5 ارب ڈالر کیلئے پروپوزل پر ڈسکشن ہورہی ہے

بقیہ 54 — عبداللہ بادینی
تمام مارکیٹیں، دکانیں اور ڈیپارٹمنٹل اسٹورز رات 8 بجے بند کیے جائیں گے، جبکہ شادی ہالز اور ریسٹورنٹس رات 10 بجے بند ہوں گے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ان حکومتی فیصلوں پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ توانائی کے استعمال میں کمی لائی جا سکے اور موجودہ بحران پر قابو پایا جاسکے انہوں نے مزید کہا کہ خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، لہٰذا تمام تاجر برادری اور متعلقہ افراد حکومتی احکامات کی مکمل پاسداری کریں انہوں نے کہا کہ شہر میں توانائی کے مؤثر استعمال اور نظم و ضبط کو برقرار رکھنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ 55 — مولانا عبدالمالک
رہی ہیں اس کے باوجود انتظامیہ اور پولیس کے جانب سے ان کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکامی سوالیہ نشان ہے اس واقعے سے ثابت ہوتا ہے کہ کوئٹہ جیسے مرکزی شہر میں عوام کے جان و مال اور قانونی روزگار بھی محفوظ نہیں رہا ہے پولیس کے اندر مخصوص ٹولوں کا مقصد شاید صرف شریف شہریوں کو تنگ کرنا اور افغان مہاجرین، ڈبل سواری اور موٹر سائیکل کے کاغذات کے نام پر لوگوں کو پکڑنا اور پھر سیدھے طور پر پیسے لے کر چھوڑ دینے کے کھیل کو جاری رکھنا ہے ورنہ کوئٹہ اتنا بڑا شہر نہیں ہے کہ اس کے اندر قدم قدم پر تھانوں اور پولیس کی بھاری نفری کے ہوتے ہوئے شہر کے وسط میں جرائم پیشہ گروہ اس طرح سرعام اور دیدہ دلیری کے ساتھ کارروائی کرکے بحفاظت چلا جائے انہوں نے کہا ہے کہ نیو سریاب تھانے کے لاک اپ میں قیدی اسرار قلندرانی کی موت کا مشکوک واقعہ بھی پولیس کی اہلیت اور فرائض کی ادائیگی میں پیشہ ورانہ مہارت کی کمزوری کا اظہار ہے

بقیہ 56 — نور احمد کاکڑ
نے ڈیزل کی قیمتیں برقرار رکھنے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر حکومت عوام کو ریلیف دینا چاہتی ہے تو ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کرے پٹرول کا استعمال ملک میں 10 فیصد جبکہ ڈیزل 90 فیصد استعمال ہوتا ہے ہیوی ٹرانسپورٹ میں ہے اگریکلچر میں بڑے صنعتوں میں ڈیزل کی قیمت کم کرنے سے عوام کو ریلیف ملتا ہے ڈیزل کی قیمتیں بڑھنے سے مہنگائی کا ایک طوفان برپا ہوگا اس سلسلے میں صوبہ بلوچستان اور ملک بھر کے ٹرانسپورٹ یونینز نے متفقہ فیصلہ کیا ہے کہ ٹرک ٹرانسپورٹ بھی 60 فیصد کرائے بڑھائیں گے تو لہذا صوبے کے تمام ٹرانسپورٹرز اس پر پابندی سے عمل کریں اجلاس میں ٹرانسپورٹروں نے گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے صوبے کی شاہراہوں پر پولیس کی کارروائیوں کا نوٹس لینے کے اقدام کو سراہا ہم توقع کرتے ہیں محکمہ کسٹم کے سوائے کسی ادارے کو یہ اختیار نہیں ہونا چاہیے کہ وہ بلوچستان کی قومی شاہراہوں پر چیکنگ یا کارروائیاں کرے اس سے یقیناً خصوصاً ٹرک ٹرانسپورٹرز کو بلوچستان میں سامان کی ترسیل آسان ہوگی

بقیہ 57 — آٹے کی نقل و حمل
حاصل بحث کی گئی۔ شرکاء کی جانب سے حکومت پنجاب کی گزشتہ سال کی گندم کی پالیسیوں اور احکامات کو خصوصی طور پر زیر بحث لایا گیا۔ تمام صوبوں سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخواہ بشمول پنجاب کی جانب سے حکومت پنجاب کی پالیسیوں پر شدید تحفظات کا اظہار کیا گیا۔ پنجاب حکومت نے آئین کے آرٹیکل 151 کی صریحاً خلاف ورزی کرتے ہوئے گندم اور آٹے کی صوبائی نقل و حمل کو محدود کیا اور مانیٹرنگ کے نام پر چیک پوسٹس بنائی گئیں۔ اور ان چیک پوسٹوں پر سارا سال رشوت خوری کا بازار گرم رہا۔ حکومت پنجاب کی ان امتیازی پالیسیوں کے باعث صوبہ خیبر پختونخواہ اور صوبہ بلوچستان کے عوام مہنگے داموں آٹا خریدنے پر مجبور ہوئے۔ وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ اور وفاقی وزیر خزانہ بارہا اس بات کا اعلان کرچکے ہیں کہ حکومت کا گندم کی مارکیٹ میں نہ ہونے کے برابر کردار ہوگا۔

بقیہ 58 — بخت محمد کاکڑ
دہشتگردی کے خاتمے کیلئے دعا کریں بلوچستان حکومت نے ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل کیا ہے، پاکستان واحد ملک ہے جہاں تمام مذاہب کے ماننے والوں کو یکساں مواقع اور مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے اقلیتوں کی فلاح و بہبود کے لیے ترقیاتی اقدامات کے ساتھ ساتھ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں پہلا اقلیتی انڈوومنٹ فنڈ قائم کیا گیا ہے بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام میں میٹرک تا پی ایچ ڈی اقلیتوں کے لیے خصوصی کوٹہ مقرر ہے صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ بلوچستان میں بین المذاہب ہم آہنگی اور سماجی یکجہتی کے فروغ کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں حکومت اقلیتوں کے تحفظ، فلاح اور ترقی کے لیے مؤثر حکمت عملی پر عمل پیرا ہے

بقیہ 59 — انجینئر زمرک خان اچکزئی
ہوئے ہیں، وہاں کے عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا اور ان کی بحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے مشکل کی اس گھڑی میں عوام کے ساتھ کھڑے رہنا ہماری اولین ذمہ داری ہے انہوں نے ضلعی انتظامیہ، ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اطہر رشید اور ان کی پوری ٹیم کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ متعلقہ ادارے بارشوں کے موقع پر ہمہ وقت الرٹ رہے اور بروقت موقع پر پہنچ کر ریسکیو کارروائیوں میں بھرپور حصہ لیا۔ انہوں نے اس بات کو بھی سراہا کہ متاثرہ علاقوں میں فوری طور پر راشن اور دیگر ضروری امداد پہنچا کر لوگوں کی مدد کی گئی، جو قابل تحسین اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع قلعہ عبداللہ میں اس وقت متعدد اہم ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے، جن میں ڈی سی کمپلیکس، جوڈیشل کمپلیکس، جوار کالونی، پچاس بیڈڈ ہسپتال سمیت ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) کے دفاتر اور رہائش گاہیں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل سے نہ صرف سرکاری امور میں بہتری آئے گی بلکہ عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی بھی یقینی بنائی جاسکے گی۔ انجینئر زمرک خان اچکزئی کا کہنا تھا کہ ان ترقیاتی اسکیمات کی تکمیل سے ضلع قلعہ عبداللہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا اور علاقے میں روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے

بقیہ 60 — میر رحمت صالح
جس کے نتیجے میں کھڑی فصلیں مکمل طور پر تباہ ہوگئی ہیں جبکہ گھریلو و زرعی استعمال کے لیے نصب سولر سسٹم کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس قدرتی آفت نے زمینداروں کی سال بھر کی محنت کو چند لمحوں میں خاک میں ملا دیا جس کے باعث مقامی زمیندار شدید مالی بحران کا شکار ہوگئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجگور کے عوام پہلے ہی سرحدی بندش اور ایران جنگ کے باعث سنگین معاشی مشکلات سے دوچار ہیں جہاں روزگار کے مواقع محدود ہونے کے باعث فاقہ کشی جیسی صورتحال پیدا ہوچکی ہے۔ میر رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ حالیہ بارشوں اور ژالہ باری نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے

بقیہ 61 — جرگوں کا انعقاد
ہوشاب، دشت، پنجگور، توکنڈئی، خاران، دالبندین، ماشکیل اور منڈ سمیت مختلف علاقوں میں منعقد کیے گئے، جہاں مقامی عمائدین، نوجوانوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ان نشستوں کا بنیادی مقصد عوام سے براہ راست رابطہ قائم کرنا، ان کے مسائل سننا اور موقع پر ہی ان کے حل کیلئے عملی پیش رفت کو یقینی بنانا تھا۔ کھلی کچہریوں کے دوران شہریوں نے صحت، تعلیم، پینے کے صاف پانی، سیکیورٹی اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق اپنے مسائل اور تحفظات پیش کیے، جن کے حل کیلئے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے فوری اقدامات اور مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی گئی۔

بقیہ 62 — پذیرائی
پاکستانی دفتر خارجہ نے چیلنجز کے باوجود ڈائیلاگ اور سفارت کاری کے لیے عزم کا اظہار کیا گیا ہے۔ فرسٹ پوسٹ کے مطابق مصر، ترکیہ اور سعودی عرب نے بھی امریکہ ایران رابطے میں پاکستان کے قائدانہ کردار کو سراہا ہے، چاروں ممالک کے وزرائے خارجہ کے اجلاس سے بھی پاکستان نے سفارتی کامیابی حاصل کی اور ایران بھی مطمئن رہا۔ بھارتی جریدہ کے مطابق ایران نے پاکستانی جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت دے کر پاکستان پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 63 — سنگین چیلنج
مشتمل دہشت گرد گروہ پاک افغان سرحد پر بڑا خطرہ بن چکا، جس کا بنیادی ہدف پاکستانی ریاست اور اس کے ادارے ہیں، فارن پالیسی نے اقوام متحدہ کی حالیہ رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ صرف فتنہ الخوارج کے تقریباً 6,000 جنگجو افغانستان میں موجود ہیں، اور اس کے علاوہ ایک درجن سے زائد دہشت گرد گروہوں کے جنگجو بھی فعال ہیں

بقیہ 64 — تجارتی سرگرمیوں
کی مسلسل آمد اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ بندرگاہ بتدریج علاقائی تجارت کا اہم مرکز بنتی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پورٹ پر جدید سہولیات، بہترین آپریٹرز اور بہتر لاجسٹک نظام کے باعث بین الاقوامی تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ چیئرمین نورالحق بلوچ کا کہنا تھا کہ گوادر پورٹ نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے لیے تجارتی راہداری کی حیثیت اختیار کررہی ہے اور مستقبل میں کارگو ہینڈلنگ اور ٹرانزٹ ٹریڈ کے مزید مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سرمایہ کاروں اور تجارتی کمپنیوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرکے گوادر پورٹ کو فعال اور مصروف بندرگاہ بنایا جائے گا۔ ترجمان جی پی اے کے مطابق کارگو کی ان لوڈنگ کا عمل مقررہ شیڈول کے مطابق جاری ہے جبکہ بندرگاہ پر تجارتی سرگرمیوں کو مزید وسعت دینے کے اقدامات بھی جاری ہیں

بقیہ 65 — دہشتگردی کیخلاف
کی جانب سے فیول پاس کے اجرا کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے، جو صرف اصل مالک کے شناختی کارڈ کی بنیاد پر جاری کیا جائے گا۔ اس اقدام کا مقصد پیٹرول کی غیر قانونی خرید و فروخت اور جرائم کے سدباب کو یقینی بنانا ہے انہوں نے کہا کہ ضلع بھر میں ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے عملے کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ وہ اس حوالے سے آگاہی مہم بھی چلائیں اور شہریوں کو مکمل رہنمائی فراہم کریں تاکہ وہ بروقت اپنی گاڑیوں کی رجسٹریشن اور ٹرانسفر کا عمل مکمل کرسکیں۔ ڈی جی ایکسائز نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ قانون کی پاسداری کرتے ہوئے اپنی گاڑیوں کو فوری طور پر اپنے نام منتقل کروائیں اور محکمہ کے ساتھ تعاون کریں، بصورت دیگر خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 66 — خواجہ آصف
سے نمٹنے کے لیے کئی کھرب روپے کی ضرورت پڑے گی۔ خواجہ محمد آصف نے مزید کہا کہ شہر کے مسائل حل کر رہے ہیں، اہم شاہراہوں پر تجاوزات کے خاتمے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آئندہ 3 سال میں شہر کی شکل و صورت میں واضح تبدیلی آئے گی۔ اگلے الیکشن میں ایسی رپورٹ کارڈ لائیں گے جس میں ملک ترقی کی راہوں پر گامزن ہوگا۔

بقیہ 67 — رحیم آغا
دکاندار کرایہ دار تاجروں کے دیرینہ مسائل کو حل کو یقینی بناتے ہوئے ایرانی پیٹرول کی قیمت میں مزید کمی کرکے تاجروں اور عوام کو ریلیف دیا جائے تاجروں کے گوداموں پر غیر قانونی چھاپوں کی روک تھام کی جائے اگر ہمارے مطالبات پر عملدرآمد نہ کیا گیا تو ہم بلوچستان بھر میں شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال کرتے ہوئے قومی شاہراہوں کو بند کریں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو اپنے دیگر ساتھیوں ولی افغان ترین، حاجی ظہور کاکڑ، اسد خان ترین سمیت دیگر عہدیداروں کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں بلوچستان کے تاجر مختلف مسائل سے دوچار ہیں

بقیہ 68 — میٹروپولیٹن کارپوریشن
ر پر ہر قسم کی تجارتی سرگرمیوں اور دکانوں کی تعمیر پر پابندی نافذ العمل ہوگی اور آئندہ احکامات تک برقرار رہے گی۔ اعلامیہ میں واضح کیا گیا ہے کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے درج ذیل سڑکوں پر کسی بھی قسم کے کاروباری منصوبے، تعمیرات یا این او سی جاری نہیں کیا جائے گا جن میں اسکلب روڈ، کوئٹہ زرغون روڈ شامل ہے مزید برآں تمام متعلقہ محکموں اور انکروچمنٹ ونگز کو ہدایت جاری کی گئی ہے کہ وہ عدالت عالیہ کے احکامات پر سختی سے اور فوری عملدرآمد یقینی بنائیں۔ حکام کے مطابق یہ فیصلہ شہر کی نو تعمیر شدہ سڑکوں کے تحفظ اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے ایک اہم اقدام ہے، جس سے شہری انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 69 — صادق سنجرانی
ماننے والوں کو اپنے عقائد کے مطابق عبادت اور تہوار منانے کی مکمل آزادی حاصل ہے۔ مسیحی برادری نے ملک کی تعمیر و ترقی، تعلیم، صحت اور سماجی خدمات کے شعبوں میں ہمیشہ قابل قدر کردار ادا کیا ہے، جسے قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ میر اعجاز خان سنجرانی نے مزید کہا کہ ایسٹر کا پیغام امن، محبت اور ایثار کا درس دیتا ہے، اور آج کے دور میں ہمیں ان اقدار کو اپنانے کی اشد ضرورت ہے تاکہ معاشرے میں ہم آہنگی اور استحکام کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے دعا کی کہ یہ دن ملک میں امن، خوشحالی اور بھائی چارے کا باعث بنے اور تمام پاکستانیوں کے لیے ترقی و کامیابی کی راہیں ہموار ہوں۔ انہوں نے آخر میں ایک بار پھر مسیحی برادری کو ایسٹر کی دلی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ 70 — پی ٹی آئی
پورے ملک کی طرح جعلی حکومت کی عوام دشمن پالیسوں، پیٹرول میں ظالمانہ اضافہ و مہنگائی کیخلاف پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے زیر اہتمام بھی تمام ڈسٹرکٹس و تحصیلوں کے پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرے کیے گئے اس سلسلے میں کوئٹہ پریس کو پولیس کی بھاری نفری نے گھیرا ہوا تھا لیکن پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کی قیادت کے علاقے اور پرامن احتجاج پر پولیس نے دھاوا بول کر پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کوئٹہ ڈویژن کے صدر اور دیگر بے گناہ کارکنان کو پولیس نے ظالمانہ انداز میں گرفتار کیے پاکستان تحریک انصاف کی قیادت اور کارکنان کو فوری طور رہا کیا جائے بصورت دیگر صوبہ گیر احتجاج ہوگا

بقیہ 71 — سینیٹر روبینہ خالد
بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام بلا امتیاز مستحقین کی خدمت جاری رکھے ہوئے ہے، اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسٹر ہمیں انسانیت، خدمت اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد کا کہنا تھا کہ آئین پاکستان تمام شہریوں کو مذہبی آزادی کی ضمانت دیتا ہے، ملک میں امن، اتحاد اور ترقی کے لیے سب کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 72 — نصر اللہ خان زیرے
نے پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے، جبکہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہر شعبہ زندگی کو براہ راست متاثر کرتا ہے اور اس کے نتیجے میں اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کرنے لگتی ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ موجودہ حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ آئے روز پٹرول، ڈیزل اور دیگر اشیاء کی قیمتوں میں اضافے کے ذریعے عوام پر پیٹرول بم گرایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ظالمانہ مہنگائی کے خلاف آواز بلند کرنا وقت کی اہم ضرورت بن چکی ہے اور پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ہر سطح پر عوام کے حقوق کی حفاظت کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے پارٹی کے زیر اہتمام پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف شروع کی جانے والی احتجاجی تحریک کو کامیاب بنانے کے لئے تمام کارکنوں، عہدیداروں اور عوام سے اپیل کی کہ وہ بھرپور انداز میں جلسوں، جلوسوں اور مظاہروں میں شرکت کریں

ایسٹر رواداری اور بھائی چارے کے فروغ کا درس دیتا ہے، میر سرفراز بگٹی

یہ تہوار امن، محبت اور انسان دوستی کے فروغ کی علامت ہے، جو ایک مہذب اور پرامن معاشرے کی بنیاد ہے، پیغام

بلوچستان میں اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، ایسٹر کے موقع پر مسیحی برادری کو مبارکباد

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایسٹر کے پرمسرت موقع پر مسیحی برادری کو دلی مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ تہوار امن، محبت اور انسان دوستی کے فروغ کی علامت ہے انہوں نے کہا کہ ایسٹر ہمیں رواداری، باہمی احترام اور بھائی چارے کی اقدار کو مزید مضبوط بنانے کا درس دیتا ہے، جو ایک مہذب اور پرامن معاشرے کی بنیاد ہیں وزیراعلیٰ نے اپنے .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کراچی، جج کو دھمکی آمیز خط ملنے کے واقعے کی تحقیقات کیلئے 4 رکنی ٹیم تشکیل

کراچی (آئی این پی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ایپلٹ کونسل لوکل گورنمنٹ کے چیئرمین کو دھمکی آمیز خط ملنے کے واقعے کی تحقیقات کے لئے 4 رکنی ٹیم تشکیل دیدی گئی۔ تحقیقاتی ٹیم میں ڈی ایس پی پریڈی عارف شامل ہیں

خضدار: ٹریفک حادثہ موٹر سائیکل سوار جاں بحق

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) خضدار کے علاقے نال میں حادثے سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق ہو گیا پولیس کے مطابق گزشتہ شب خضدار کے علاقے نال میں حادثے کے دوران ابراہیم سکنہ قلات ہلاک ہوگیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے۔

بارشوں کے باعث کھڑی فصلیں و باغات تباہ ہو چکے، پشتونخوا میپ

متاثرہ علاقوں سے رابطے منقطع، سڑکیں بند خوراک کی قلت پیدا ہو گئی ہے

حکومت خواب خرگوش میں مبتلا، متاثرین کی کوئی شنوائی نہیں ہو رہی، مرکزی سیکرٹریٹ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ صوبے بھر اور خصوصاً جنوبی پشتونخوا کے اکثر اضلاع میں ژالہ باری اور سیلابی ریلوں کے باعث کھڑی فصلیں اور باغات تباہ ہو چکے لیکن حکومت کی جانب سے اقدامات نظر نہیں آ رہے لوگوں کا کوئی پرسان حال نہیں اور اسی طرح 2022ء میں زرعی زمین کھڑی فصلیں سیلاب برد ہوئی تھیں لیکن تا حال ورلڈ بنک اور دیگر بین الاقوامی اداروں کی امداد کے .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت بروری، درخشاں اور سونا خان چیک پوسٹوں سے نجات دلائے، نور محمد شاہوانی

ہیوی گاڑیوں کی ٹینکیوں سے ڈیزل کو نکالنے کا نوٹس لیا جائے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن آل بلوچستان مزدہ ٹرک گڈز اونرز ایسوسی ایشن کا مشترکہ اجلاس جس کی صدارت حاجی نور محمد شاہوانی نے کی اجلاس میں حاجی روزی خان مندوخیل حاجی ظاہر شاہ یوسف زئی حاجی خدا داد شاہوانی حاجی محمد امین سالائی آل بلوچستان مزدہ ٹرک گڈز اونرز ایسوسی ایشن بابو جان ریکسانی قدیم لالا عبدالحق مینگل محمد یونس پٹھان اور دیگر ٹرانسپورٹرز نے شرکت کی اجلاس میں بروری روڈ چیک پوسٹ .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

بجلی کی عدم فراہمی، مکینوں کا احتجاج، ساکران روڈ بند، ٹریفک معطل

بھاری بھرکم بل ادا کرنے کے باوجود بجلی کی سہولت سے محروم ہیں، نوٹس لیا جائے، مظاہرین

حب (آن لائن) مری چوک ساکران روڈ لیبر کالونی کے رہائشیوں نے بجلی کی عدم فراہمی کے خلاف احتجاجاً ساکران جانے والی سڑک روڈ بلاک کردی مظاہرین نے کے الیکٹرک کے خلاف سخت نعرے بازی کی مظاہرین کا کہنا تھا لیبر کالونی، ٹیکسی ٹاؤن اور ملحقہ علاقوں گزشتہ 15 گھنٹوں سے بجلی کی فراہمی بند ہے اور کے الیکٹرک کا عملہ بجلی کو بحال کرنے میں ناکام ہے مکینوں کا کہنا تھا علاقے کے عوام بجلی بھاری بھرکم بل ادا کر رہے ہیں اور کے الیکٹرک .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت آئی ایم ایف پروگرام کے تحت سخت فیصلے کر رہی ہے، نسیم الرحمان ملاخیل

پاکستان اس وقت مشکل مرحلے سے گزر رہا ہے، تاہم حکومت عوام کو ریلیف دینے کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہے، صوبائی مشیر ماحولیات

عالمی سطح پر مشرق وسطیٰ کی کشیدگی اور تیل کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے سے پاکستان براہ راست متاثر ہو رہا ہے

بلوچستان کے عوام مایوس نہ ہوں، حکومت و ریاستی ادارے ملکر پاکستان کو معاشی استحکام کی طرف لے جا رہے ہیں، اپیل

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت ایک مشکل معاشی مرحلے سے گزر رہا ہے جہاں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور قیمتوں نے عام آدمی کی زندگی متاثر کی ہے، تاہم حکومت تمام حالات .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ڈی سی مہراللہ بادینی لاک ڈاؤن سے متعلق ریسٹورنٹ ایسوسی ایشن و شادی ہال مالکان کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کورونا کے بعد ایک بار پھر غلط فیصلے دانشمندی نہیں، عبدالرحیم کاکڑ

حکومتی سمارٹ لاک ڈاؤن کا فیصلہ قبول نہیں، لوگوں کا ذریعہ معاش، تجارت و کاروبار سے وابستہ ہے، مرکزی انجمن تاجران

پہلے ہی مہنگائی، بیروزگاری، بدامنی، بارڈرز کی بندش کے باعث کاروبار نہ ہونے کے برابر ہے، حضرت علی اچکزئی، یاسین مینگل

حکومت نے جنگی حالات کو جواز بنا کر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر کے مہنگائی کا بوجھ غریب عوام پر ڈال دیا، رہنماؤں کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مرکزی انجمن تاجران رجسٹرڈ بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ نے وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے موجودہ صورتحال میں مارکیٹوں کو 8 بجے، ہوٹل، شادی ہالز کو رات 10 بجے بند کرنے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: انجمن تاجران کے صدر رحیم آغا و دیگر پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

گوادر، مولانا ہدایت الرحمان کا سرکاری ڈیسالینیشن پلانٹ کا دورہ

پلانٹ کئی سالوں سے ناکارہ پڑا اس میں بدترین مالی کرپشن ہوئی ہے، ایم پی اے

آتشزدگی کے واقعہ کا فوری نوٹس اور شفاف انکوائری کرائی جائے، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے گوادر میں کاروات کے مقام پر قائم سرکاری ڈیسالینیشن پلانٹ کا دورہ کیا واضح رہے کہ مذکورہ پلانٹ میں گزشتہ شب پراسرار طور پر آگ لگائی گئی تھی اس موقع پر انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پلانٹ کی ناکامی اور حالیہ آتشزدگی پر سخت برہمی کا......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

اسرار احمد قلندرانی کی پولیس حراست میں ہلاکت قابل تشویش ہے، نیشنل پارٹی

نوجوان کی موت کو خودکشی قرار دینا حقائق مسخ کرنے کی ناکام کوشش ہے، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے جاری بیان میں نوجوان اسرار احمد قلندرانی کی پولیس حراست میں ہلاکت کو انتہائی تشویشناک اور باعث تشویش قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ واقعہ صرف سنگین سوالات کو جنم دے رہا ہے بلکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر بھی بڑا سوالیہ نشان ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ نوجوان کو مبینہ طور پر......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

ہیلپ لائن 1129 کا قیام خوش آئند ہے، بابر یوسفزئی

حکومت گرانفروشی کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے، معاون برائے محکمہ داخلہ

کوئٹہ (آن لائن) معاون برائے محکمہ داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی منصفانہ قیمتوں کو یقینی بنانے اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کیلئے ہیلپ لائن 1129 کے قیام کے اقدام کو سراہتے ہوئے اسے ایک بروقت اور عوام دوست فیصلہ قرار دیا ہے انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں صوبائی حکومت عوامی ریلیف کی فراہمی، گرانفروشی کے خاتمے اور......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

اقوام متحدہ ایران امریکہ کشیدگی میں کمی لائے، محمد عبدالقادر

ٹرمپ کے کسی انتہائی اقدام کے نتائج تباہ کن ثابت ہوں گے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ امریکی صدر ٹرمپ کی جانب سے ایران کے خلاف جاری کشیدگی کے دوران اعلیٰ فوجی جرنیلوں کی برطرفی نے عالمی سطح پر شدید تشویش کو جنم دیا ہے یہ اقدام ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مشرق وسطیٰ پہلے ہی غیر یقینی صورتحال اور ممکنہ جنگی پھیلاؤ کے خطرات سے دوچار ہے جنگ کے دوران اعلیٰ عسکری قیادت میں اچانک تبدیلی نہ صرف فوجی حکمت عملی کو......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

مسلم ممالک او آئی سی اجلاس طلب اور مشترکہ لائحہ عمل طے کریں، جمعیت نظریاتی

سامراجی قوتیں عالم اسلام کی معیشت، دفاعی قوت، امن و استحکام اور ترقی و خوشحالی چھیننا چاہتی ہیں، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین

ہمسایہ ممالک کے مابین بہتر برادرانہ تعلقات سے اقتصادی منصوبوں کی تکمیل ممکن ہے، مولانا عبدالرؤف، نجیم خان ایڈووکیٹ، مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان ایڈووکیٹ نائب امیر مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ استعماری......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت سانحہ پشین کے متاثرین کو انصاف دلائے گی، صوبائی وزیر داخلہ

3 افراد کے قتل میں ملوث ظالموں کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے، میر ضیاء لانگو

عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے، لواحقین سے اظہار تعزیت کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو گزشتہ روز پشین پہنچے جہاں انہوں نے رشتے کے تنازعے پر قتل تین افراد کے لواحقین سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی اور احتجاجی کیمپ میں متاثرین سے ملاقات کی وزیر داخلہ نے واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اس کیس میں متاثرین کو انصاف دلانے اور ظالموں کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے گی ریاست ہمیشہ مظلوم کے ساتھ کھڑی ہے اور کھڑی رہے .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

پوست کاشت کرنیوالوں کیخلاف کارروائی ہوگی، ڈی سی قلعہ سیف اللہ

ضلع بھر میں منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا، ساگر کمار

قلعہ سیف اللہ (خ ن) قلعہ سیف اللہ میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے انسداد پوست (افیون) مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر ساگر کمار کی سربراہی میں ضلعی افسران مختلف علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں اور غیر قانونی پوست کی کاشت کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہے ہیں۔ اس مہم کے تحت انتظامیہ نے "زیرو ٹالرنس پالیسی" نافذ کر دی ہے، جس کا مقصد ضلع بھر میں پوست کی غیر قانونی کاشت کو مکمل طور پر ختم کرنا ہے۔ ڈپٹی......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

حکمرانوں نے مہنگائی کے تمام سابق ریکارڈ توڑ ڈالے، جمعیت

اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں غریب عوام کی پہنچ سے دور نکل گئی ہیں، مولانا عبدالرحمان رفیق

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مرکزی مجلس فقہی کے سربراہ و ضلعی سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مدنی، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد، حاجی نعمت اللہ اچکزئی اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ بے رحم حکمرانوں .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

زرمبادلہ کے ذخائر بڑھانے کیلئے متبادل منصوبے پر کام کا آغاز

سعودی عرب کو مزید ڈیپازٹ، موخر ادائیگی پر تیل کی سہولت کیلئے حجم دوگنا کرنیکی درخواست

موجودہ سعودی عرب کے ڈیپازٹ کو بھی ڈیفنس پیکٹ کا حصہ بنانے پر بات چیت جاری ہے، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے زرمبادلہ کے ذخائر بڑھانے کیلئے متبادل منصوبے پر کام شروع کر دیا۔ وزارت خزانہ کے مطابق یورو بانڈز اور یو اے ای کو ادائیگی کے بعد زرمبادلہ ذخائر کو مستحکم کرنے کیلئے مختلف تجاویز پیش کی گئیں جبکہ زرمبادلہ ذخائر بڑھانے کیلئے سعودی عرب کو مزید ڈیپازٹ کیلئے درخواست بھی دی گئی۔ حکومتی ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ موخر ادائیگی پر تیل کی سہولت .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان جنگ رکوانے کیلئے مثبت کردار ادا کر رہا ہے، علامہ طاہر اشرفی

لاہور (آئی این پی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل علامہ طاہر اشرفی نے کہا ہے کہ پاکستان جنگ رکوانے کے لیے مثبت کردار ادا کر رہا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امت کا اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پاکستان کی ثالثی کی کوششیں جاری ہیں اور ایران نے پاکستان کی ثالثی کی کوشش پر پاکستان زندہ باد کہا ہے۔

پشین: وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو یار و دھرنے کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

ڈی سی کوئٹہ کی زیر صدارت سمارٹ لاک ڈاؤن کے حوالے سے اجلاس

مارکیٹیں، دکانیں، اسٹورز رات 8، شادی ہالز اور ریسٹورنٹس 10 بجے بند ہوں گے، مہراللہ بادینی

خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت شہر میں سمارٹ لاک ڈاؤن کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس میں شہر میں توانائی کے حالیہ بحران کے پیش نظر اہم فیصلے کیے گئے اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل)، تمام متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز، انجمن تاجران کے نمائندگان، موبائل ایسوسی ایشن، شادی ہال مالکان، ڈیپارٹمنٹل اسٹورز مالکان، ریسٹورنٹ مالکان اور دیگر متعلقہ افراد نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کوئٹہ شہر کی .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں بدامنی پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، جے یو آئی پی

ٹیوب ویلز پر فائرنگ اور بے گناہوں کا جاں بحق ہونا قابل مذمت ہے، مولانا عبدالمالک

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالمالک اور صوبائی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر حفیظ الرحمن کھوسہ حاجی امین اللہ امین مولانا محمد اقبال عثمانی مولانا عبدالغنی ساسولی اور مولانا امان اللہ کرگنازئی نے اپنے مشترکہ بیان میں کوئٹہ شہر میں ایک ہی دن متعدد ٹیوب ویلز پر فائرنگ اور اس کے نتیجے میں بے گناہ افراد کی جاں بحق اور زخمی ہونے کے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب ٹیوب ویلز مالکان کو پہلے ہی دھمکیاں ملتی .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت ڈیزل کی قیمتوں میں بھی کمی کا اعلان کرے، گڈز ٹرک ٹرانسپورٹ

ڈیزل کی قیمتیں بڑھنے کے باعث آج سے کرایوں میں 60 فیصد اضافے کا اعلان کرتے ہیں، نور احمد کاکڑ

کسٹم کے علاوہ کسی ادارے کو یہ اختیار نہیں کہ وہ قومی شاہراہوں پر چیکنگ کرے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان گڈز ٹرک ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر نور احمد کاکڑ کی صدارت میں ٹرانسپورٹرز کا اجلاس تیل مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے حوالے سے ہوا جس میں تمام مرکزی نمائندے اور ٹرک مالکان نے شرکت کی اجلاس میں ٹرانسپورٹروں نے ملک میں تیل مصنوعات خصوصاً ڈیزل کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافے کا شدید الفاظ میں مذمت کی اور حکومت کی جانب سے پیٹرول کی قیمتوں میں 80 روپے فی لیٹر کمی کر......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب حکومت گندم اور آٹے کی نقل و حمل محدود کرنے سے باز رہے

گذشتہ سال ایسا کر کے آئین کے آرٹیکل 151 کی خلاف ورزی کی گئی، بدر الدین

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن سینٹرل کمیٹی کا ورچوئل اجلاس سینٹرل چیئرمین بدر الدین کاکڑ کی سربراہی میں لاہور آفس میں منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں چاروں صوبائی چیئرمین، ممبران سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی اور پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کے سینئر راہنما آن لائن شریک ہوئے۔ مرکزی رہنما اور گروپ لیڈر عاصم رضا احمد نے اجلاس میں خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں ملک بھر میں آٹے اور گندم کی مجموعی صورت حال، گندم کی نئی فصل اور فلور ملز کی خریداری اور صوبائی حکومتوں کی جانب سے گندم کی خریداری کی پالیسیوں پر سر......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی ایم جمالی، مسلح افراد نے گندم کٹائی کرنے والی مشین کو بارودی مواد سے اڑا دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب گندم کی کٹائی کرنے والی مشین کو بارودی مواد سے اڑا دیا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب ربی چھتر پولیس تھانے کی حدود گزشتہ شب پنجاب سے گندم کٹائی جوئی بیٹ مشین اور ٹریکٹر کو نامعلوم مسلح افراد نے مبینہ طور پر دھماکہ خیز مواد کے دھماکے کر دیا جس سے کروڑوں روپے مالیت کی مشینری جل کر تباہ ہو گئی واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی اور تحقیقات شروع کر دی گئی جبکہ متاثرین نے پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لا کھڑا کیا جائے

ایسٹر رواداری اور بھائی چارے کا پیغام ہے، بخت محمد کاکڑ

مسیحی برادری ملکی ترقی میں مثبت کردار ادا کر رہی ہے، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے ایسٹر کے موقع پر مسیحی برادری کو دلی مبارکباد، امن و محبت کے فروغ کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسٹر ہمیں رواداری، باہمی احترام اور بھائی چارے کی اقدار کو مضبوط بنانے کا درس دیتا ہے مسیحی برادری ملک و صوبے کی ترقی میں مثبت کردار ادا کر رہی ہے، ان کی خدمات قابل تحسین ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ایسٹر امید، نئی شروعات اور انسان دوستی کے پیغام کو عام کرنے کا موقع ہے، اس موقع پر کرسچین کمیونٹی ملک کی استحکام......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: متحدہ ڈیسٹ چرچ میں پادری صاحبان بشیر ایسٹر کی عبادت کروا رہے ہیں

عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے بلاتعطل جدوجہد جاری ہے، عوامی نیشنل پارٹی

بارشوں سے متاثرہ علاقوں کے عوام تنہا نہیں بلکہ انکی بحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں گے، انجینئر زمرک خان اچکزئی

بارشوں کے دوران ڈی سی قلعہ عبداللہ سمیت متعلقہ ادارے الرٹ رہے اور بروقت پہنچ کر ریسکیو کارروائیوں میں حصہ لیا، مرکزی رہنما

میزئی اڈہ (نامہ نگار) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ عوام کی ترقی، خوشحالی اور بنیادی مسائل کے حل کیلئے ان کی جدوجہد بلاتعطل جاری ہے اور وہ ہر ممکن وسائل بروئے کار لا کر ضلع بھر میں ترقیاتی عمل کو تیز تر بنانے کیلئے کوشاں ہیں انہوں نے ضلع قلعہ عبداللہ میں حالیہ بارشوں کے نتیجے میں متاثرہ علاقوں کے حوالے سے کہا کہ جن علاقوں میں نقصانات......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار کی داتا دربار پر حاضری

اسلام آباد (آئی این پی) نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار نے داتا دربار پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی، سیکرٹری اوقاف احسان بھٹہ نے مزار پر جاری ترقیاتی کاموں پر بریف کیا۔ اسحاق ڈار نے دربار کی تعمیر و ترقی کے کام پر نظر رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ جولائی میں عرس سے قبل تعمیراتی کام مکمل کیا

بارشوں سے متاثرہ علاقوں کو آفت زدہ قرار دیا جائے، میر رحمت صالح

طوفانی بارشوں اور ژالہ باری نے زمینداروں کی محنت کو لمحوں میں خاک کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے پنجگور سمیت صوبے کے مختلف اضلاع میں حالیہ شدید بارشوں اور ژالہ باری سے ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر گہرے افسوس اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ متاثرہ علاقوں کو فوری طور پر آفت زدہ قرار دیا جائے انہوں نے کہا کہ ضلع پنجگور کے مختلف علاقوں ناگری، دشت، شہباز، ڈاک، کچک، گیل سوراپ اور دیگر علاقوں میں غیر معمولی بارشوں اور ژالہ باری نے بڑے پیمانے پر تباہی مچائی ہے .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

ایف سی (ساؤتھ) نے 48 کھلی کچہریوں اور جرگوں کا انعقاد کیا

مقصد عوامی مسائل کا براہ راست جائزہ لے کر فوری حل کیلئے مؤثر اقدامات کرنا تھا

یہ جرگے جنوبی بلوچستان میں انتظامیہ کے تعاون سے مارچ کے دوران منعقد کیے گئے

چاغی (این این آئی) ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے جنوبی بلوچستان میں ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے مارچ 2026 کے دوران مختلف علاقوں میں 48 کھلی کچہریوں اور جرگوں کا انعقاد کیا، جن کا مقصد عوامی مسائل کا براہ راست جائزہ لے کر ان کے فوری حل کیلئے مؤثر اقدامات کرنا تھا۔ جاری کردہ رپورٹ کے مطابق یہ کھلی کچہریاں اور جرگے تربت، بلیدہ، .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

خلیجی جنگ کے خاتمہ کیلئے پاکستان کی مخلصانہ سفارتی کوششوں کی عالمی سطح پر پذیرائی

بھارتی جریدے فرسٹ پوسٹ نے بھی ایران کو مشکل صورتحال سے نکالنے کیلئے پاکستان کی مخلصانہ کوششوں کا اعتراف کر لیا

یہ ایک مخلص بھائی اور خود غرض موقع پرست ہندوتوا زدہ بھارت کے درمیان فرق ہے، جسے ایران کو سمجھنا چاہئے، ماہرین

اسلام آباد/نئی دہلی (م ڈ) خلیجی جنگ کے خاتمے کے لیے پاکستان کی مخلصانہ سفارتی کوششوں کی پذیرائی دنیا بھر میں ہوتی نظر آرہی ہے اور امریکہ اسرائیل جنگ بندی کیلئے پاکستان کے بطور ثالث سامنے آنے کو دنیا بھر میں بھرپور طور پر سراہا جا رہا ہے۔ بھارتی جریدے فرسٹ پوسٹ نے بھی ایران کو مشکل صورتحال سے نکالنے کیلئے پاکستان کی مخلصانہ کوششوں کا اعتراف کر لیا۔ فرسٹ پوسٹ کے مطابق .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

میزئی اڈہ: پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک اچکزئی سے پیر علیزئی میں مختلف عمائدین ملاقات کر رہے ہیں

بسیمہ، تیز رفتار گاڑی الٹنے سے 1 شخص جاں بحق، 3 افراد زخمی

کوئٹہ (آن لائن) بسیمہ کے علاقے میں تیز رفتار گاڑی الٹنے سے ایک شخص جاں بحق جبکہ 3 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بسیمہ کے علاقے میں تیز رفتار گاڑی ڈرائیور سے بے قابو ہو کر الٹ گئی جس کے نتیجے میں 1 شخص جاں بحق جبکہ 3 افراد زخمی ہوگئے۔ زخمیوں اور نعش کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔

افغانستان میں بین الاقوامی دہشتگردوں کا اثر و رسوخ خطے کیلئے سنگین چیلنج

35 ہزار جنگجوؤں پر مشتمل دہشتگرد گروہ پاک افغان سرحد پر بڑا خطرہ بن چکا

افغان طالبان رجیم اور فتنہ الخوارج گٹھ جوڑ افغانستان کو خانہ جنگی کی طرف دھکیل رہا ہے، امریکی جریدہ

کوئٹہ (این این آئی) افغانستان میں بین الاقوامی دہشت گرد گروہوں کا بڑھتا اثر و رسوخ، خطے کیلئے سنگین چیلنج بن گیا امریکی جریدے فارن پالیسی نے افغان طالبان رجیم اور فتنہ الخوارج کا نظریاتی گٹھ جوڑ ایک بار پھر دنیا کے سامنے بے نقاب کر دیا امریکی جریدے فارن پالیسی کے مطابق فتنہ الخوارج، القاعدہ کی ایک عسکری اتحادی تنظیم ہے، اپنے نظریات اور فکری بنیادوں میں افغان طالبان رجیم سے گہری ہم آہنگی رکھتی ہے، 30 سے 35 ہزار جنگجوؤں .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

توبہ اچکزئی: 7 ملزمان گرفتار، مسروقہ سامان اور اسلحہ برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پولیس کے عملے نے توبہ اچکزئی کے علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے 7 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے مسروقہ موٹر سائیکلیں، سولر، بیٹریاں، پینل برآمد کر کے اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز پولیس نے توبہ اچکزئی کے علاقے میں چوروں اور ڈاکوؤں سمیت جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 7 افراد کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے ایک کلاشنکوف، بھاری مقدار میں راؤنڈ، 4 مسروقہ موٹر سائیکلیں، 4 سولر بیٹریاں اور پینل برآمد کر لئے گرفتار ملزمان میں 2 ملزمان پولیس کو مختلف مقدمات میں مطلوب تھے مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

گوادر پورٹ پر تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ

ایک اور جہاز 14,629 میٹرک ٹن ٹرانس شپمنٹ کارگو لئے بندرگاہ پر لنگر انداز

گوادر (یو این اے) گوادر پورٹ پر تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ جاری ہے، جہاں ایک اور کارگو جہاز ایم وی ریوا گلوری (MV Riva Glory) مجموعی طور پر 14,629 میٹرک ٹن ٹرانس شپمنٹ کارگو لے کر بندرگاہ پر لنگر انداز ہوا ہے۔ گوادر پورٹ ترجمان کے مطابق جہاز کے ذریعے مختلف اقسام کا تجارتی سامان گوادر پورٹ پہنچایا گیا، چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گوادر پورٹ پر کارگو جہازوں .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

مری میں لینڈ سلائیڈنگ کے باعث صورتحال سنگین

مری (بیورو رپورٹ) لینڈ سلائیڈنگ کے باعث صورتحال سنگین، درجنوں درخت گر گئے جبکہ گزشتہ کئی روز سے مٹی کے تودے گرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ مختلف علاقوں میں متعدد گھروں کی دیواروں، چھتوں اور برآمدوں میں بڑے شگاف پڑ گئے ہیں جس سے مکینوں میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ انتظامیہ کے مطابق متاثرہ علاقوں سے رہائشیوں کی ساز و سامان سمیت ہنگامی نقل مکانی شروع کر دی گئی ہے۔

نان رجسٹرڈ اور نان ٹرانسفرڈ، وہیکلز کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

مقصد پیٹرول کی غیر قانونی خرید و فروخت اور جرائم کا سدباب یقینی بنانا ہے

کوئٹہ (آن لائن) ڈائریکٹر جنرل ایکسائز بلوچستان کی ہدایت پر صوبہ بھر میں غیر رجسٹرڈ اور بغیر ٹرانسفر شدہ موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ وہ تمام شہری جن کی گاڑیاں اوپن ٹرانسفر لیٹر پر چل رہی ہیں یا تاحال اپنے نام منتقل نہیں کرائی گئیں، فوری طور پر محکمہ ایکسائز میں رجوع کریں۔ ڈی جی ایکسائز نے کہا کہ موجودہ سسٹم کو شفاف بنانے اور غیر قانونی استعمال کی روک تھام کے لیے حکومت .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت نے دوبارہ فالس فلیگ آپریشن کیا تو کولکتہ تک پہنچ کر آئیں گے، خواجہ آصف

ایران اسرائیل جنگ کے اثرات کا سامنا کرنا پڑے گا، ان سے نمٹنے کے لیے کئی کھرب روپے کی ضرورت پڑے گی

بھارت حواس باختہ ہو چکا، گلے الیکشن میں ایسی رپورٹ لائیں گے جس میں ملک ترقی کی راہوں پر گامزن ہوگا، وزیر دفاع

سیالکوٹ (آئی این پی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بھارت بوکھلاہٹ کا شکار اور حواس باختہ ہو چکا ہے۔ سیالکوٹ ضلع میں ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ بھارت نے دوبارہ پہلگام جیسا فالس فلیگ آپریشن کیا تو کولکتہ تک پہنچ کر آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایران اسرائیل جنگ کے اثرات کا سامنا کرنا پڑے گا، ان .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی، بخت محمد کاکڑ، سردار عمر گورگیج، یونس عزیز زہری و دیگر میر ظہور بلیدی کی جانب سے دیئے گئے عشائیے میں شریک ہیں

سمارٹ لاک ڈاؤن مسترد، حکومت مشاورت کے بعد فیصلے کرے، رحیم آغا

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی کا نیا طوفان برپا، تاجروں کو دیوار کے ساتھ لگانے کی کوششیں جاری ہیں، انجمن تاجران بلوچستان

دکانیں رات ساڑھے 9 اور ہوٹل، ریسٹورنٹ، شادی ہال رات 12 بجے تک کھولنے کی اجازت دی جائے، رہنماؤں کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا نے حکومت کی جانب سے موجودہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے لاک ڈاؤن کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ تاجر برادری کو مارکیٹیں اور دکانیں رات ساڑھے 9 بجے اور ہوٹل، ریسٹورنٹ اور شادی ہالز رات 12 بجے تک کھولنے کی اجازت دے اور تاجروں کے ساتھ مشاورت سے فیصلے کئے جائیں اور میٹرو پولیٹن کارپوریشن کے 980 .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

قلعہ سیف اللہ: ڈی سی ساگر کمار و دیگر انسداد پوست مہم کا آغاز کر رہے ہیں

شہر کی اہم شاہراہوں پر تجارتی سرگرمیوں پر پابندی عائد

دکانوں کی تعمیر پر پابندی اور کوئی کاروباری سرگرمی نہیں ہوگی، نوٹیفکیشن

فیصلہ عدالتی احکامات اور نئی تعمیر شدہ سڑکوں کی حفاظت کیلئے کیا، ایم سی کیو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے جاری ایک نوٹیفکیشن کے مطابق بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات کی روشنی میں شہر کی اہم شاہراہوں پر تجارتی سرگرمیوں پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ ترجمان کے مطابق یہ اقدام آئینی درخواست نمبر 824/2016 میں عدالت عالیہ کے مورخہ 12 مارچ 2026 کے احکامات اور نئی تعمیر شدہ سڑکوں کے تحفظ سے متعلق ہدایات کے تسلسل میں اٹھایا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے تحت فوری طو......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

سوات، کالام آنے والے سیاحوں سے نکاح نامہ طلب کرنے والے پولیس اہلکار معطل

سوات (آئی این پی) کالام آنے والے سیاحوں سے نکاح نامہ طلب کرنے کے واقعے کا ڈی پی او سوات نے فوری نوٹس لے لیا۔ سوات: کالام آنے والے سیاحوں سے نکاح نامہ طلب کرنے کے واقعہ کا ڈی پی او سوات نے فوری نوٹس لے لیا۔ سوشل میڈیا پر وائرل پوسٹ کے بعد انچارج چوکی کیدام سمیت تین پولیس اہلکاروں کو فوری طور پر معطل کر دیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق واقعہ کی حقائق جاننے کے لیے ایس پی ایر سوات شوکت علی کو انکوائری افسر مقرر کیا گیا ہے اور انہیں دو روز کے اندر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

ایسٹر قربانی اور انسانیت سے محبت کا پیغام دیتا ہے، صادق سنجرانی

یہ مقدس تہوار باہمی احترام، رواداری اور بھائی چارے کے فروغ کی تلقین ہے

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) سابق چیئرمین سینٹ آف پاکستان ایم پی اے جانی محمد صادق سنجرانی نے مسیحی برادری کو ایسٹر کے پرمسرت موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسٹر خوشی، امید، قربانی اور انسانیت سے محبت کا پیغام دیتا ہے۔ یہ مقدس تہوار ہمیں باہمی احترام، رواداری اور بھائی چارے کو فروغ دینے کی تلقین کرتا ہے۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان ایک کثیر المذہبی اور کثیر الثقافتی معاشرہ ہے جہاں تمام مذاہب کے......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

لسبیلہ: نوجوان نے گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کر لی

حب (آن لائن) بیلہ میں نوجوان پھندا ڈال کر خودکشی کر لی پولیس ذرائع کے مطابق بیلہ ریسٹ ہاؤس آچرہ محلے کا رہائشی 25 سالہ نوجوان جمیل احمد نے گلے میں پھندا ڈال کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا پولیس نے نعش تحویل میں لے کر سول ہسپتال بیلہ منتقل کر دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثا کے حوالے کر دیا نوجوان کی خودکشی کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی بیلہ پولیس واقعے کے محرکات معلوم کرنے کے مزید تفتیش شروع کر دی۔

عارف کاکڑ سمیت تمام گرفتار کارکنان کو رہا کیا جائے، پی ٹی آئی

عدم رہائی کی صورت میں صوبہ بھر کو احتجاج کرتے ہوئے بلاک کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے بیان میں کہا گیا کہ عارف خان کاکڑ اور دیگر گرفتار کارکنان کو فوری طور پر رہا کیا جائے بصورت دیگر صوبہ گیر احتجاج ہوگا مہنگائی کیخلاف پرامن احتجاج میں سیاسی قیادت کی گرفتاری کی بھرپور مذمت کرتے ہیں سیاسی قیادت کی جمہوری نظام میں گرفتاری جمہوریت کے منہ پر امریت کا طمانچہ ہے پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ مذمتی بیان میں کہا گیا کہ .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

چمن: نامعلوم افراد کی فائرنگ 1 شخص قتل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چمن کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز چمن کے علاقے روغانی روڈ پر نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کی شناخت عنایت کے نام سے ہوئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

مسیحی برادری کی خدمات قابل تحسین ہیں، سینیٹر روبینہ خالد

مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دینا وقت کی ضرورت ہے، چیئرپرسن بی آئی ایس پی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) سینیٹر روبینہ خالد نے مسیحی برادری کو ایسٹر کی دلی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایسٹر محبت، قربانی اور امید کا پیغام دیتا ہے۔ ایسٹر کے موقع پر بی آئی ایس پی کی جانب سے جاری بیان میں سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ پاکستان میں تمام مذاہب کے ماننے والوں کو برابر حقوق حاصل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسیحی برادری کی ملکی ترقی اور فلاح میں خدمات قابل تحسین ہیں۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ باہمی احترام، رواداری اور ہم آہنگی کو فروغ دینا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ عوام دشمنی پر مبنی ہے، پشتونخوا نیپ

حکمرانوں کی ناقص معاشی پالیسیوں اور غیر ذمہ دارانہ فیصلوں نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا، نصر اللہ زیرے، اللہ نور خان

پارٹی مشکل کی گھڑی میں ساتھ کھڑی رہے گی، عوام و کارکنان احتجاجی تحریک کامیاب بنانے میں کردار ادا کریں، فقیر خوشحال کاسی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے، صوبائی سینئر نائب صدر اللہ نور خان اور صوبائی سیکرٹری فقیر خوشحال کاسی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں ملک بھر میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ ہوشربا اضافے کو عوام دشمن اقدام قرار دیتے ہوئے شدید مذمت کی ہے انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کی ناقص معاشی پالیسیوں اور غیر ذمہ دارانہ فیصلوں .... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر